جھوٹے نبی

طلوع اسلام کے بعد سے عہد حاضر تک گمراہی کے اندھیرے
پھیلانے والے جھوٹے نبیوں اور مہدیوں کا عبرت ناک انجام

بہاء اللہ کے ہر قول پر آمنا و صدقنا کہنے پر پوری طرح آمادہ تھا۔ اس شخص کو میرزا آقا جان کاشانی کہتے تھے۔ آقا جان بہاء اللہ کو "من یظہرہ اللہ" کا دعویٰ کرنے کی ترغیب دینے لگا۔ چنانچہ بہاء اللہ کی طرف سے بھی اس دعویٰ کے آثار نمایاں ہونے لگے۔ آخر ایک دن برملا کہنے لگا کہ میں ہی "من یظہرہ اللہ" اور قوموں کا موعود اور نجات دہندہ ہوں۔ روساء و قدمائے بابیوں نے بہاء اللہ کو بہتیرا سمجھایا کہ اس دعویٰ سے دستبردار ہو جائے لیکن اس نے ایک نہ سنی۔ آخر خود صبح ازل نے بہاء اللہ سے کہا کہ باب نے بیان میں بوضاحت لکھ دیا ہے کہ میرا مذہب اطراف واکناف ملک میں پھیل جائے گا اور میرے پیروکار صاحب حکومت ہوں گے۔ تب کہیں سال غیاث یا مستغاث میں "من یظہرہ اللہ" ظہور کرے گا۔ اور ابھی ان میں سے کوئی بات پوری نہیں ہوئی اس لیے تمہارا دعویٰ جھوٹا ہے۔ مگر بہاء اللہ پر عظمت واقتدار کا بھوت سوار تھا۔ اپنی ضد سے باز نہ آیا۔ اس اثناء میں تمام بابی بغداد سے قسطنطنیہ بھیج دیئے گئے اور چار مہینہ کے بعد انہیں موخر الذکر مقام سے ادرنہ (اڈرنوپل) کو منتقل کر دیا گیا۔

خدا کا اوتار ہونے کا دعویٰ

ادرنہ پہنچ کر اس نے اسلامی اور غیر اسلامی ممالک میں خطوط و اشتہارات بھیج بھیج کر اپنا پروپیگنڈا شروع کر دیا۔ وہ من یظہرہ اللہ ہونے کے دعویٰ کے ساتھ اس بات کا بھی مدعی تھا کہ خدا کی روح اس میں حلول کر گئی ہے۔ اس پروپیگنڈا کا یہ اثر ہوا کہ بابی لوگ دھڑا دھڑ بہاء اللہ کے دائرہ ارادت میں داخل ہونے لگے۔ اور صبح ازل کی طرح اس کی بھی ایک جماعت بن گئی۔ مثل مشہور ہے کہ ایک میان میں دو تلواریں اور ایک اقلیم میں دو بادشاہ نہیں سما سکتے۔ صبح ازل اور بہاء اللہ کے پیروؤں میں تصادم شروع ہوا اور دونوں جماعتیں ایک دوسرے کے خون کی پیاسی ہوئیں لیکن ان میں سے بہائی بڑے تیز نکلے۔ انہوں نے اپنے دشمنوں کو نیچا دکھانے کے لیے وہی طور طریقے اختیار کیے جو کسی زمانہ میں ان کے پیش رو باطنیوں نے اسلام کے خلاف استعمال کر رکھے تھے۔ ازلی مؤرخوں کے بیان کے بموجب صبح ازل کے تمام مشہور حامیوں کی فہرست تیار کی گئی اور دنیا کو ان کے خارجود سے پاک کر دینے کا فیصلہ کر لیا گیا۔ چنانچہ اس فیصلہ کے بموجب بغداد میں ملا رجب علی قاہر حاجی مرزا احمد، حاجی مرزا احمد رضا اور بہت سے دوسرے ازلی یکے بعد دیگرے بہائی خون آشامی کا شکار ہو گئے اور صرف یہی نہیں بلکہ "ہشت بہشت" کے مصنف نے مرزا حسین علی (بہاء اللہ) پر اس سے بھی زیادہ سنگین الزام لگایا ہے۔ وہ لکھتا ہے کہ بہاء اللہ نے (کسی حیلہ سے) صبح ازل کو ایک ضیافت پر بلانے کا انتظام کیا۔ بہاء اللہ نے اپنے رازدان مصاحبوں کو سمجھا دیا کہ ہم دونوں ایک ساتھ

Marfat.com

کھانا کھانے بیٹھیں گے۔ کھانے کی سینی میں ایک طرف مسموم کھانا رکھا دینا اور صبح ازل کو اس کے سامنے رکھانا۔ جب سب لوگ کھانے کے لیے بیٹھ گئے تو صبح ازل نے اس مسموم سینی کا کھانا کھانے سے انکار کر دیا اور کہا کہ اس پلاؤ میں پیاز کا بگھار ہے اور مجھے پیاز کی بو سے طبعی نفرت ہے۔ بہاء اللہ نے یہ سمجھ کر کہ صبح ازل اس کا منصوبہ تاڑ گیا ہے۔ رفع اشتباہ کے لیے سینی کے اس حصہ میں سے بھی تھوڑا سا کھانا کھالیا جو صبح ازل کی اگلی طرف تھا۔ کھانا کھاتے ہی اس کو قے آنے لگی اور زہر خوری کے دوسرے آثار ظاہر ہوئے لیکن بہاء اللہ نے اپنے ساتھیوں کو جمع کر کے الٹا یہ کہنا شروع کیا کہ صبح ازل نے مجھے زہر دیا ہے۔

صبح ازل کے خلاف مزید بہائی سازشیں

ازلی تاریخ نگاروں کے بیان کے بموجب اس کے تھوڑا عرصہ بعد بہاء اللہ نے صبح ازل کی جان لینے کی سازش کی وہ یہ تھی کہ محمد علی حجام کو گانٹھ کر اسے اس بات پر آمادہ کیا گیا کہ وہ صبح ازل کے حلق کے بال مونڈتے وقت اس کا گلا کاٹ دے۔ حسن اتفاق سے صبح ازل پر یہ راز منکشف ہو گیا اور جب حجام اس کے پاس آیا تو اس نے دور ہی سے کہہ دیا کہ میرے پاس نہ آنا۔ اس کے بعد صبح ازل اپنے تمام پیروؤں کو ساتھ لے کر ادرنہ کے کسی دوسرے محلے میں چلا گیا۔ اور بہائیوں سے منقطع ہو کر وہاں بود و باش اختیار کی۔ انہی ایام میں بہائیوں نے ادرنہ کے حاکم سے جسے پاشا کہتے تھے اجازت لیے بغیر گھوڑے فروخت کرنے کا حیلہ کر کے قسطنطنیہ کا راستہ لیا۔ ان کا اصل مقصد یہ تھا کہ وہاں سے صبح ازل کی تردید کے لیے کتاب لائیں اور ازلیوں کے خلاف ایک مذہبی اکھاڑہ قائم کریں۔ پاشا کو معلوم ہو گیا کہ وہ کس غرض کے لیے گئے ہیں؟ پاشا نے فوراً اس منزل پر جہاں سے وہ گذرنے والے تھے تار بھیج کر حکم دیا کہ دونوں کو گرفتار کر لیا جائے۔ چنانچہ وہ گرفتار کر کے ادرنہ واپس لائے گئے۔ بہائیوں نے یہ یقین کر کے صبح ازل نے مخبری کی ہے اس کا انتقام لینے کی ٹھان لی۔ صبح ازل کا ایک ایرانی پیرو آقا جان بیگ قسطنطنیہ کے رسالہ میں ملازم تھا اور رسالہ کے افسروں یا سواروں میں سے کسی کو علم نہ تھا کہ وہ بابی ہے۔ بہائیوں نے پاشا کے پاس مخبری کی کہ قسطنطنیہ کے رسالہ کا فلاں سوار بابی ہے اور وہ نہایت رازداری کے ساتھ بابی مذہب کی تبلیغ کرتا رہتا ہے۔ چنانچہ قسطنطنیہ میں آقا جان بیگ کاشانی کی تلاشی ہوئی۔ اس کے پاس سے چند کتابیں برآمد ہوئیں۔ اصل میں یہ کتابیں اس کو بغداد بھیجنے کے لیے کسی نے دے رکھی تھیں۔ اور بہت دنوں سے اس کو کوئی ایسا شخص نہ مل سکا تھا جس کے ہاتھ کتابیں بغداد بھیج دیتا۔ اس لیے یہ خیال کر کے کہ کہیں حکام کو ان کتابوں کا پتہ نہ چل جائے ان کو تلف کر دینے کی فکر میں تھا۔ کبھی تو یہ سوچتا تھا کہ انہیں گڑھا کھود کر دفن کر

دوں۔ کبھی یہ ارادہ کرتا کہ ساحل بحر پر جاکر سمندر میں پھینک دوں۔ اسی سوچ بچار میں تھا کہ اچانک اس کے قیام گاہ کی تلاشی ہونے لگی اور وہ گرفتار کرلیا گیا۔ آقا جان بیگ کو ترک حکام اور قسطنطنیہ کے ایرانی سفیر کے سامنے پیش کیا گیا۔ اس نے اقبال کیا کہ اورنہ کی جماعت سے میرا تعلق ہے اور میں بابی المذہب ہوں۔ آقا جان بیگ کو ساڑھے چار مہینے قید کی سزا ہوئی اور نوکری سے برطرف کر دیا گیا۔ آقا جان بیگ کو اس حادثہ کا اتنا صدمہ ہوا کہ اس کی داڑھی اور سر کے بال قید خانہ میں یک بیک سفید ہو گئے۔ جب قید سے رہا ہوا اور بابیوں کی دونوں حریف جماعتیں جزیرہ قبرص اور عکہ بھیجی گئیں تو آقا جان بیگ کاشانی بھی بہاء اللہ کے ساتھ عکہ روانہ کیا گیا۔ لیکن وہاں پہنچتے ہی بہائیوں نے اسے موت کی سزا سنادی۔129؎

ایک اور بہائی کی سازش

اب بہاء اللہ نے صبح ازل کے خلاف ایک اور سازش کی۔ مرزا آقا جان مشکین قلم؟ عباس آفندی اور چند دوسرے بہائیوں نے ایک ایک چٹھی ترک عمائد سلطنت کے نام لکھی۔ ان چٹھیوں کا مضمون یہ تھا کہ ہم قریباً تیس ہزار بابی شہر قسطنطنیہ اور اس کے مضافات میں بہ تبدیل ہیئت چھپے ہوئے ہیں۔ ہم تھوڑے عرصہ میں خروج کریں گے۔ سب سے پہلے ہم قسطنطنیہ پر عمل و دخل کریں گے اگر سلطان عبدالعزیز اور ان کے وزراء نے بابی مذہب قبول نہ کیا۔ تو ہم سلطان اور ان کے اعیان دولت کو علیحدہ کر کے نظام سلطنت اپنے ہاتھ میں لے لیں گے۔ ہمارا بادشاہ مرزا یحییٰ صبح ازل ہے۔ یہ چٹھیاں مختلف دستخطوں سے لکھ کر قصر سلطانی اور تمام بڑے بڑے ارکان دولت کے مکانات پر پہنچائی گئیں۔ ترکی حکومت نے بابیوں کو اپنے ہاں پناہ دے رکھی تھی اور ان سے نہایت شفقت آمیز سلوک کیا جارہا تھا۔ حکام ان چٹھیوں کو پڑھ کر ملول ہوئے۔ آخر یہ چٹھیاں قسطنطنیہ کے ایرانی سفیر کے سامنے پیش کی گئیں اس کے بعد ترکی حکام اور ایرانی سفیر کی مشاورۃ باہمی سے یہ طے پائی کہ تمام سرکردہ بابیوں کو دور دست مقامات پر بھیج کر نظر بند رکھا جائے۔129؎ اس اثنا میں ترکی حکام کو یہ بھی بتایا گیا کہ بابیوں کی دونوں جماعتوں میں بڑی طرح سر پھٹول ہو رہا ہے۔ اور یہ دونوں گروہ ایک دوسرے کے خون کے پیاسے ہیں۔ ان حالات کے پیش نظر "باب عالی" نے فیصلہ کیا کہ مرزا یحییٰ صبح ازل اور مرزا حسین علی بہاء اللہ کو دو مختلف مقامات پر بھیج دیا جائے چنانچہ صبح ازل کے لیے حکم ہوا کہ وہ اپنے اہل و عیال سمیت جزیرۂ قبرص کے شہر ماغوسا میں جو اس وقت دولت عثمانیہ کے زیر حکومت تھا جاکر اقامت گزیں ہو اور بہاء اللہ کے لیے یہ فرمان جاری ہوا کہ اسے اس کے اہل و عیال سمیت عکہ (واقع ملک شام) میں بھیجا جائے۔ "باب عالی" نے یہ بھی

فیصلہ کیا کہ بہاء اللہ کے چار پیرو مشکیں قلم خراسانی علی سیاح محمد' باقر اصفہانی اور عبدالغفار تو صبح ازل کے ساتھ قبرص جائیں اور صبح ازل کے چار پیرو حاجی سید محمد اصفہانی' آقا جان بیگ کاشانی' میرزا رضا قلی تفرشی اور اس کا بھائی میرزا نصر اللہ تفرشی بہاء اللہ کے ہمراہ عکہ کا رخ کریں۔ اس تدبیر کا مقصد یہ تھا کہ مخالف عناصر دولت عثمانیہ کے لیے جاسوسی کی خدمات انجام دیں۔ اور جو کوئی صبح ازل یا بہاء اللہ سے ماغوسا یا عکہ میں ملاقات کرنے آئے یا مخالف لوگ اس کے ورود حرکات اور سکنات کے متعلق "باب عالی" کو اطلاع دیتے رہیں لیکن بابیوں کی دونوں حریف جماعتوں نے ابھی اور نہ سے کوچ بھی نہیں کیا تھا کہ مرزا حسین علی (بہاء اللہ) نے مرزا نصر اللہ تفرشی کو زہر دے کر ہلاک کر دیا۔ صبح ازل کے باقی تین آدمی بہاء اللہ کے ساتھ عکہ گئے اور انہوں نے چھاؤنی کے پاس ایک مکان لیا۔ لیکن وہ بھی بہت جلد بہائیوں کے ہاتھوں سے نذر اجل ہو گئے۔ بہائیوں نے صرف انہی چار ازلیوں پر ہاتھ صاف نہ کیا۔ بلکہ وہ تمام قدماء و فضلائے بابیہ جو صبح ازل کی وفاداری اور پیروی میں ثابت قدم رہے اور جن میں سے بعض تو علی محمد باب کے رفیق خاص تھے۔ ایک ایک کر کے عدم کے تہہ خانہ میں سلا دیئے گئے۔ آقا سید علی عرب تبریز میں مارا گیا۔ ملا رجب علی کو کربلا میں ہلاک کیا گیا۔ آقا محمد علی اصفہانی اور حاجی ابراہیم اور حاجی میرزا احمد کاشانی بغداد میں اور حاجی میرزا محمد رضا' حاجی جعفر تاجر حسین علی آقا ابوالقاسم کاشانی میرزا بزرگ کرمان شاہی وغیرہ مختلف مواضع میں بہائیوں کے خنجر بیداد کی نذر ہو گئے۔ 130 ۔ ازلی وقائع نگاروں نے بہائیوں کی بے شمار اور بھی خون آشامیاں بیان کی ہیں جو صاحب ان کی تفصیل دیکھنا چاہیں وہ کتاب ایپی سوڈ اوف دی باب صفحات 361' 364) کا مطالعہ کریں۔ لیکن اگر یہ بیانات واقعیت پر مبنی ہیں تو حیرت ہے کہ ترکی حکومت نے بہاء اللہ اور اس کے خون آشام پیروؤں کو کیفر کردار تک کیوں نہ پہنچایا؟

مسیح موعود ہونے کا دعویٰ

بہاء اللہ نے "من یظہرہ اللہ" بننے کے ساتھ ہی مسیح موعود ہونے کا بھی دعویٰ کر دیا یا یوں کہو کہ اس کے نزدیک من یظہرہ اللہ اور مسیح موعود مترادف الفاظ تھے۔ بہاء اللہ نے لوح مبارک میں اپنی ایک وحی لکھی ہے۔ قل یا صلا الفرقان قداتی الموعود الذی وعد تم فی الکتب اتقوا اللہ ولا تتبعو کل مشرك اثیم (کہہ دے کہ اے گروہ فرقان! بے شک وہ موعود آگیا جس کا تم سے کتاب (قرآن) میں وعدہ کیا گیا تھا۔ خدا سے ڈرو اور کسی مشرک گنہگار کی پیروی نہ کرو۔ صفحہ 7)

اس الہام میں بہاء اللہ نے ہر مسلمان کو اپنی مسیحیت کی دعوت دی ہے۔ اس دعوت کا جواب یہ ہے کہ کلام الٰہی اور احادیث رسول الثقلین ﷺ میں مسلمانوں کو دین اسلام کی تائید کے

Marfat.com

لیے جس ذات اقدس کے تشریف لانے کا مژدہ سنایا گیا ہے۔ وہ مسیح ناصری حضرت عیسیٰ بن مریم علیہ الصلوٰۃ والسلام ہیں جو قرآن کے رو سے اب تک زندہ موجود ہیں۔ ان کے سوا ہم ہر مدعی مسیحیت کو دجال کذاب یقین کرتے ہیں۔ بہاء اللہ ہو یا غلام احمد ہو یا اس قماش کا کوئی دوسرا خانہ ساز موعود ہو۔ سب جھوٹے مسیح ہیں۔ سچے مسیح کے متعلق بہاء اللہ کے فرزند و جانشین عبدالبہا صاحب نے لکھا ہے کہ جب مسیح آئے گا تو نشانیاں اور فوق الفطرت معجزات شہادت دیں گے کہ سچا مسیح یہ ہے۔ مسیح نامعلوم شہر (آسمان) سے آئے گا۔ وہ فولاد کی تلوار کے ساتھ آئے گا۔ (یعنی وہ منکروں کے خلاف غزا و جہاد کریں گے) اور لوہے کے عصا کے ساتھ حکومت کرے گا۔ (وہ کسی کی رعایا نہ ہوں گے بلکہ خود رعب و جلال کے ساتھ حکومت کریں گے) وہ انبیاء کی شریعت کو پورا کرے گا۔ وہ مشرق و مغرب کو فتح کرے گا۔ وہ اپنے ساتھ ایک ایسا امن کا راج لائے گا کہ شیر اور بکری ایک ہی چشمہ سے پانی پئیں گے۔ اور خدا کی سب مخلوق امن و چین سے رہے گی۔

باب اور بہاء اللہ کو دوسرے ادیان سے نفرت

مگر میں یہ دکھانا چاہتا ہوں کہ ہاتھی کے دانت کھانے کے اور دکھانے کے اور۔ اتحاد مذاہب کا ڈھونگ بہائیوں کی ایک منافقانہ چال ہے۔ عوام کے دل مٹھی میں لینے کی ایک عیاری ہے۔ کیونکہ ہم دیکھتے ہیں کہ ان کے بانیان مذہب باب اور بہاء اللہ تو اس نفاق و فرقہ داری کے سراسر خلاف لکھ گئے ہیں۔ چنانچہ علی محمد باب نے کتاب بیان کے باب 6 واحد 2 میں لکھا۔ "اگر کسے باشد و داخل میران بیان نشود ثمر نمی بخشد تقوائے اداورا (جو شخص کتاب بیان کی پیروی نہیں کرتا اس کا تقویٰ پرہیزگاری اس کو کچھ نفع نہ دے گی) اور کتاب بیان کے باب واحد 4 میں لکھا۔ من یتجاوز حد البیان فلا یحکم علیه حکم الایمان سواء کان عالماً اور سلطاناً اور مملوکاً او عبداً (جو شخص میری کتاب بیان کی مقرر کی ہوئی حدود سے تجاوز کرے گا اس کے مومن ہونے کا حکم نہیں لگایا جائے گا۔ خواہ وہ عالم ہو یا بادشاہ، مملوک ہو یا غلام) بیان کے باب 11 واحد 8 میں لکھا۔ "اگر در غیر ایمان بیان قبض روح شود اگر عمل ثقلین را نماید نفع باو نمی بخشد" (جس شخص کی موت ایسی حالت میں واقع ہو کہ وہ بابی مذہب کا پیرو نہ ہو تو دونوں جہان کے عمل بھی اسے کوئی نفع نہ بخشیں گے اور بہاء اللہ نے کتاب مبین کے (صفحہ 18) میں لکھا۔ ارتفع سماء البیان و ثبت ما نزل فیه ان الذین انکروا اولئک فی غفلته وضلال (کتاب بیان کی عظمت بلند ہوئی اور جو کچھ اس میں اتارا گیا تھا ثابت ہو گیا اور جو لوگ اس کے منکر ہیں وہ غفلت اور گمراہی میں پڑے ہیں) اور کتاب مبین (کے صفحہ 283) میں لکھا۔ قدخسر الذین کذبوا بایاتنا سوف تا کلهم النیران (اور جو لوگ ہماری آیتوں کی

تکذیب کرتے ہیں اور خسارہ میں پڑے ہیں عنقریب وہ جہنم کا ایندھن بنائے جائیں گے) اور بہاء اللہ کتاب اقدس میں لکھتا ہے۔ والذی منع انه من اهل الضلال ولویاتی بکل الاعمال (جس شخص نے مجھے قبول نہیں کیا وہ گمراہ ہے۔ اگرچہ وہ دنیا بھر کے حسنات ہی کیوں نہ بجالائے۔

اتحاد مذاہب کی اسلامی تعلیم

بہائیوں کو اس پر بڑا ناز ہے کہ وہ اتحاد مذاہب کے داعی و مناد ہیں حالانکہ اسلام اتحاد مذاہب کی تعلیم بہاء اللہ سے تیرہ سو برس پہلے ہی دے چکا ہے۔ ارشاد خداوندی ہے۔ قل یا ایها الناس انی رسول الله الیکم جمعیاً (158:7) (اے نبی! آپ کہہ دیجئے' اے دنیا جہان کے لوگو! میں تم سب کی طرف اللہ کا رسول بنا کر بھیجا گیا ہوں۔) اور فرمایا۔ واعتصموا بحبل الله جمیعاً ولا تفرقوا (اللہ کے سلسلہ ہدایت کو مضبوط پکڑے رہو اور متفرق نہ ہو۔)

لیکن اتحاد مذاہب کی جو صورت بہاء اللہ نے پیش کی کہ توحید و شرک' اسلام و کفر' ہدایت و ضلالت' نور و ظلمت میں امتیاز کئے بغیر مذہبی اتحاد ہو جائے یہ بالکل لغو اور بے ہودہ خیال ہے۔ اتحاد بین الملل کی صرف یہی ایک صورت ہے کہ آدم علیہ السلام کی تمام اولاد اس آسمانی نور کو مشعل ہدایت بنائے جو خالق ناس نے بنی آدم کی رہنمائی کے لیے برگزیدہ خلق سید الاولین و الآخرین حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم پر نازل فرمایا۔ جب تک ایسا نہ ہو حق و باطل میں کوئی سمجھوتہ نہیں ہو سکتا۔ ہاں تمام اہل مذاہب اپنے اپنے دین پر قائم رہ کر بوقت ضرورت کسی سیاسی اور دنیوی مقصد پر متحد العمل ہو سکتے ہیں۔ میں نے ایک بہائی سے پوچھا تھا کہ ہر شخص اپنے سابقہ عقائد و امیال پر قائم رہ کر بہائی ہو سکتا ہے یا بہائی ہونے کے لیے بہائیوں کے مخصوص عقائد کا اختیار کرنا بھی ضروری ہے؟ اس نے کہا کہ بہائی عقائد اختیار کرنا لابد ہے۔ ورنہ کوئی شخص اپنے سابقہ عقائد پر قائم رہ کر بہائی کس طرح ہو سکتا ہے؟ اس سے میں نے یہ نتیجہ نکالا کہ اتحاد مذاہب کا ڈھونگ محض ایک سنہری جال ہے جو چالاک بہائی شکاری نے سادہ لوح عوام کو پھانسنے کے لیے بچھا رکھا ہے۔

شاہ ایران کے نام بہاء اللہ کا مکتوب

بابیوں کی پیہم فتنہ انگزیوں نے ان کے دامن شہرت پر غداری کے جو بد نما دھبے نمایاں کر دیئے تھے۔ اگرچہ بہاء اللہ استاد زمانہ سے سبق لے کر ان کے دھونے کی کوشش نہ کرتا تو بابیوں کی کشتی ہستی گرداب میں غرق ہو گئی تھی۔ بابی مسلک سے دستبردار ہونے کے بعد بہاء اللہ نے ایک طویل مکتوب شاہ ایران کے نام لکھ کر بابیوں کے لیے مراجعت ایران کی اجازت طلب

Marfat.com

کی۔ اس مکتوب میں بابیوں کے موجودہ سیاسی مسلک کی تشریح کی۔ اور اپنے خلوص اور حسن نیت کا یقین دلاتے ہوئے شاہ کے جذبات رحم وکرم سے اپیل کی۔ یہ خط مرزا بدیع نام ایک بابی کے ہاتھ روانہ کیا۔ موکب شہریاری ان ایام میں طہران سے باہر مستقر تھا۔ اس لیے بدیع مذکور سراپردہ شاہی کے بالمقابل ایک پتھر پر جا بیٹھا اور تین شبانہ روز مرور رکاب شہریاری کا منتظر رہا۔ چوتھے دن ایسے وقت میں جبکہ شاہ دوربین میں اطراف واکناف کی سیر دیکھ رہا تھا۔ اس کی نظر اس بابی پر پڑی ملازمان درگاہ کو تحقیق حال پر مامور کیا۔ جب بابی سے دریافت کیا گیا تو وہ چٹھی.....دکھا کر کہنے لگا کہ اس عریضہ کو حضور ہمایوں میں پیش کرنا ہے۔ ایک افسر جا کر شاہ کی خدمت میں عرض پیرا ہوا کہ وہ ایک بابی ہے جو جسارت عظیم کا مرتکب ہوا ہے کہ فریق مغضوب کا مکتوب بلاخوف وہراس حضور بادشاہی میں لایا ہے۔ وزیر دربار نے عقوبت کا حکم دیا۔ چنانچہ وہ قید وسلاسل میں جکڑ کر بار حیات سے سبکدوش کر دیا گیا۔ شاہ نے حکام کی عجلت پسندی پر تاسف کیا اور کہا کہ بھلا کسی نامہ بر سے بھی کبھی مواخذہ ہوا ہے کہ اسے ناحق قتل کر دیا؟131 ۔ معلوم نہیں کہ شاہ نے بہاء اللہ کی عرضداشت پڑھی بھی یا نہیں لیکن اتنا معلوم ہے کہ بہاء اللہ اپنی کوشش میں ناکام رہا اور کسی بابی کو مراجعت ایران کی اجازت نہ دی گئی۔ جو صاحب اس طویل مکتوب کا مطالعہ کرنا چاہیں وہ کتاب "مقالہ سیاح" (صفحات 133'71) کی طرف رجوع کریں۔

بہاء اللہ سے پروفیسر براؤن کی ملاقات

مسٹر ایڈورڈ جی براؤن پروفیسر فارسی کیمبرج یونیورسٹی نے کتاب "نقطۃ الکاف" کے دیباچہ میں لکھا کہ مجھے بابی مذہب کے حالات معلوم کرنے کا مدت سے اشتیاق تھا۔ آخر صفر 1305ھ میں ایسے اسباب فراہم ہوئے کہ میں نے ایران کا سفر اختیار کیا اور قریباً ایک سال تک تبریز' زنجان' طہران' اصفہان' شیراز' یزد' کرمان کی سیاحت میں مصروف رہا۔ اس اثناء میں شیعہ' بابی اور زرتشتی فضلاء سے ملاقاتیں کر کے ان کے مذاہب کے معلومات حاصل کئے۔ آخر پورے ایک سال کے بعد یعنی صفر 1306ھ میں انگلستان کو مراجعت کی۔ اس کے ایک سال بعد یعنی 1307ھ میں جزیرہ قبرص اور شہر عکہ کا سفر کیا۔ اور دو رقیب بھائیوں مرزا یحییٰ نوری معروف صبح ازل کو قبرص میں مرزا حسین علی نوری معروف بہ بہاء اللہ کو عکہ میں دیکھا۔ جزیرہ قبرص کے شہر ماغوسا میں پندرہ دن تک اقامت گزیں رہا۔ اس اثناء میں ہر روز صبح اول کی ملاقات کو جاتا رہا۔ میرا معمول تھا کہ ظہر سے غروب آفتاب تک معلومات حاصل کر کے مراجعت کرتا تھا۔ صبح ازل ہر موضوع پر نہایت بے باکی اور آزادی سے گفتگو کرتا تھا لیکن جب میں بابیوں کے تفرق اور بہاء اللہ اور بھائیوں کا تذکرہ چھیڑتا تھا تو اس کی سبک گوئی مبدل بسکون ہو جاتی تھی۔ میں نے اس

حالت سے یہ استنباط کیا کہ اس قسم کے سوالات طبع پر شاق گذرتے ہیں۔اس لیے حتی المقدور اس موضوع پر گفتگو سے اجتناب کیا۔ ان مجالس میں اکثر اوقات صبح ازل کے فرزندان عبدالعلی' رضوان علی' عبدالوحید اور تقی الدین بھی موجود ہوتے تھے۔ جزیرہ قبرص چند سال سے انگریزی عملداری میں آیا ہوا تھا۔ میں نے سر ہنڈی بولور حاکم جزیرہ کی اجازت سے دفاتر حکومت پر نظر ڈالی تو اس سے معلوم ہوا کہ صبح ازل اور اس کے پیرو جزیرہ قبرص میں جلاوطن ہوئے ہیں۔ شہر ماغوسا میں پندرہ تن تک قیام کرنے کے بعد میں نے عکہ کا قصد کیا۔ لیکن پہلے بہائیوں کے پیشکار کی ملاقات کے لیے بیروت گیا۔ کیونکہ معمول یہ تھا کہ جو کوئی بہاء اللہ سے ملاقات کرنا چاہتا اسے پہلے پورٹ سعید اسکندریہ یا بیروت کے بہائی عمال میں سے کسی ایک کے پاس جا کر اس خواہش کا اظہار کرنا پڑتا تھا۔ اگر ان کی مرضی ہوتی تھی تو اجازت دے کر ملاقات کے قواعد و آداب سے مطلع کرتے تھے ورنہ انکار کر دیتے تھے۔ میں بیروت پہنچا لیکن سوء اتفاق سے بہائی ایجنٹ اس وقت بیروت میں موجود نہ تھا۔ بہاء اللہ کے پاس عکہ گیا ہوا تھا۔ میں بہت افسردہ دل ہوا کیونکہ میرے پاس دو ہفتہ سے زیادہ وقت باقی نہ تھا۔ اس کے بعد مجھے دار الفنون کیمبرج کو حتماً مراجعت کرنا تھا بہت کچھ دوڑ دھوپ کرنی پڑی اور عامل کو چٹھی لکھی جس میں وہ سفارش نامہ بھی ملفوف کر دیا جو ایران کے بابی دوستوں نے عامل بیروت کے نام دیا تھا۔ اس کے چند روز بعد میں نے جوابی تار بھیج کر ملاقات کی اجازت چاہی۔ اگلے دن تار کا جواب آیا جس میں نام اور پتہ کے بعد صرف یہ دو عربی لفظ لکھے تھے۔ یتوجہ المسافر میں تار پاتے ہی فوراً روانہ ہوا اور 22 شعبان 1307ھ کو وارد عکہ ہوا۔ جب عکہ کے قریب پہنچا تو دور سے نہایت خوشنما منظر دکھائی دیا۔ بڑے بڑے خوبصورت باغ تھے نارنگی اور طرح طرح کے دوسرے میوے عجب بہار دکھا رہے تھے۔ ان باغات نے جو حوالئ عکہ میں واقع ہیں۔ مجھے حیرت میں ڈالدیا کیونکہ ایک ایسے شہر میں کہ جس کو بہاء اللہ اپنے نوشتوں میں ہمیشہ "اخرب البلاد" نام سے یاد کیا کرتا تھا۔ مجھے ایسی طراوت اور نضارت کے دیکھنے کی کبھی امید نہ ہو سکتی تھی۔ عکہ میں دن کے وقت ایک مسیحی تاجر کے ہاں فروکش ہوا لیکن رات ایک محترم بہائی کے ہاں گذاری۔ دوسرے دن بہاء اللہ کا بڑا فرزند عباس آفندی جو آجکل عبدالبہا کے نام سے مشہور ہے آیا اور مجھے وہاں سے منتقل کر کے قصر بہجہ میں کہ عکہ سے باہر کوئی پندرہ منٹ کی راہ ہے لے جا کر ٹھہرایا۔ اس کے دوسرے دن بہاء اللہ کا ایک چھوٹا بیٹا میرے پاس پہنچا اور خواہش کی کہ میں اس کے ساتھ چلوں میں اس کے پیچھے ہو لیا۔ بہت سے ایوانوں اور گزرگاہوں سے ہوتے ہوئے کہ جن کو نظر تعمق سے دیکھنے کی فرصت نہ تھی ہم ایک وسیع ایوان میں جس کا فرش سنگ مرمر کا تھا اور اس پر نہایت خوشنما پچی کاری ہو رہی تھی پہنچے۔ میرا رہنما ایک پردہ کے سامنے تھوڑی دیر تک ٹھہرا رہا تاکہ میں اپنا جوڑہ اتار لوں۔ پردے کو اٹھا کر میں ایک وسیع تالار میں داخل ہوا۔ تالار ان چار

Marfat.com

ستونوں کو کہتے ہیں جنہیں زمین میں گاڑ کر ان پر لکڑی کے تختے جڑ دیئے گئے ہوں۔ تالار کے ایک گوشہ میں گاؤ تکیہ کے ساتھ ایک نہایت پر شکوہ اور محترم شخص بیٹھا تھا۔ سر پر درویشوں کے تاج کی مانند لیکن اس سے بہت بلند ٹوپی تھی جس کے گرد سفید کپڑے کا ایک چھوٹا سا عمامہ لپٹا ہوا تھا۔ اس شخص کی درخشاں آنکھیں لوگوں کو بے اختیار اپنی طرف کھینچ رہی تھیں۔ ابرو کشیدہ پیشانی چین دار بال سیاہ تھے۔ داڑھی بہت سیاہ گھنی اور اس قدر لمبی تھی کہ قریب قریب کمر تک پہنچ رہی تھی۔ یہی شخص بہاء اللہ تھا۔ میں مراسم تعظیم بجالایا۔ بہاء اللہ نے مجھے بہت کچھ تواضع کے ساتھ بیٹھنے کا حکم دیا۔ بہاء اللہ میری طرف مخاطب ہو کر کہنے لگا۔ "الحمدللہ کہ تم فائز ہوئے۔ تم اس غرض سے یہاں آئے ہو کہ اس مسجون منفی سے ملاقات کرو۔ صلاح عالم اور فلاح امم کے سوا ہماری کوئی غرض و غایت نہیں لیکن حالت یہ ہے کہ ہمارے ساتھ ان مفسدین کا سا سلوک کرتے ہیں جو حبس و طرد کے مستوجب ہوں۔ تمام ادیان و ملل کو ایک مذہب ہو جانا چاہیے۔ ہماری یہ آرزو ہے کہ تمام لوگوں کو بھائی بھائی دیکھیں۔' فی نوع انسان میں دوستی و اتحاد کا رابطہ مستحکم ہو۔ ان کا مذہبی اختلاف دور ہو۔ قومی نزاع مرتفع ہو۔ بھلا اس میں عیب کی کونسی بات ہے؟ اگر ہماری یہ خواہش بار آور ہو تو یہ بیکار رزم و پیکار اور فضول جھگڑے آج ختم ہو سکتے ہیں۔ کیا تم بھی یورپ میں اس امن و سکون کے محتاج ہو؟ کیا حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے اسی مقصد عظیم کی تلقین نہیں کی؟ بجائے اس کے کہ تمہارے مال و خزانے اصلاح بلاد اور آسائش عباد میں صرف ہوں دنیا بھر کے حکمران ان خزائن کو نوع بشر کی تخریب میں صرف کرتے ہیں۔ ضرورت ہے کہ یہ نزاعیں' یہ مصاف آرائیاں۔ یہ خونریزیاں اور اختلاف ختم ہو جائیں۔ تمام لوگ ایک خانوادہ کی طرح زندگی بسر کریں۔ کسی شخص کو اس بات پر فخر نہ کرنا چاہیے کہ وہ وطن دوست ہے بلکہ حقیقی فخر یہ ہے کہ وہ نوع بشر کو دوست رکھے۔ اس کے بعد میں پانچ ہی دن میں عکہ قیام کر سکا۔ اس اثناء میں اپنے تمام اوقات قصر بہجہ میں نہایت خوشی کے عالم میں گزارے۔ میرے ساتھ ہر طرح سے مہربانی کا سلوک کیا گیا۔ اس مدت میں مجھے چار مرتبہ بہاء اللہ کی خدمت میں لے گئے۔ ہر مجلس 20 دقیقہ سے نیم ساعت تک رہتی تھی۔ یہ تمام مجلسیں ظہر سے قبل منعقد ہوتی تھیں اور ان میں بہاء اللہ کا ایک نہ ایک بیٹا ضرور موجود ہوتا تھا۔

بابیوں اور بہائیوں کے مختلف فرقے

پروفیسر براؤن نے "نقطۃ الکاف" کے مقدمہ میں بابیوں کے متقدین اور متاخرین کی تحریروں کا مقابلہ کرتے ہوئے لکھا ہے کہ تاریخ میں شاید ہی کوئی مذہب ایسا نظر آئے گا جس کے اندر بابی مذہب کی طرح 69 سال (1260ھ' 1329ھ) کی قلیل مدت میں اس قدر تبدیلیاں رونما

Marfat.com

ہوئی ہوں۔بابی لوگ دو فرقوں ازلی اور بہائی میں تو پہلے ہی تقسیم ہو چکے تھے۔دوسرا اختلاف بہاء اللہ کی وفات (2 ذی القعدہ 1309ھ) کے بعد خود بہائیوں میں بھی رونما ہوا۔بعض بہائیوں نے تو بہاء اللہ کے فرزند عباس آفندی یا عبدالبہا کے ہاتھ پر بیعت کی اور دوسروں نے بہاء اللہ کے دوسرے بیٹے میرزا محمد علی کا دامن پکڑا۔ان اختلافات کی بدولت بابی آج کل چار گروہوں میں منقسم ہیں۔اول وہ ہیں جو کل شئی کے نام سے مشہور ہیں۔یہ وہ لوگ ہیں جو باب اور آنے والے من یظہرہ اللہ پر ایمان لائے ہیں۔انہیں اس قصہ سے کوئی سروکار نہیں کہ باب کا وصی کون ہے۔یہ لوگ بہت قلیل التعداد ہیں۔دوسرے ازلی جو میرزا یحییٰ نوری ملقب بہ صبح ازل کو باب کا وصی اور جانشین مانتے ہیں۔ان کا خیال ہے کہ من یظہرہ اللہ ہنوز ظاہر نہیں ہوا۔یہ گروہ بھی قلیل التعداد ہے اور ان کی جمعیت دن بدن روبزوال ہے۔سوم بہائی جو صبح ازل کے بھائی میرزا حسین علی نوری ملقب بہ بہااللہ کو من یظہرہ اللہ گمان کرتے ہیں لیکن اس کے ساتھ ہی ان کا یہ بھی عقیدہ ہے کہ بہاء اللہ کے بعد کم از کم ہزار سال تک کوئی نیا ظہور نہیں ہوگا۔چوتھے وہ بہائی جن کا یہ عقیدہ ہے کہ فیض الٰہی کبھی معطل نہیں رہا اور نہ رہے گا۔یہ لوگ عبدالبہا کے دعاوی کی تصدیق کرتے ہیں اور اس کو مظہر وقت جانتے ہیں۔بابیوں کی کثرت تعداد آج کل اسی آخری فرقہ سے تعلق رکھتی ہے اور یہ بات سخت حیرت انگیز ہے کہ صبح ازل اور بہاء اللہ کی تاریخ نے میرزا محمد علی اور اس کے سوتیلے بھائی عباس آفندی کے بارہ میں اعادہ کیا ہے یعنی جس طرح صبح ازل اور بہاء اللہ دونوں بھائی باہم دست وگریبان تھے اسی طرح بہاء اللہ کے دونوں بیٹوں میں جنگ آزمائی ہو رہی ہے۔

بہائیوں کی خانہ جنگی

اس کے بعد پروفیسر براؤن لکھتا ہے۔"سچ یہ ہے کہ اس آخری تفرقہ اور حسد اور جنگ و جدال نے جو بہاء اللہ کے بعد بہائیوں میں رونما ہوا مجھے بہائی تحریک کی طرف سے کچھ بدظن کر دیا۔میں اکثر سوچتا اور اپنے بھائی دوستوں سے پوچھا کرتا ہوں کہ وہ نفوذ اور قوت تصرف اور قاہریت جو ان کے عقیدہ میں کلمۃ اللہ کی اولین علامت اور اس کی لاینفک خصوصیت ہے کیا ہوئی؟ اور اسے کہاں تلاش کرنا چاہیے؟ بہاء اللہ کو حکم خداوندی تو یہ پہنچا تھا کہ عاشر و امع الدیان بالروح و الریحان (تمام مذاہب سے محبت اور رواداری کا سلوک کرو) اور بہاء اللہ کا مقولہ ہے کہ ہم سب ایک ہی درخت کی شاخیں اور ایک ہی شاخ کے برگ وبار ہیں۔لیکن خود بہاء اللہ کے جانشینوں کا عمل یہ ہے کہ اپنے ہی خانوادے کے اعضاء وجوارح کو کاٹ رہے ہیں اور ان کی باہم تلخی و عداوت اس درجہ بڑھی ہوئی ہے کہ کوئی شخص اغیار سے بھی ایسی درندگی کا سلوک نہ کرے گا۔ان کے مقابلہ میں ایران کی اس وقت یہ حالت ہے کہ اہلسنت اور شیعہ 'بالاسری اور شیخی' مسلمان اور

یہود' عیسائی اور زرتشتی کے اختلافات مٹ رہے ہیں۔ لوگ وطن دوستی کے قدح میں سرشار ہیں۔ ہر طبقہ اور ہر جنس کے ایرانی ایک دوسرے کی طرف دوستی کا ہاتھ بڑھا رہے ہیں۔ 132۔

اس سے ثابت ہوا کہ اتحاد مذاہب کا بہائی دعویٰ محض زبانی جمع خرچ اور دھوکے کی ٹٹی ہے۔ جس کی کوئی اصل نہیں۔ عبدالبہاء کا تختہ حیات 1921ء میں کنارۂ عدم کو جالگا۔ اس نے شوقی آفندی کو اپنا جانشین بنایا۔ میرزا محمد علی غالباً اب تک زندہ ہے۔ معلوم نہیں کہ مرزا محمد علی اور شوقی آفندی میں بھی جھگڑے قضیے چلے جاتے ہیں یا فریقین نے لڑتے لڑتے تھک کر خاموشی اختیار کرلی؟

مشرکانہ عقائد اور زندقہ نواز شریعت

بہائی لوگ بہاء اللہ کو "من یظہرہ اللہ اور مسیح موعود بلکہ کل ادیان کا موعود مانتے ہیں" بہاء اللہ کی تحریروں سے ثابت ہوتا ہے کہ وہ خدائی کا بھی مدعی تھا۔ چنانچہ کتاب "اقتدار" (صفحہ 36) میں لکھتا ہے۔ (جب مخلوق کا قدیم مالک ظالموں کے ظلم سے اپنے بڑے قید خانے میں پڑا ہوا تھا تو قلم نے اسی طرح نطق فرمایا) اور اسی کتاب کے (صفحہ 114) میں لکھتا ہے۔ (جب کوئی شخص اس کو (بہاء اللہ) دیکھتا ہے تو اسے اہل طغیان کے ہاتھوں میں انسانی شکل میں پاتا ہے لیکن جب اس کے باطن پر غور کرتا ہے تو اسے آسمانوں اور زمینوں کی مخلوق کا نگہبان پاتا ہے) اور کتاب اقدس (صفحہ 225) میں لکھتا ہے۔ (جو بڑے قید خانے میں بول رہا ہے وہی کائنات کا خالق و موجد ہے وہ دنیا کو زندگی بخشنے کے لیے بلاؤں اور مصیبتوں کا متحمل ہوا وہی اسم اعظم ہے۔ جو ازل سے مخفی تھا) اور کتاب مبین کے (صفحہ 286) میں لکھتا ہے۔ (مجھ بہاء اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں جو منفرد و یگانہ ہوں اور قید کیا گیا ہوں) معلوم ہوتا ہے کہ ان دعووں کی وجہ سے اس کے مرید بھی اس کو عموماً خدا ہی کے خطاب سے مخاطب کرتے تھے۔ چنانچہ ایک بہائی شاعر (دیوان نوش ص 93) کہتا ہے۔

رخ سوئے تو آوردم اے مالک جان الٰہی
زاں رو کہ تو در عالم معبودی و سلطانی

مرزا حیدر علی اصفہانی بہائی نے کتاب بہجۃ الصدور (صفحہ 82) میں تصریح کی ہے کہ بہاء اللہ (اپنے دعویٰ الوہیت کی وجہ سے) اپنے پیروؤں کا مسجود بنا ہوا تھا۔ اور اسی کتاب (کے صفحہ 258) میں لکھا ہے کہ زائرین اس کی قبر کو سجدہ کرتے ہیں۔ بہائی کہتے ہیں کہ حدیث لوکان الایمان معلقاً بالثریا لنالہ رجل من ابناء فلاس (اگر بالفرض ایمان ثریا پر بھی چلا گیا ہوگا تو ابناء فارس میں سے ایک شخص اس کو وہاں سے بھی لے آئے گا) بہاء اللہ کے حق میں پیشین گوئی ہے۔ بہائی شریعت کے وضو میں صرف ہاتھ اور منہ دھونے کا حکم دیا گیا ہے سر کے مسح اور پاؤں دھونے کا حکم نہیں۔ البتہ اسکی جگہ 95 مرتبہ اللہ ابہی کا وظیفہ پڑھنا بتایا ہے۔ جاڑوں میں

Marfat.com

تیسرے دن اور موسم گرما میں ہر روز ایک مرتبہ پاؤں دھونے کا حکم ہے۔ اور ہر نماز کے لیے وضو کی ضرورت نہیں بلکہ دن بھر میں ایک مرتبہ کافی ہے۔ پانی نہ ملنے کی صورت میں تیمم کی جگہ پانچ مرتبہ بسم اللہ الاطہر کہہ لینا چاہیے۔ بہائی شریعت میں نماز کا قبلہ کعبہ معلیٰ نہیں بلکہ عکہ اور بہاء اللہ کی قبر ہے اور نمازوں میں قرآن وغیرہ نہیں پڑھا جاتا بلکہ بہاء اللہ کی کتابوں کی بعض عبارتیں پڑھی جاتی ہیں۔ نماز پنجگانہ کی جگہ تین تین رکعت کی تین نمازیں صبح' ظہر' مغرب فرض کی گئی ہیں اور نماز پڑھنے کا طریقہ بھی کچھ اور ہی مقرر کیا ہے۔ ان کے نزدیک نماز باجماعت حرام ہے۔ مریضوں اور بوڑھوں کو نماز بالکل معاف ہے۔ صیام رمضان کی جگہ موسم بہار میں انیس روزے رکھنے کا حکم دیا ہے۔ روزے میں صبح صادق کی بجائے کھانے پینے کی ممانعت طلوع آفتاب سے رکھی ہے۔ عید الفطر کی جگہ عید نیروز مقرر کی ہے۔ اس کے علاوہ چار اور عیدیں ہیں۔ اسلام نے زکوٰۃ چالیسواں حصہ مقرر کی ہے لیکن بہاء اللہ نے سو مثقال سونے میں سے انیس مثقال یعنی پانچویں حصہ سے کسی قدر کم مقرر کی ہے۔ بہاء اللہ کے گھر میں دو بیویاں تھیں۔ اسی تعداد کے پیش نظر اس نے دو عورتوں تک سے شادی کرنے کی اجازت دی۔ زیادہ کو حرام کر دیا۔ بہاء اللہ نے کتاب الاقدس میں لکھا۔ قد حرمت علیکم ازواج اباء کم انا نستحجا ان نذکرحکم الغلمان (تم پر تمہارے باپوں کی بیویاں حرام کی گئی ہیں اور لونڈوں کے احکام بیان کرنے سے ہمیں شرم محسوس ہوتی ہے۔) بہاء اللہ کا صرف باپ کی منکوحہ عورتوں کی حرمت بیان کرنا اور دوسرے محرمات کو چھوڑ دینا اس بات کا ثبوت ہے کہ اس کے نزدیک بیٹی' بہن' خالہ و پھوپھی وغیرہ محرمات سے عقد کرنا جائز تھا اور حسب بیان میرزا مہدی حکیم (کتاب مفتاح الابواب) یہی وجہ ہے کہ اس مسئلہ میں بہاء اللہ کے دونوں بیٹوں عبدالبہا اور میرزا محمد علی میں اختلاف رہا۔ میرزا محمد علی کے نزدیک بہاء اللہ کا یہی منشا تھا کہ باپ کی بیویوں کے سوا تمام عورتوں سے نکاح جائز ہے اور عبدالبہاء نے بہاء اللہ کے حکم میں ترمیم کر کے سخت غلطی کا ارتکاب کیا۔ کتاب بدائع الآثار (جلد اول ص 54) میں جو عبدالبہاء کا سفر نامہ ہے لکھا ہے کہ عبدالبہا نے ایک تقریر میں کہا کہ بہائیوں کے لیے ہر مذہب و ملت کے مرد کو لڑکی دینا اور ہر مذہب کی عورت سے شادی کرنا جائز ہے۔ بہاء اللہ نے شہروں میں انیس مثقال سونا اور دیہات میں انیس مثقال چاندی مہر مقرر کیا اور اس مہر کی زیادہ سے زیادہ مقدار شہریوں کے لیے 95 مثقال سونا اور دیہاتیوں کے لیے 95 مثقال چاندی مقرر کی۔ مثقال ساڑھے چار ماشہ کا ہوتا ہے۔ بہاء اللہ نے مفقود الخبر شوہر کی بیوی کو نو مہینہ کے بعد شادی کر لینے کی اجازت دی۔ اس کے نزدیک مرد بیوی کو تین طلاقیں دے کر بھی بلا تکلف رجوع کر سکتا ہے۔ داڑھی اور لباس کے متعلق پوری آزادی دی۔ سر منڈانے کی ممانعت کی۔ سود لینا اور دینا دونوں جائز کر دیئے۔ گانے بجانے کی بھی عام اجازت دی۔

Marfat.com

بہاء اللہ کی طویل مدت دعویٰ

مرزائی لوگ عام طور پر مطالبہ کیا کرتے ہیں کہ کسی ایسے جھوٹے مدعی کا نام بتاؤ جس نے مامور من اللہ ہونے کا دعویٰ کیا ہو اور وہ مرزا غلام احمد کی طرح تیئس سال کی طویل مدت تک اپنے دعویٰ پر قائم رہنے کے باوجود ہلاک نہ ہوا ہو۔ ہر چند کہ مرزائیوں کا یہ معیار صدق و کذب کتاب و سنت سے ہرگز ثابت نہیں ہو سکتا تاہم مرزائیوں کی ضد پوری کرنے کے لیے لکھا جاتا ہے کہ بہاء اللہ 23 سال سے زیادہ عرصہ تک اپنے دعویٰ پر قائم رہا اور ایک طویل عمر پا کر مرزا غلام احمد کی طرح طبعی موت مرا۔ اس میں اختلاف ہے کہ بہاء اللہ نے کس سال مامور من اللہ ہونے کا دعویٰ کیا۔ حسب تحقیق بہائیاں اس نے 1863ء میں اس وقت دعویٰ کیا جبکہ وہ ہنوز بغداد میں تھا۔ (دور بہائی صفحہ 14) لیکن پروفیسر براؤن کی تحقیق کے بموجب اس نے 1864ء میں ادرنہ (اڈریانوپل) پہنچ کر دعویٰ کیا۔ (ایپی سوڈ اوف دی باب ص 359) تاہم اگر 1864ء ہی کو دعویٰ کا صحیح سال قرار دیا جائے تو بھی 1892ء تک جبکہ اس کی کشتی عمر غرقاب فنا میں چلی گئی۔ اس کی مدت دعویٰ مرزا غلام احمد کے دعویٰ سے پانچ سال زیادہ یعنی اٹھائیس سال بنتی ہے۔ اور پھر بہاء اللہ کی مزید فوقیت و برتری یہ تھی کہ مرزا غلام احمد تو 23 سال تک انواع و اقسام کی جاں گسل بیماریوں میں مبتلا رہ کر ہمیشہ ابتلاؤں کا آماجگاہ بنا رہا لیکن بہاء اللہ نے نہ صرف عکہ میں اپنی 24 سالہ نظر بندی کی مدت نہایت عیش و عشرت اور شاہانہ ٹھاٹھ میں گزاری بلکہ ایران کو الوداع کہنے کے بعد وہ ہمیشہ عافیت اور آسودگی کی زندگی بسر کرتا رہا۔ اصل یہ ہے کہ خدائے رؤف و دانا جھوٹے مدعیوں اور انبیاء کی تعلیمات سے روگردانی کرنے والے، دوسرے ضلالت پسندوں کو عموماً مہلت دیتا ہے تاکہ آج باز آجائیں۔ کل توبہ کر لیں اور اگر وہ جلد تائب نہیں ہوتے تو خدائے بے نیاز ان کی رسن انانیت کو اور زیادہ دراز کر دیتا ہے۔ ان کی خودسری کی پاداش میں توفیق الٰہی ان سے سلب کر لی جاتی ہے۔ انجام کار جب وہ اپنے شیطانی نیابت کا سارا کاروبار پایہ تکمیل تک پہنچا لیتے ہیں۔ تو خدائے شدید العقاب اس شجر خبیث کو یکبارگی باغ عالم سے مستاصل کر دیتا ہے۔ امام فخر الدین رازی آیۃ (میں ان کو مہلت دیتا ہوں۔ میری یہ تدبیر نہایت زبردست ہے) کی شرح میں لکھتے ہیں۔ (میں ان کو مہلت دیتا ہوں اور ان کی مدت عمر کو دراز کر دیتا ہوں۔ ان کی سزا میں جلدی نہیں کرتا تاکہ وہ سرکشی اور شوریدہ سری میں اپنے دل کے حوصلے نکال لیں۔)

Marfat.com

باب 69

محمد احمد مہدی سوڈانی

محمد احمد 1848ء میں دریائے نیل کے تیسرے آبشار کے قریب موضع حنک میں پیدا ہوا۔ اس کے باپ کا نام عبداللہ اور ماں کا نام آمنہ بتایا جاتا ہے۔ عبداللہ کشتی سازی کا کام کرتا تھا۔ محمد احمد ابھی بچہ ہی تھا کہ والدین جزیرہ ابا کو جو خرطوم سے شمال کی جانب نیل ابیض پر واقع ہے نقل مکان کر گئے۔ محمد احمد نے بارہ برس کی عمر میں کلام الٰہی حفظ کر لیا اس کے بعد جزیرہ شبکہ میں اپنے چچا شریف الدین کے پاس کشتی سازی کا کام سیکھنے کے لیے بھیجا گیا۔ ایک دن چچا نے اسے کسی بات پر پیٹا تو بھاگ کر شہر خرطوم چلا آیا جو سوڈان کا صدر مقام ہے اور عرصہ تک مدرسہ خوجلی میں علوم دین کی تحصیل کرتا رہا۔ یہاں سے بربر گیا اور ایک مدرسہ میں داخل ہو کر علوم دین کی تکمیل کی۔ یہاں سے ارداب پہنچ کر شیخ نور الدائم کا مرید ہوا۔ جو ایک مشہور پیر طریقت تھے۔ وہاں کچھ عرصہ تک علوم حالی کی تحصیل میں مصروف رہا۔ اس کے بعد پھر خرطوم آیا اور شیخ محمد شریف نام ایک پیر کے حلقہ میں داخل ہو کر طریقہ سمانیہ کی تعلیم حاصل کرنے لگا۔ ان دنوں ایک عجیب اتفاق پیش آیا۔ شیخ مذکور کے بچوں کی ختنہ ہوئی اور ان کے شاگردوں نے ایک جلسہ منعقد کر کے رسم ختنہ کی تقریب منائی۔ اس مجلس میں کثرت سے لوگ شریک ہوئے اور رقص و سرور سے دل بہلایا گیا۔ محمد احمد نے لوگوں کو اس خلاف شرع تفریح سے منع کیا اور کہا کہ شریعت حقہ ناجائز فعل کو جائز قرار نہیں

دے سکتی۔ اور شیخ شریعت کے کسی ممنوع فعل کو جائز نہیں کر سکتا۔ شیخ محمد شریف کو جب اس کی خبر پہنچی تو غضبناک ہو کر محمد احمد کو طلب کیا۔ محمد احمد محمد شریف کی خدمت میں حاضر ہوا اور معافی چاہی لیکن شیخ نے معاف نہ کیا اور زجر و توبیخ کے بعد اس کا نام "طریقہ سمانیہ" کی فہرست سے خارج کر کے اس کو خانقاہ سے نکال دیا لیکن محمد احمد کی حق گوئی اور جرات و دلیری نے لوگوں کو بہت متاثر کیا اور اہل سوڈان کے دلوں میں اس کا وقار بہت بڑھ گیا۔ وہاں سے جزیرہ ابا کو مراجعت کی۔ کچھ دنوں کے بعد یہاں ایک غار میں داخل ہو کر ہر وقت ذکر الٰہی میں مصروف رہنے لگا۔ کہتے ہیں کہ غار میں خوشبو جلا کر کسی اسم کا ورد کرتا رہا۔ اس عرصہ میں اس کے زہد و اتقاء کا غلغلہ اطراف و اکناف ملک میں بلند ہوا۔ ہزرہا لوگ حلقہ مریدین میں داخل ہونے لگے۔ اس کی عظمت یہاں تک دلوں میں نقش ہوئی کہ بڑے بڑے اصحاب ثروت و اقتدار کی جبین نیاز اس کے سامنے جھکنے پر مجبور ہوئی۔ یہاں تک کہ بغارا کے مغرور و سرفراز شیوخ نے جو اپنے برابر دنیا میں کسی کو کچھ نہیں سمجھتے تھے بکمال منت اپنی لڑکیاں عقد ازدواج کے لیے پیش کیں۔ جب محمد احمد کے پیروؤں کی تعداد دن بدن بڑھنے لگی تو آخر کار اس مذہبی گروہ پر سیاسی رنگ چڑھنے لگا۔ اور اشاعت اسلام کے پردے میں ملک گیری کے ارادے نشو و نما پانے لگے۔ محمد احمد نے جہاد فی سبیل اللہ کا وعظ شروع کیا۔ اس کا قول تھا کہ موت ہمیں اس سے بھی کہیں زیادہ مرغوب ہے جس قدر کہ دولہا کو عروس نو محبوب ہوتی ہے۔ محمد احمد کی دعوت میں کچھ ایسا برقی اثر تھا کہ سینکڑوں آدمی روزانہ اس کی خدمت میں حاضر ہو کر شرکت جہاد پر آمادگی ظاہر کرنے لگے۔ چنانچہ اسلحہ جنگ کی فراہمی شروع ہوئی اور حرب و ضرب کی تیاریاں ہونے لگیں۔

دعوائے مہدویت اور گورنر خرطوم کی پریشانی

مئی 1881ء میں محمد احمد نے سوڈان کے تمام ممتاز لوگوں کے نام اس مضمون کے مراسلات بھیجنے شروع کیے کہ جناب سرور عالم ﷺ نے جس مہدی کے آنے کی اطلاع دی تھی وہ میں ہوں۔ مجھے خداوند عالم کی طرف سے سفارت کبریٰ عطا ہوئی ہے تاکہ میں دنیا کو عدل و انصاف سے بھر دوں اور ان تمام خرابیوں کی اصلاح کروں جو لوگوں نے دین متین میں پیدا کر دی ہیں۔ اور مجھے حکم ملا ہے کہ تمام عالم میں ایک مذہب' ایک شریعت اور ایک ہی بیت المال قائم کروں اور جو شخص میرے احکام کی تعمیلنہ کرے اسے بحر عدم میں غرق کر دوں۔ محمد احمد نے ماہ رمضان میں مہدی موعود ہونے کا دعویٰ کیا اور تھوڑے ہی عرصے میں سوڈان اور مصر کے طول و عرض میں اس

Marfat.com

کی دعوت کا چرچہ ہونے لگا۔ ماہ جولائی میں رؤف پاشا کو جو خدیو مصر کی طرف سے سوڈان کا گورنر جنرل تھا۔ محمد احمد کے دعوائے مہدویت اور اس کے تبلیغی مراسلات کی اطلاع ہوئی تو اس نے اپنے معتمد خاص ابوالسعود کو چار علماء کے ساتھ اس غرض سے محمد احمد کے پاس بھیجا کہ اسے خرطوم لا کر حاضر کریں۔ ابوالسعود جزیرہ لبا پہنچا اور کشتی سے ساحل پر اتر کر بلند آواز سے پکارا کہ مہدی کہاں ہیں؟ محمد احمد ساحل پر آیا اور ابوالسعود کے پاس پہنچ کر اس کی مسند پر بیٹھ گیا۔ ابوالسعود نے دریافت کیا کیا تم ہی نے مہدی ہونے کا دعویٰ کیا ہے؟ محمد احمد نے نہایت متانت سے جواب دیا۔ ہاں میں ہی وہ مہدی ہوں جس کا انتظار کیا جا رہا تھا۔ ابوالسعود نے کہا۔ اس دعویٰ سے تمہاری کیا غرض ہے؟ محمد احمد نے جواب دیا کہ خدائے کردگار نے مجھے اس لیے بھیجا ہے کہ روئے زمین کو عدل وانصاف سے بھر دوں۔ کفر کو سرنگوں اور دین حنیف کو تمام ادیان باطلہ پر غالب کروں۔ خدا کی زمین پر خدائے لایزال کا قانون (قرآن) حکمران ہو۔ اور اسلام سربلند دکھائی دے۔ ابوالسعود نے کہا کہ اس ملک کا حکمران بھی تمہاری طرح مسلمان ہے۔ محمد احمد نے جواب دیا کہ یہ بات غلط ہے کیونکہ حکمران نے نصاریٰ کو سیاہ وسپید کا مالک بنا رکھا ہے اور وہ جابجا گرجے بناتے اور مسلمانوں کو مرتد کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ ابوالسعود سمجھانے لگا کہ گورنمنٹ برطانیہ اور حکومت مصر کی مخالفت اچھی نہیں۔ بہتر ہے کہ بلا انحراف میرے ساتھ خرطوم چل کر رؤف پاشا کی ملاقات کر آؤ۔ محمد احمد نے کہا میں وہاں نہیں جا سکتا۔ ابوالسعود بولا۔ تمہارے لیے یہی بہتر ہے کہ اس سے پہلے ہی اپنے تئیں گورنر خرطوم کے حوالے کر دو جبکہ سرکاری توپیں اور انگریزی جنگی جہاز گولہ باری کر کے جزیرہ لبا کو خاک سیاہ کر دیں۔ محمد احمد نے قبضہ شمشیر پر ہاتھ رکھ کر کہا کہ کسی بدبخت کی کیا مجال ہے کہ میری طرف آنکھ اٹھا کر دیکھ سکے؟ اس کے بعد نہایت درشت لہجہ میں ابوالسعود سے کہا جاؤ۔ میں ہرگز تمہارے ساتھ نہ جاؤں گا۔ ابوالسعود محمد احمد کے بدلے ہوئے تیور دیکھ کر سہم گیا اور اپنی عافیت اسی میں دیکھی کہ وہاں سے چلتا بنے۔ آخر اپنے ساتھیوں کی معیت میں خرطوم پہنچ کر دم لیا اور رؤف پاشا کو صورت حال سے مطلع کر کے کہنے لگا کہ اگر پچاس مسلح آدمیوں کو میرے ساتھ کر دو تو میں اس منافق کو آپ کے پاس گرفتار کر لاتا ہوں۔ بے چارے ابوالسعود کو کیا معلوم تھا کہ یہ میرے بس کا روگ نہیں ہے بلکہ یہ شخص عنقریب تفوق کے آسمان پر مہر منیر بن کر جلوہ گر ہوگا اور تین سال کے اندر سوڈان کی فضا اس کے پرچم اقبال پر فخر کرے گی۔ رؤف پاشا نے پچاس سپاہی اس کے سپرد کر دیئے۔ وہ اس جمعیت کو لے کر ابا پہنچا۔ خود کشتی میں رہا اور سپاہیوں کو حکم دیا کہ جزیرہ میں داخل ہو کر خانہ ساز مہدی کو گرفتار کر لاؤ۔ سپاہی ساحل سے بڑھے اور محمد احمد پر حملہ کرنے کی تدبیریں سوچنے لگے۔ جب محمد احمد کو ان کی آمد کا علم ہوا تو اس نے مریدوں کا ایک غول بھیج دیا۔ وہ یک بیک ان

Marfat.com

سپاہیوں پر ٹوٹ پڑے اور آناً فاناً سب کو قعر عدم میں پہنچادیا۔ اس واقعہ سے مہدی کا اثر اور بڑھ گیا۔ اور اس کے دعوائے مہدویت کو بڑی تقویت پہنچی۔ جب رؤف پاشا کو اس واقعہ کا علم ہوا تو سخت پریشان ہوا اور سوچنے لگا کہ اب کیا تدبیر کی جائے؟

محمد احمد کے مقابلہ میں پہلی ناکام مہم

اب رؤف پاشا نے حکومت مصر کی منظوری سے مہدی کے مقابلہ کے لیے تین سو سپاہی اور دو عدد توپیں ایک جنگی جہاز کے ذریعہ سے روانہ کیں۔ یہ دستہ فوج 11 اگست 1881ء کی صبح کو بہ سرکردگی علی آفندی ابا سے تھوڑے فاصلہ پر اترا۔ علی آفندی نے دیکھا کہ ایک شخص جس کے اردگرد بہت سے آدمی ہیں ان کی طرف آرہا ہے۔ یہ سمجھ کر کہ یہی شخص مہدی ہے چاہا کہ ایک ہی وار میں اس کا کام تمام کردے چنانچہ نہایت تیزی سے اس شخص کے سر پر پہنچ کر کہنے لگا کہ تو نے ملک میں کیوں فساد ڈال رکھا ہے؟ اور جھٹ اس کے گولی ماردی۔ مگر مقتول مہدی نہ تھا کوئی دوسرا شخص تھا لیکن پھر مقتول کے ساتھی معاً علی آفندی پر حملہ آور ہوئے اور اس نے آناً فاناً دارالقرار جاوید کو انتقال کیا۔ علی آفندی کو ٹھکانے لگانے کے بعد محمد احمد کے پیرو اس کے ساتھیوں پر ٹوٹ پڑے اور سب کو موت کے گھاٹ اتار دیا۔ اس اثناء میں جنگی جہاز کے افسر توپ خانہ کو حکم ہوا کہ وہ مہدیوں پر جو وہاں سے تھوڑے فاصلے پر نظر آرہے تھے گولہ باری کرے۔ مگر گول انداز مہدی کی مقدس وضع دیکھ کر سہم گیا اور آتشبازی میں لیت و لعل کرنے لگا۔ آخر جب سختی کی گئی تو اس نے ہوائی فائر شروع کر دیئے۔ اتنے میں محمد احمد اور اس کے سوار وہاں سے دوسری جگہ کو چلے گئے۔ ابوالسعود نے جو اس فوج کے ساتھ تھا راہ فرار اختیار کی اور شکست خوردہ خرطوم پہنچا۔ اس ہزیمت کا نتیجہ یہ ہوا کہ مہدی کے پیروؤں کی تعداد اور زیادہ بڑھنے لگی۔ ان جھڑپوں سے محمد احمد نے جو نتیجہ نکالا وہ دانشمندی پر مبنی تھا۔ اس نے محسوس کیا کہ مرکز حکومت کے قریب رہنا خطرات سے لبریز ہے اس لیے اس نے جزیرہ ابا پر اپنے ایک مرید احمد مکاشف کو قائم مقام مقرر کیا۔ اور خود کوہ کردوفان جا کر اس کو اپنا مرکز و مستقر بنالیا۔ جزیرہ ابا کے شمال میں پچاس میل کے فاصلہ پر نیل ابیض کے قریب مقام کاوا پر ایک مصری فوج جس میں چودہ سو سپاہی تھے اور جس کا افسر اعلیٰ محمد سعید پاشا تھا پڑی تھی۔ جب محمد احمد کردوفان پہنچا تو اس لشکر نے محمد احمد کے خلاف جنبش کی۔ یہ دیکھ کر محمد احمد نے جنوبی کردوفان کا رخ کیا۔ مصری لشکر نے تعاقب کیا اور ایک مہینہ تک جنگلوں اور پہاڑوں میں ٹکریں مارتا پھرا۔ لیکن محمد احمد کا پتہ نہ چل سکا۔ آخر اسی تگ و دو میں بھوک پیاس کی

شدت سے ہلاک ہو گیا۔ مہدی کے مقابلہ میں دو مہمیں اور بھی بھیجی گئیں۔ لیکن وہ بھی نہ صرف ناکام رہیں بلکہ تمام فوجیں صفحہ ہستی سے بالکل نابود ہو گئیں۔ اب رشید بے حاکم فشودا ایک زبردست جمعیت کے ساتھ مہدی کے مقابلہ کو روانہ ہوا اور 8 ستمبر 1881ء کو لڑائی ہوئی۔ لیکن یہ لوگ بھی مہدویہ کے نیزوں سے چھد کر عالم آخرت کو چلے گئے اور بہت سا سامان جنگ مہدی کے ہاتھ آیا۔ رؤف پاشا قبل اس سے کہ کوئی اور تدبیر اس آفت کے ٹالنے کی سوچے۔ 1882ء کے آغاز میں عہدہ گورنری سے معزول کر دیا گیا۔ اور عبد القادر پاشا سوڈان کا گورنر جنرل مقرر ہو کر آیا۔ اس اثناء میں مہدویہ نے مسلسل حملے کر کے تمام سرزمین سنار پر عمل و دخل کر لیا۔ اب شلالی پاشا نام ایک فوجی جرنیل نے مہدی کے خلاف ایک فوج مرتب کی جس کی تعداد چھ ہزار تھی۔ مئی 1882ء میں یہ فوج فشودہ میں داخل ہوئی وہاں سے خشکی کی راہ سے آگے بڑھی۔ آخر آہستہ آہستہ کوچ کرتی ہوئی 7 جون کو دشمن کے قریب پہنچ گئی۔ محمد احمد نے چاروں طرف سے یکبارگی حملہ کر کے اس فوج کو بالکل تباہ و برباد کر دیا۔ اور مال غنیمت سے خوب ہاتھ رنگے۔ اس حملہ میں سرکاری فوج کے بہت کم آدمی بچ سکے۔ اس فتح عظیم نے مہدی کے اقتدار کو اور زیادہ چکا دیا۔ اہل سوڈان یہ دیکھ کر کہ مہدی کی مٹھی بھر فوج نے کثیر التعداد سپاہ پر فتح پائی۔ محمد احمد کی مہدویت پر اور زیادہ راسخ الاعتقاد ہو گئے۔ جب یہ خبر خرطوم پہنچی تو عبد القادر پاشا بیش از پیش تیاریوں میں مصروف ہوا۔ محمد احمد نے اپنے پیروؤں کو درویش کا لقب دیا تھا۔ عبد القادر پاشا نے اعلان کر دیا کہ جو شخص درویشوں کو قتل کرے گا حکومت کی جانب سے اسے معقول انعام دیا جائے گا۔ یعنی فی درویش دو پونڈ اور فی افسر اٹھارہ پونڈ معاوضہ ملے گا۔ اسی طرح اس مضمون کے اشتہار چھپوا کر محمد احمد کے لشکر میں پھینکوا دیئے کہ جو درویش محمد احمد کی رفاقت ترک کر کے حکومت کی وفاداری کا عہد کریں گے ان کو حکومت کی طرف سے بڑے بڑے انعام ملیں گے لیکن عبد القادر پاشا کو اس کوشش میں کوئی کامیابی نہ ہوئی۔

ابیض کا محاصرہ اور تسخیر

عبد القادر فراہمی لشکر میں ہمہ تن مصروف رہا۔ تھوڑے عرصہ میں اس کے پاس بارہ ہزار فوج جمع ہو گئی۔ جس میں سے ایک ہزار اس نے کردوفان کے صدر مقام ابیض کی حفاظت کے لیے بھیج دی۔ اتنے میں محمد احمد فوج لے کر ابیض کی طرف بڑھا۔ جہاں مصر کی طرف سے محمد سعید پاشا حکمران تھا۔ جب محمد سعید پاشا کو اس پیشقدمی کی اطلاع ہوئی تو اس نے تمام اطراف سے فوج جمع کی اور شہر پناہ کے دروازوں کو بند کر کے مقابلہ کے لیے مستعد ہوا۔ ستمبر 1882ء کے شروع میں مہدی درویشوں کی معقول جمعیت کے ساتھ ابیض کے قریب پہنچا اور محمد سعید پاشا کو لکھا کہ وہ شہر کو اس کے حوالے کر دے۔ محمد سعید پاشا نے ارکان و اعیان کو جمع کر کے مشورہ کیا سب نے

Marfat.com

یہی رائے دی کہ مہدی کے قاصد کو واپس کر دیا جاوے اور کوئی جواب نہ دیا جائے لیکن شہر کے وہ باشندے جو در پردہ مہدی کی دعوت کو قبول کر چکے تھے اور جن کی مخفی تحریک سے مہدی یہاں آیا تھا شہر سے نکل کر مہدی سے جا ملے۔ ان لوگوں میں ابیض کا سابق حاکم اور کردوفان کا مشہور تاجر الیاس پاشا بھی شامل تھا جو اپنے ساتھ محافظ سپاہ کے کچھ آدمیوں کو بھی لے گیا۔ اب ابیض میں محمد سعید پاشا اور اس کے چند معتمد لوگ تھے جو دس ہزار باشی بزوق لشکر کو شہر کے اندر لئے ہوئے حفظ و دفاع کے لیے سر بکف تھے۔ مہدی جو لشکر مقابلہ کے لیے لایا تھا اس میں ہمیں چھ ہزار صرف سنگین بردار سپاہی تھے جن کے پاس اعلیٰ قسم کی وہ مصری بندوقیں تھیں جو مختلف مواقع پر مصری لشکر سے مال غنیمت میں حاصل کی گئی تھیں۔ اس وقت مہدی کی مجموعی قوت ساٹھ ہزار آدمیوں پر مشتمل تھی۔ 8 ستمبر 1882ء کو مہدی نے ابیض پر حملہ کیا۔ چونکہ شہر پناہ نہایت مضبوط اور مستحکم تھی۔ مہدی کی سپاہ کو سخت نقصان اٹھانا پڑا اور آخر اس کو شکست ہوئی۔ مصری سپاہ نے تیرہ جھنڈے جن میں ایک جھنڈا خاص مہدی کا تھا اور جس کا نام "رایت حورائیل" تھا مال غنیمت میں حاصل کئے۔ اس حملہ میں مہدی کے ہزارہا آدمی ضائع ہوئے۔ جن میں اس کا بھائی محمد اور عبداللہ التعایشی خلیفہ مہدی کا بھائی یوسف بھی تھا۔ مصری محافظ سپاہ کے صرف تین سو آدمی مقتول ہوئے۔ مہدی پر اس شکست کا بڑا اثر پڑا اور اسے محسوس ہوا کہ مستحکم و مضبوط فصیلوں اور شہر پناہوں پر حملہ کرنے میں کیا خطرات ہیں اور عہد کیا کہ وہ آئندہ مستحکم فصیلوں اور شہر پناہوں پر کبھی حملہ نہ کرے گا بلکہ محصورین کو بھوکوں مار کر حوالگی شہر پر ان کو مجبور کرے گا۔ اس اثناء میں مہدی کو کمک پہنچ گئی اور اس نے ابیض کا سختی کے ساتھ محاصرہ کر لیا۔ آخر ساڑھے چار مہینہ تک محصور رہنے کے بعد اہل بیض نے تنگ آکر اپنے آپ کو مہدی کے حوالے کر دیا۔ اب تمام کردوفان مہدی کے قبضہ میں تھا۔ ان حملوں اور محاصروں میں محمد احمد کو کثیر مال غنیمت حاصل ہوا۔ سامان جنگ اور اسلحہ بکثرت ہاتھ آیا اور غلہ کی بھی بہت بڑی مقدار ملی۔ سعید پاشا حاکم ابیض اور سرکاری عملہ گرفتار کر لیا گیا۔

نظام حکومت اور فرمان شاہانہ

محمد احمد نے کردوفان پر قبضہ کر کے اس کے انتظام کی طرف توجہ کی۔ اس نے انتظامی صیغوں کو تین محکموں میں تقسیم کیا۔ (1) سپاہ' (2) قضا' (3) مال۔ سپاہ کا انتظام عبداللہ تعایشی کے سپرد کیا۔ محکمہ قضا احمد بن علی کے دست اختیار میں دیا۔ یہ شخص پہلے دارفور میں قاضی تھا۔ اس عہدہ کا نام قاضی الاسلام رکھا۔ مالی معاملات کے انصرام کے لیے ایک بیت المال بنایا جس میں ہر قسم کی آمدنی عشور' مال غنیمت' زکوٰۃ' فطرہ اور جرمانوں کی رقمیں جمع ہوتی تھیں۔ جرمانے ان لوگوں سے وصول کئے جاتے تھے جو قانون شریعت کی خلاف ورزی کرتے تھے۔ محمد احمد نے محکمہ مال کا افسر اعلیٰ اپنے

ایک دوست احمد بن سلطان کو مقرر کیا۔ محمد احمد کے اس نظام حکومت پر رعایا بہت خوش ہوئی کیونکہ ہر شخص کو اس کی بدولت آسائش اور راحت و سکون نصیب ہوا۔ کسی کی مجال نہیں تھی کہ کسی پر ظلم کر سکے یا عمال حکومت کسی سے ناجائز طور پر ایک حبہ بھی وصول کر لیں۔ محمد احمد کا لباس خوراک طرز معاشرت ہر چیز سادہ تھی۔ انتہا درجہ کی زاہدانہ اور متقشفانہ زندگی بسر کرتا تھا۔ اسے ہر وقت احکام شریعت کے اجراء کی دھن تھی۔ اس نے اپنی قلمرو میں وہ تمام حدیں جاری کر دی تھیں جو شریعت اسلام نے مقرر فرمائی ہیں۔ اس کے مواعظ کا خلاصہ ترک دنیا اور انقطاع الی اللہ تھا۔ ذیل میں اس کے ایک منشور (فرمان) کے اقتباسات درج کئے جاتے ہیں جو اس نے 1301ھ میں ابیض سے شائع کیا تھا۔ اس منشور سے اس کی پابندی مذہب اور زاہدانہ خیالات کا اندازہ ہو سکے گا۔ حمد و صلوٰۃ کے بعد لکھتا ہے۔ اے بندگان خدا! اپنے رب بزرگ و برتر کی حمد کرو۔ اس کا شکر ادا کرو کہ اس نے تم کو مخصوص نعمت سے سرفراز فرمایا۔ وہ نعمت کیا ہے؟ میرا (بحیثیت مہدی) ظاہر ہونا اور یہ تمہارے لیے دوسری امتوں پر شرف خاص ہے۔ میرے دوستو! میرا مطمح نظر یہ ہے کہ تم کو راہ ہدایت دکھاؤں۔ خدا کے راستہ میں مہاجرۃ اختیار کرو جہاد فی سبیل اللہ کو اپنا نصب العین بناؤ۔ دنیا اور اس کی تمام چیزوں سے منقطع ہو جاؤ۔ یہاں تک کہ راحت و آسائش کا خیال بھی دل سے نکال دو۔ اگر دنیا کوئی اچھی چیز ہوتی تو خدا اس کو تمہارے لیے آراستہ کر دیتا۔ حالانکہ ایسا نہیں ہوا۔ ان لوگوں کو دیکھو جن کو ہر قسم کی دنیوی آسائشیں حاصل تھیں لیکن ایک وقت آیا کہ ان کی تمام راحتیں مصائب سے بدل گئیں اور آسائش زندگی کی شراب تکلیفوں کا زہر بن گئی۔ اگر دنیا کی راحت میں کوئی بھلائی ہوتی تو ایسا کیوں ہوتا؟ اور اس پر بس نہیں بلکہ آخرت کا دردناک عذاب ان کے لیے باقی ہے۔ تعجب ہے کہ ہم یہ سب دیکھتے ہوا اور پھر دنیوی راحت و آسائش کی تمنا اور دنیوی زندگی کی آرزو کرتے ہو۔ دنیا کی آسائشوں کو ٹھکرا دو۔ خدا سے ڈرو۔ اس کے سچے بندوں کی رفاقت اختیار کرو۔ اور اس کی راہ میں جہاد کرو کہ سچی زندگی یہی ہے۔ خدا کی راہ میں ایک مسلمان کا تلوار کو حرکت میں لانا ثواب میں ستر برس کی عبادت سے بڑھ کر ہے۔ جہاد میں صرف اتنی دیر کھڑے رہنے کا ثواب بھی ستر سال کی عبادت سے بہتر ہے جتنی دیر میں اونٹنی کا دودھ دوہتے ہیں۔ عورتوں پر بھی خدا کی راہ میں جہاد فرض ہے پس جو عورتیں کہ میدان جہاد میں خدمات انجام دے سکتی ہیں اور شرعاً ان کے لیے گھر سے باہر نکلنے میں کوئی مضائقہ نہیں وہ اپنے ہاتھ پاؤں سے جہاد کریں۔ جوان اور پردہ نشین عورتوں کا جہاد یہ ہے کہ وہ گھروں میں پاک زندگی بسر کریں اور اپنے نفس سے جہاد میں مصروف رہیں۔ گھر سے بلا ضرورت شرعی باہر نہ نکلیں۔ بلند آواز سے (کہ غیر مردان کی آواز سنیں) باتیں نہ کریں۔ نماز کو پابندی کے ساتھ وقت پر ادا کریں۔ اپنے شوہروں کی اطاعت فرض سمجھیں۔ اپنے جسموں کو کپڑوں سے چھپائے رہیں۔ جو عورت کہ جسم کو نہ ڈھکے اس کو سزا دی جائے۔ اگر ایک لحظہ

Marfat.com

بھی کوئی عورت سر کھول کر بیٹھے تو اس کو ستائیس کوڑوں کی سزا دی جائے اور جو فحش گفتگو کرے اس کے اسی کوڑے لگائے جائیں۔ جو مرد اپنے بھائی (مسلمان) کو کتا یا سور یا یہودی یا اسی قسم کے اور الفاظ سے یاد کرے اس کے اسی کوڑے لگائے جائیں اور سات روز کی قید کی جائے اور جو شخص (کسی مسلمان کو) فاجر یا چور یا زانی یا خائن یا ملعون کہے اس کو اسی کوڑوں کی سزا دی جائے اور جو شخص (کسی مسلمان کو) کافر یا نصرانی یا لوطی کہے اس کو اسی کوڑوں اور سات دن قید کی سزا دی جائے۔ جو شخص کسی ایسی اجنبی عورت سے جس سے اس کا نہ تو کوئی شرعی تعلق ہو اور نہ شرعاً اس سے گفتگو کا جواز ہو باتیں کرتا ہوا پایا جائے اسے ستائیس کوڑوں کی سزا دی جائے اور جو شخص کسی حرام فعل پر قسم کھائے اس کو تادیباً ستائیس کوڑوں کی سزا دی جائے اور جو شخص حقہ پیئے یا تمباکو کسی دوسری طرح کھانے اور پینے کے کام میں لائے تادیباً اسی کوڑوں کی سزا دی جائے اور جس قدر تمباکو اس کے پاس موجود ہو اس کو جلا دیا جائے۔ تمباکو منہ میں رکھنے' ناک میں چڑھانے اور کسی دوسرے طریقہ پر استعمال کرنے کی بھی یہی سزا ہے۔ جو شخص صرف خرید و فروخت کرتا ہوا پایا جائے اور وہ اس کو استعمال نہ کرتا ہو یا استعمال کا موقع نہ ملا ہو اس کو صرف ستائیس کوڑوں کی سزا دی جائے۔ شراب پینے والے کو خواہ وہ ایک قطرہ کا استعمال ہی کیوں نہ کرتا ہو اسی کوڑے لگائے جائیں۔ اگر شراب خوار کا ہمسایہ اس کو سزا دینے کی خود قدرت نہ رکھتا ہو تو امیر شہر کو اطلاع دے ورنہ اس کو اخفائے جرم میں اسی کوڑوں اور سات روز قید کی سزا دی جائے گی۔ تاکہ عبرت پذیر ہو۔ انسان کا اپنے نفس (سرکش) سے خدا کی خوشنودی و اطاعت کے لیے جہاد کرنا جہاد بالسیف سے بھی بہتر ہے۔ اس لیے کہ نفس (سرکش) کافر سے زیادہ سخت ہے۔ کافر تو صرف مقابلہ کرتا ہے اور جنگ کے بعد اس سے راحت مل جاتی ہے لیکن نفس ایک ایسا دشمن ہے جس کا مغلوب کرنا نہایت دشوار کام ہے۔ جو شخص قصداً نماز کو چھوڑ دے گا وہ خدا اور اس کے رسول دونوں کا گنہگار ہوگا۔ بعض آئمہ مجتہدین نے فرمایا ہے کہ تارک نماز کافر ہے اور بعض نے اس کے قتل کا فتویٰ دیا ہے۔ تارک نماز کا پڑوسی اگر اس کو سزا دینے کی قدرت نہ رکھتا ہو تو امیر شہر کو آگاہ کرے۔ اگر وہ ایسا نہ کرے گا تو اس کو اسی کوڑوں اور سات روز قید کی سزا اخفائے جرم کی پاداش میں دی جائے گی۔ اگر کوئی لڑکی پانچ سال کی عمر کو پہنچ گئی اور اس کی ستر پوشی نہ کی گئی تو اس کے وارثوں کو کوڑوں کی سزا دی جائے گی۔ جو عورت کسی ایسے شخص کے ساتھ پائی جائے جس سے اس کی منگنی ہو چکی ہو لیکن عقد نہ ہوا ہو تو اس مرد کو قتل کر دیا جائے گا اور اس کا مال غنیمت سمجھا جائے گا۔ میرے دوستو! تم مخلوق خدا پر شفقت کرو۔ اس کو زہد و ترک دنیا کی رغبت دلاؤ اور آخرت کی محبت اس کے قلب میں مستحکم کر کے اسے طلب عقبیٰ کا شائق و گرویدہ بنا دو۔ تمہارا یہ بھی فرض ہے کہ تم خدا کے بندوں کو عداوت نفس سرکش کی اہمیت جتلا کر اس سے محفوظ رہنے کے طریقے بتلاؤ۔ تم سے انصاف طلب کیا جائے تو پوری طرح انصاف کرو۔ اور مشکلات پر صبر و استقامت کی

تعلیم دو۔ وہ معاملات جو 12 رجب 1300ھ سے پہلے کے ہیں سوائے معاملات امانت' قرض اور مال یتیم کے سب اٹھا لئے گئے اور اب ان کے متعلق کسی سے باز پرس نہ ہوگی۔ البتہ 12 رجب 1300ھ کے بعد اور فتح سے قبل کے معاملات میں دعاوی کی سماعت ہوگی۔ قتل نفس کے مقدمات میں مقتول کے وارث کو قصاص اور دیت کا اختیار دیا جائے گا اور فتح کے بعد کے معاملات میں صرف قصاص کے قضایا طے کئے جائیں گے پس میرے احکام کے مطابق ان کا فیصلہ کرو۔ اسی طرح مقدمات خلع میں مرد جو مال عورتوں سے دخول و تمتع کے بعد حاصل کرتے ہیں وہ ان کو نہ دیا جائے کہ یہ جائز نہیں ہے بلکہ ان کے مقدمات کا فیصلہ قرآن مجید کے احکام کے مطابق کیا جائے۔ میرے دوستو! سمجھ لو کہ اتحاد و استقامت ضروری چیز ہے۔ احکام خداوندی کی مخالفت نہ کرے اوامر کی پابندی لابد ہے۔ میرے احکام کو سنو اور اطاعت کرو۔ تبدیل و تحریف کا خیال بھی دل میں نہ آنے دو۔ خداوند تعالیٰ نے جو نعمت تم کو دی ہے اس کا شکر ادا کرو اور کفران نعمت سے باز رہو۔ عورتوں کے مہر بڑھا کر نہ باندھو۔ دولت مند عورت کا مہر دس ریال مجیدی بلکہ اس سے بھی کم رکھو۔ متوسط الحال اور غربا پانچ ریال مجیدی سے زیادہ مہر نہ رکھیں۔ بلکہ اس سے کم رکھیں جو شخص اس کے خلاف بڑے بڑے مہر باندھے اس کو تادیباً کوڑوں اور قید کی سزا دی جائے کہ تائب ہو جائے یا قید میں مر جائے۔ ایسا شخص ہمارے زمرہ سے خارج ہے اور ہم اس سے بری ہیں۔

جرنیل ہکس کا قتل' انگریزی اور مصری افواج کی بربادی

محمد احمد نے اپنے بعض معتمد افسروں کو اطراف سوڈان میں تبلیغ و دعوت کے لیے روانہ کیا۔ عثمان دغنہ جو مہدی کا معتمد خاص تھا مشرقی سوڈان پہنچا اور وہاں مہدی کے معتقدین و متبعین کی ایک سپاہ تیار کر کے اطراف میں مہدی کے منشور شائع کئے اور وہاں کے قبائل کو اپنے اثر میں لانے کی جدوجہد شروع کی۔ ان ایام میں مہدی کی روز افزوں ترقی اور مہموں کی ناکامی سے سرکاری حلقوں میں خلفشار پھیل رہا تھا۔ یہاں تک کہ عبدالقادر پاشا گورنر جنرل سوڈان نے رپورٹ کی کہ جس قدر ملک میرے قبضہ میں ہے وہ نکلا جاتا ہے اور اگر فتنہ و فساد کے روک تھام کے لیے کوئی موثر کارروائی نہ کی گئی تو تمام ملک پر مہدی کا قبضہ ہو جائے گا۔ اس رپورٹ کے بعد مصر و انگلستان میں ہر طرف افسردگی چھا گئی اور یہ مسئلہ درپیش ہوا کہ مصر اور انگلستان کو کیا تدبیر اختیار کرنی چاہیے کہ جس سے ملک مہدی کی دستبرد سے محفوظ رہ سکے؟ مدت تک یہ سوال زیر بحث رہا۔ آخر یہ قرار پایا کہ مہدی کی گوشمالی کے لیے ایک اور زبردست مہم بھیجی جائے۔ اس تجویز کے بموجب ایک زبردست لشکر ایک کار آزمودہ انگریز سپہ سالار جرنیل ہکس کے ماتحت روانہ کرنے کا فیصلہ ہوا۔ جرنیل ہکس کے علاوہ نو دوسرے جنگ آزمودہ یورپی افسر بھی تیار ہوئے۔ اس وقت عبدالقادر پاشا کی جگہ علاء الدین

پاشا طرطوم کا گورنر تھا۔ علاء الدین پاشا نے اس مہم کے لیے نیل ارزق کے مشرق سے اونٹ حاصل کیے اور آخر اگست تک ہر قسم کی جنگی تیاریاں مکمل ہو گئیں۔ 8 ستمبر کو جرنیل ہکس نے فوج کا جائزہ لیا اور 9 ستمبر کو یہ سپاہ ام درمان کے مقام سے دویم کی طرف روانہ ہوئی۔ اس سپاہ میں چار مصری دستے پانچ سوڈانی دستے اور ایک دستہ توپچیوں اور سواروں کا تھا۔ مصری فوج سلیم بک عونی' سید بک عبدالقادر' ابراہیم پاشا حیدر اور رجب بک صدیق پاشا کے ماتحت تھی۔ سپاہ کی کل تعداد گیارہ ہزار تھی جس میں سے سات ہزار مصری پیدل فوج تھی۔ ساز سے پانچ ہزار اونٹ پانچ سو گھوڑے جرمن کارخانہ کرپ کی چار توپیں' دس پہاڑی توپیں اور دس دوسری قسم کی توپیں تھیں۔ ٹائمز ڈیلی نیوز اور لندن کے دوسرے ممتاز اخبارات کے نامہ نگار بھی اس مہم کے ساتھ تھے۔ 20 ستمبر کو یہ سپاہ دویم کے مقام پر پہنچیں۔ علاء الدین پاشا کی فوج اس سے مل گئی جو پہلے سے وہاں موجود تھی۔ لیکن علاء الدین پاشا کی فوج کی تعداد معلوم نہیں۔ جرنیل ہکس نے مصری حکومت کو اطلاع دی کہ میں نے ارادہ کیا ہے کہ فوج کو دویم سے ابیض کی طرف بڑھایا جائے۔ دویم سے ابیض کا فاصلہ 126 میل ہے اس مسافت میں چند چوکیاں قائم کی جائیں گی جن پر فوج کی مناسب تعداد رکھی جائے گی تاکہ واپسی کے خطوط محفوظ رہیں اور معاملہ دگرگوں ہونے پر دشمن واپسی کے راستہ کو منقطع نہ کر سکے۔ بہر حال جرنیل ہکس آگے بڑھا۔ ابیض سے تیس میل کے فاصلہ پر مہدی سے مڈبھیڑ ہو گئی۔ محمد احمد نے بہت بڑا لشکر فراہم کر رکھا تھا۔ اس کی فوج سرکاری سپاہ پر اس طرح ٹوٹ پڑی جس طرح شیر شکار پر گرتا ہے۔ سرکاری فوج میں ایسی بدحواسی چھا گئی کہ اپنے پرائے کی تمیز نہ رہی اور آپس ہی میں لڑنے کٹنے لگے۔ انگریزی اور مصری افواج کی قواعد و پریڈ اور اس کی توپیں کسی کام نہ آئیں مہدی کے پیروؤں نے تھوڑی دیر میں تمام فوج کا صفایا کر دیا۔ جرنیل ہکس اور اس کی ساری فوج' تمام یورپی افسر اور لندنی جرائد کے نمائندے سب میدان جان ستاں کی نذر ہوئے۔ البتہ تین سو آدمی جن میں سے اکثر ضعفاء تھے جان بچانے میں کامیاب ہو گئے۔ ان لوگوں نے درختوں کے پیچھے یا لاشوں کے نیچے چھپ چھپ کر جانیں بچائی تھیں۔ انہی لوگوں میں جرنیل ہکس کا خانساماں محمد نوربار وردی بھی تھا۔ اسی شخص کی زبانی ہزیمت و تباہی کے تمام واقعات مصر پہنچ سکے۔ محمد احمد نشہ فتح میں سرشار یہاں سے برکت کی طرف چلا گیا اور بعض امراء کو مال غنیمت جمع کرنے کے لیے وہیں چھوڑ گیا۔ اس لڑائی سے پہلے سوڈان کے اکثر قبیلے متردد تھے کہ حکومت کا ساتھ دیں یا محمد احمد کا؟ آخر یہ فیصلہ کر رکھا تھا کہ جرنیل ہکس کی لڑائی کا انتظار کر لیا جائے۔ انجام کار جب قبائل کو معلوم ہوا کہ مہدی نے فتح پائی اور سرکاری فوجیں بالکل تہس نہس ہو گئیں تو انہوں نے اپنی قسمت محمد احمد سے وابستہ کر دی۔

Marfat.com

جرنیل ہیکس کی ہزیمت

جب مہدی کو ایسی شاندار فتح حاصل ہوئی اور وہ آناً فاناً سارے کرفان پر قابض و دخیل ہو گیا تو مصری سپاہی اسے سچا مہدی سمجھ کر حصول سعادت کے لیے بھاگ بھاگ کر مہدی سوڈانی کی فوج میں شامل ہونے لگے اور افریقہ کے مسلمانوں میں یہ خیال پختہ ہونے لگا کہ صاحب الزمان مہدی علیہ السلام کہ جس کے نوائے سعادت کے نیچے کفار سے جنگ کر کے شہید ہونے والے قیامت کے روز شہدائے احد وبدر کے ساتھ اٹھائیں جائیں گے یہی ہے اس اعتقاد و یقین کی تائید ان احادیث سے ہوتی تھی جن میں حضرت مہدی آخر الزمان کا اسم مبارک محمد والد کا نام عبداللہ اور والدہ کا آمنہ مروی ہے۔ چونکہ مہدی سوڈانی کا نام اور اس کے والدین کے نام بھی یہی تھے۔ اس مطابقت اسمی کی وجہ سے اور نیز مہدی کے غیر معمولی فتوحات کے باعث لوگ غلط فہمی میں پڑ گئے تھے لیکن چونکہ آئندہ چل کر بہت سے دوسرے امور اس کے خلاف ثابت ہوئے رفتہ رفتہ یہ خیال لوگوں کے دلوں سے محو ہوتا گیا۔ اور اصل یہ ہے کہ شروع ہی سے اس کی ذات میں مہدی کی بہت سی نشانیاں مفقود تھیں۔ مثلاً وہ حضرت فاطمہ زہراء سلام اللہ علیہا کی اولاد نہیں تھا۔ اس کا ظہور مکہ معظمہ میں نہیں ہوا تھا۔ اس سے پہلی بیعت رکن اور مقام کے درمیان نہیں ہوئی تھی۔ ان ذاتی خصوصیات کے علاوہ عالم اسلام کے سیاسی حالات بھی اس نہج پر رونما نہیں تھے جو حضرت مہدی علیہ السلام کے زمن سعادت کے ساتھ مخصوص ہیں۔ جرنیل ہیکس کی ہلاکت خیز شکست سے قاہرہ اور لندن میں سخت اداسی چھا گئی۔ ابھی اس تباہی کی مرثیہ خوانی ختم نہ ہوئی تھی کہ ایک دوسری مصیبت کا سامنا ہوا یعنی علاقہ سواکن سے جو بحر قلزم پر واقع ہے مصری ہزیمت کی وحشت ناک خبریں آنے لگیں۔ وہاں عثمان دغنہ ایک مہدوی سپہ سالار نے سنکات اور توکر کی مصری فوجوں پر تاخت کر کے شکست فاش دی اور انہیں چاروں طرف سے گھیر کر بالکل نیست و نابود کر دیا۔ اس ہزیمت کا انتقام لینے کے لیے سواکن سے ایک اور مہم تیار کر کے محمد پاشا طاہر کی سرکردگی میں روانہ کی گئی۔ انگریزی سفیر یعنی ڈاک مانکرف بھی ساتھ تھا لیکن سواکن سے روانہ ہونے کے ایک ہی گھنٹہ بعد ساڑھے پانچ سو آدمی کی اس مہم پر عثمان دغنہ نے صرف ایک سو پچاس آدمیوں سے حملہ کر دیا اور شکست فاش دی۔ مصری اکثر تو مارے گئے اور جو بچے انہوں نے بھاگ کر سواکن میں جا دم لیا۔ سواکن اور کردفان کی ہزیمتوں نے انگریزوں اور مصریوں کو اور زیادہ مشوش کر دیا آخر جنرل ویلنٹائن بیکر کے زیر قیادت ایک اور زبردست مہم بھیجنے کی تجویز ہوئی۔ مصری فوجوں کے مسلمان افسر اور سپاہی جو جانے سے علانیہ انکار نہ کر سکتے تھے یہ سن کر انہیں مہدی کے مقابلے میں سوڈان جانا ہوگا۔ زار زار روتے تھے۔ آخر مہم روانہ ہوئی اور ان میں سے جو لوگ محمد احمد کی مہدویت سے زیادہ شغف و عقیدت رکھتے

Marfat.com

تھے راہ ہی میں بھاگ کر مہدوی فوج میں جا شامل ہوئے۔ اس مہم میں پیدل اور سوار ہر قسم کی مصری اور انگریزی فوج تھی جن کے سر عسکر علاوہ جرنیل ہیکر کے نو اور تجربہ کار انگریز فوجی افسر تھے۔ جرنیل ہیکر مع اپنی فوج کے سواکن کے جنوب میں جہازوں سے اتر کر 4 فروری 1884ء کو آگے روانہ ہوا۔ جس وقت فوج الطیب کے قریب پہنچی۔ عثمان دغنہ نے صرف بارہ سو آدمیوں کے ساتھ اس پر حملہ کر دیا۔ ہیکر نے یہ دیکھ کر رسالہ کو پیچھے ہٹا لیا اور پیدل فوج سے مقابلہ کرنے کی کوشش کی مگر انگریزی اور مصری سپاہی جن کے دلوں پر پہلے ہی سے مہدی کی ہیبت چھائی ہوئی تھی بالکل وارفتہ ہو گئے۔ فوج میں ابتری پھیل گئی اور پیر اکھڑ گئے چار کرپ توپیں' پانچ لاکھ کارتوس اور تین ہزار بندوقیں عثمان دغنہ کے ہاتھ لگیں۔ جرنیل ہیکر کے سوا تمام انگریز افسر مارے گئے۔ جرنیل ہیکر تھوڑی سی پسماندہ فوج کو لئے ہوئے بحال تباہ سواکن لوٹ آیا۔

محمد احمد کے حدود مملکت

جرنیل ہیکر کی شکست سے برطانیہ اور مصر میں اور بھی زیادہ تردد و انتشار پھیل گیا۔ اس کے درویشوں نے سواکن کو چاروں طرف سے گھیر رکھا تھا اور وہاں کی حفاظت کے لیے بہت تھوڑی جمعیت رہ گئی تھی۔ کرفان اور دارفور (دارفر) ہاتھ سے نکل چکے تھے اور مہدی کی حکومت خرطوم کے پاس سے چھ سو میل کے فاصلے تک پھیل گئی تھی۔ مشرق کی طرف حبشہ تک سنار کا تمام علاقہ اس میں آگیا تھا۔ مغرب کی جانب علاقہ کردفان نران فرتیب اس میں شامل ہو گئے تھے۔ اور شمال مشرق کی طرف سواکن تک اس کی سرحد جا ملی تھی۔ تھوڑے دن میں مہدی کا اثر علاقہ الفشیر تک پہنچ گیا۔ یہ دیکھ کر وہاں کا انگریز گورنر سر سلاٹن (جسے معرب کر کے سلاتین پاشا کہتے تھے) نہایت بد حواس ہوا خصوصاً اس لیے کہ اس کے افسروں میں بھی باغیانہ خیالات سرایت کر رہے تھے۔ وہ اس بات سے قطعاً مایوس ہو چکا تھا کہ جنگ کر کے مہدی سے عہدہ برا ہو سکے گا اس لیے یہ سوچ کر کہ درویشوں میں اس کا رسوخ بڑھ جائے گا اور ملک کی بد نظمی بھی دور ہو جائے گی۔ اس نے منافقانہ طریق پر دین اسلام اختیار کر لیا اور مہدی سے اظہار عقیدت کر کے اپنا علاقہ اس کی حوالے کرنے کی درخواست کی۔ اس سے قبل اس نے ایک چٹھی مسٹر اوگل کے ہاتھ جنرل ہکس کے نام طلب امداد کے لیے بھیجی تھی لیکن جرنیل ہکس کی ہزیمت اور ہلاکت نے سلاٹن کو ناامید کر دیا۔ اوگل نے وہاں سے واپس آکر سلاٹن کو صلاح دی کہ مہدی کی اطاعت کر لے کیونکہ حالت اس درجہ یاس انگیز تھی کہ مقابلہ کرنا اپنے کو ہلاکت میں ڈالنا تھا۔ غرض سلاٹن اور اوگل دونوں نے مہدی کی اطاعت کر لی۔ مہدی نے سلاٹن کا نام عبدالقادر رکھا اور حکم دیا کہ وہ العبید کو آجائے۔ جہاں اس وقت تک مہدی قابض ہو چکا تھا۔ سلاٹن حسب الحکم العبید پہنچا اور وہاں سے مہدی کے ساتھ خرطوم کی طرف

Marfat.com

لوٹ آیا۔ مہدی کی رحلت کے بعد اس کے خلیفہ عبداللہ نے اسے اپنے باڈی گارڈ میں متعین کر کے ام درمان میں رکھا۔ سلاطین پاشا کچھ مدت کے بعد وہاں سے چھپ کر بھاگ نکلا لیکن پھر گرفتار ہو گیا اور مدت تک درویشوں کی قید میں رہا۔ جب انگلستان اور مصر کو متواتر فوج کشی اور بے انتہا مصارف و نقصانات کے باوجود اپنے ارادہ میں کامیابی نہ ہوئی تو جرنیل گارڈن کو خرطوم بھیجنے کی تجویز ہوئی تاکہ وہ سوڈان میں قیام امن کی عملی تدابیر اختیار کرے اور نظر غائر سے دیکھے کہ مہدی کی روز افزوں دولت و قوت کے مقابلے میں کیا تجویز مناسب ہے۔ جرنیل گارڈن اس سے قبل سوڈان میں گورنر جنرل کے عہدہ پر ممتاز رہ کر اپنی لیاقت و مستعدی کا ثبوت دے چکا تھا اور اس ملک سے اچھی طرح واقف تھا۔ جنرل گارڈن لندن سے 27 جنوری 1884ء کو روانہ ہوا اور اسے ہدایت کی گئی کہ جس طرح بن پڑے وہ تمام سرکاری فوجوں کو جو سوڈان کے مختلف حصوں میں محصور ہیں نکال لائے گو یہ نہایت پر خطر اور سخت ذمہ داری کا کام تھا لیکن گارڈن نے نہایت دلیری اور استقلال سے اس اہم کام کا ذمہ لیا۔ جرنیل گارڈن برطانیہ کی طرف سے بحیثیت ہائی کمشنر سوڈان اور خدیو مصر کی طرف سے سوڈان کا گورنر جنرل بنا کر بھیجا گیا تھا۔ جنرل گارڈن نے بربر پہنچ کر آزادی سوڈان کے متعلق ایک اعلان جاری کیا اور تمام محصولات بقدر نصف کے معاف کر دیئے اور تمام باشندوں کی جرم بخشی کی۔ یہاں تک کہ اہل سوڈان کو لونڈی غلام رکھنے اور ان کی بیع و شرا کی بھی اجازت دے دی اور اسی اعلان کے ذریعہ سے محمد احمد مہدی کو سلطان دارفور (دارفر) مقرر کیا۔ اور کچھ تحائف مہدی کی خدمت میں بھیجے مگر مہدی نے ان کے قبول کرنے سے انکار کر دیا اور لکھا کہ میں کفار سے کسی بخشش و عطا کا روادار نہیں۔ محمد احمد نے اپنے خط میں یہ بھی لکھا کہ تم اپنے آپ کو ہمارے حوالے کر دو۔ اور سچے دین اسلام کے پیرو بن جاؤ جس سے تمہیں دنیا و عقبیٰ میں سرخروئی ہو اور تمہاری اور تمہارے ساتھیوں کی جان بچے ورنہ تم سب ناحق اپنی عزیز جانیں کھو بیٹھو گے۔ اس مراسلہ کا جواب جنرل گارڈن نے یہ دیا کہ اب میں تم سے مزید خط و کتابت نہیں کر سکتا۔

خرطوم کا محاصرہ

جب جنرل گارڈن خرطوم پہنچا تو انگریزی افواج میں مسرت کی ایک غیر معمولی لہر دوڑ گئی۔ سرکاری فوجیں اس وقت سخت ضغط کی حالت میں پڑی تھیں۔ نہ تو خرطوم خالی کر کے بھاگ جانے کا کوئی راستہ رہ گیا تھا اور نہ ان میں مہدی کے متوقع حملہ سے عہدہ برآ ہونے کی طاقت تھی۔ جنرل گارڈن نے یہ پر خطر حالت دیکھ کر یقین کر لیا کہ مہدی بہت جلد خرطوم پر حملہ آور ہو کر اس کا محاصرہ کر لے گا۔ اس لیے احتیاطاً اپنے محصور ہونے کی تیاریاں شروع کر دیں۔ اس سے اس بات کا یقین تھا کہ اگر بروقت کمک پہنچ گئی تو محاصرے سے نکل کر غنیم کا آسانی سے مقابلہ کر سکیں گے۔

Marfat.com

غرض گارڈن نے کئی مہینے کا سامان جمع کر کے شہر کے مورچوں کو مضبوط کر لیا۔ یہاں بتا دینا ضرور ہے کہ شہر خرطوم کی جائے وقوع طبعی طور پر کچھ اس طرح واقع ہوئی ہے کہ وہ ایک نہایت مضبوط قلعہ کی حیثیت رکھتا ہے۔ اس کی دو طرفیں شمال اور مغرب دریائے نیل سے محیط ہیں۔ مشرق اور جنوب کی طرف نہایت مضبوط شہر پناہ ہے اور شہر پناہ کے باہر ایک نہایت عمیق خندق ہے۔ قاہرہ کو جو برقی سلسلہ جاتا تھا مہدی نے 1884ء میں اسے کاٹ ڈالا۔ اس لئے آئندہ جنرل گارڈن اور اس کی فوج کے حالات پردۂ خفا میں پڑے رہے۔ چونکہ بہت دن تک جنرل گارڈن کی کوئی خبر قاہرہ نہ پہنچ سکی اس لیے انگریزی اور مصری حلقوں میں دن بدن انتشار پھیلتا گیا۔ جب ردو نیل میں طغیانی ہوئی تو جنرل گارڈن نے بذریعہ کشتیوں کے قاہرہ سے سلسلہ خط و کتابت جاری رکھنے کی کوشش کی۔ اس لیے کرنل بیمل اسٹوئرٹ کے ہاتھ جو مسٹر پاور انگریزی سفیر اور موسیو برلن فرانسیسی سفیر کے ساتھ جہاز عباس پر سوار ہو کر روانہ ہوا تھا اپنی بدحالی کے متعلق ایک مفصل رپورٹ قاہرہ بھیجی مگر بدقسمتی سے جہاز ایک چٹان سے ٹکرا کر ڈوب گیا۔ کرنل اسٹوئرٹ اور اس کے ساتھی کشتیوں میں سوار ہو کر کنارہ پر لگے اور ایک موضع میں پہنچے جہاں پر گاؤں والوں نے انہیں "فرنگی بے دین" کا لقب دے کر قتل کر ڈالا اس طرح قاہرہ جا کر جنرل گارڈن کی داستان درد سنانے والا کوئی متنفس باقی نہ رہا۔ اس اثناء میں مہدی کا لشکر خرطوم تک پہنچ گیا اور شہر کا محاصرہ میں لے لیا۔ جب کرنل اسٹوئرٹ اور انگریزی سفیر کے مارے جانے کی خبر لندن پہنچی اور ساتھ ہی یہ بھی معلوم ہوا کہ جرنیل گارڈن اور سرکاری افواج محصور ہیں تو انگلستان میں سخت پریشانی اور بددلی پھیل گئی۔ یہ دیکھ کر مسٹر گلیڈ سٹون وزیر اعظم برطانیہ نے ایک اور مہم لارڈ ولزلی کے زیر کمان جنرل گارڈن کی کمک کے لیے بھیجنے کا فیصلہ کیا۔ حکومت برطانیہ نے لارڈ ولزلی کو حکم دیا کہ ایک دفعہ جنرل گارڈن اور سرکاری فوج کو کسی طرح خرطوم سے صحیح و سلامت نکال لیا جائے اور اس کے بعد مہدی سے کوئی تعرض نہ کیا جائے کیونکہ حکومت برطانیہ نے اس بات کا فیصلہ کر لیا تھا کہ سوڈان کو خالی کر کے اس کی قسمت مہدی کے ہاتھ میں دے دی جائے اور مصر کی سرحد وادی حلفہ تک رہے۔ واقعی اس وقت یہی مناسب تھا کیونکہ مہدی کی قوت اس قدر بڑھ گئی تھی کہ حکومت برطانیہ کے پاس تخلیہ سوڈان کے سوا کوئی چارۂ کار ہی نہ تھا۔ انگلستان نے گذشتہ تین سال کے عرصہ میں ہزاروں جانیں گنوائیں۔ روپیہ پانی کی طرح بہایا اور بے شمار انگریز افسر ہلاک کرائے پھر بھی بجائے ترقی و اصلاح کے حالت بدن ابتر ہوئی۔

لارڈ ولزلی کی لندن سے روانگی

لارڈ ولزلی لندن سے روانہ ہو کر 9 ستمبر 1884ء کو اسکندریہ پہنچا اور وہاں سے قاہرہ آیا۔

Marfat.com

جنرل استیفن سن سپہ سالار افواج انگریزی مقیم مصر نے یہ تجویز پیش کی کہ لارڈ ولزلی کی مہم خیرہ قلزم کی راہ سے بندرگاہ ثرنکیتت پر اترے اور وہاں سے براہ سواکن وبربر خرطوم جائے کیونکہ سواکن سے بربر تک براہ خشکی اور بربر سے خرطوم تک براہ دو نیل صرف چار سو اسی میل کا فاصلہ تھا۔ اور قاہرہ سے دریائے نیل میں سے ہو کر خرطوم جانے میں ساڑھے بولہ سو میل کا سفر تھا۔ مگر جب لارڈ ولزلی اور جنرل اسٹیفن سن میں اختلاف رائے ہوا تو حکومت برطانیہ نے اس فیصلہ کا انحصار لارڈ ولزلی کی صواب دید پر رکھا۔ لارڈ ولزلی نے نیل کا راستہ پسند کیا لیکن یہ نہ معلوم ہو سکا کہ اس میں کون سے فائدے مضمر تھے۔ یہ مہم 3 نومبر کو ڈنگولہ پہنچی۔ لارڈ ولزلی نے محمد یاور حاکم ڈنگولہ کو جس نے مہدی کے حملہ کو کامیابی کے ساتھ روکا تھا کے سی ایم جی کا خطاب اور تمغہ عطا کیا۔ محمد یاور نے تمغہ پہنتے وقت گورنمنٹ برطانیہ کا شکریہ ادا کیا اور کہا یہ اعزاز میری حیثیت اور لیاقت سے فزوں تر ہے۔ مگر جب عطائے خطاب کا جلسہ ختم ہوا تو محمد یاور نے غسل کیا اور تمام کپڑے بدل ڈالے کیونکہ اس کے اعتقاد میں اس کا جسم عیسائی کا ہاتھ لگنے سے نجس ہو گیا تھا۔ یکم نومبر 1884ء کو جنرل گارڈن کا ایک خط قاہرہ میں سر ایولن بیرنگ کے پاس پہنچا جو 13 جولائی کا لکھا ہوا تھا۔ اس خط میں جنرل گارڈن نے لکھا تھا کہ ہم خیریت سے ہیں اور چار مہینہ تک خرطوم کو قبضہ میں رکھ سکتے ہیں۔ جس وقت یہ خط پہنچا چار مہینے گذر چکے تھے اس لیے اور بھی زیادہ فکر پیدا ہوئی۔ دسمبر کے اخیر میں انگریزی افواج مقام کورٹی میں پہنچ گئیں مگر چونکہ خرطوم ابھی بہت مسافت پر تھا اس لیے لارڈ ولزلی نے حکومت کو لکھا۔ "یہاں سے روانگی میں اس لیے توقف ہوا کہ کافی سامان رسد کے جمع ہونے میں بڑی دشواریاں پیش آئیں۔ کیونکہ خرطوم کو جو عرصہ سے محصور ہے اور جس میں رسد کی سخت قلت ہے اور گرد و نواح کا سارا ملک ویران ہو چکا ہے۔ بغیر کافی سامان کے جانا ہرگز مناسب نہیں ہے۔ لارڈ ولزلی نے کورٹی میں اپنی فوج کو دو حصوں میں تقسیم کر دیا۔ ایک کو کورٹی سے براہ خشکی متمہ جانے اور وہاں سے کشتیوں پر سوار ہو کر خرطوم پہنچنے کا حکم دیا اور دوسرا نیل کی راہ سے بربر ہو کر خرطوم جانے کے لیے تیار ہوا۔ اول الذکر دستہ فوج میجر جنرل سر ہربرٹ اسٹوئرٹ کے زیر احکام روانہ کیا گیا۔ اس کی فوج کا کچھ حصہ جس میں بارہ سو سپاہی اور دو ہزار اونٹ تھے۔ کورٹی سے غد کل کو روانہ ہوا۔ اس اثناء میں لارڈ ولزلی کے پاس کاغذ کے ایک چھوٹے سے پرزے پر جنرل گارڈن کے ہاتھ کا لکھا ہوا یہ پیغام پہنچا کہ "خرطوم میں بہمہ وجوہ خیریت ہے۔" (دستخط) سی جی گارڈن 14 دسمبر 1884ء) یہ تحریری پیغام محض مغالطہ دہی کے لیے تھا۔ مقصد یہ تھا کہ اگر قاصد مہدوی لشکر کے ہاتھوں گرفتار ہو جائے تو وہ سرکاری فوج کی کمزوری حالت کا احساس نہ کر سکے۔ اصل پیغام جو زبانی کہنے کے لیے قاصد کو دیا گیا تھا یہ تھا۔ "ہماری فوج کو قلت خوراک کی وجہ سے انتہائی مشکلات کا سامنا ہے۔ ہمارا سامان خوراک قریب الاختتام ہے یعنی کسی قدر میدہ اور تھوڑے سے بسکٹ رہ

Marfat.com

گئے ہیں۔ ہماری آرزو ہے کہ ہماری مدد کو جلد آؤ۔" جنرل گارڈن نے اس رقعہ کے ساتھ اپنے ایک دوست کے پاس بھی ایک پیغام قاہرہ بھیجا تھا جس کے یہ الفاظ تھے۔ "بھائی بس اب خاتمہ ہے۔ یقین ہے کہ ہفتہ عشرہ میں ہماری نئی مصیبتوں کا آغاز ہوگا۔ اگر اہل ملک ہماری مدد کرتے تو یہ نوبت نہ آتی۔" (سی جی گارڈن)

میجر جنرل سر ہربرٹ کا مجروح ہونا

16 جنوری 1885ء کو کرنل بارد نے سر ہربرٹ اسٹوئرٹ کو اطلاع دی کہ ابو کلیہ سے شمال مشرق کی جانب پہاڑیوں پر مہدی کے آدمی دکھائی دیتے ہیں۔ اسی روز سرکاری فوج ابو کلیہ سے روانہ ہو کر تین میل کے فاصلہ پر پہنچ گئی۔ مہدی کا کیمپ وہاں سے دو میل کے فاصلے پر تھا۔ 17 جنوری کی صبح کو انگریزی سپاہ مہدی کے لشکر سے معرکہ آرا ہوئی۔ جس میں سر اسٹوئرٹ ایک زخم کاری سے بیکار ہو کر گر پڑا اور فوج کی کمان سر چارلس ولسن نے لی۔ اس لڑائی میں جانبین کا سخت نقصان ہوا۔ سر چارلس نے ارادہ کیا کہ اس مقام کو محفوظ کر کے تھوڑی سی فوج وہاں چھوڑ دی جائے اور باقی ماندہ فوج کے ساتھ نیل کی طرف پیش قدمی کی جائے مگر مہدویوں کی آتش باری سے تمام مورچے مسمار ہو گئے اس لیے اس ارادے کی تکمیل نہ ہو سکی۔ لندنی اخبارات مارننگ پوسٹ اور اسٹینڈرڈ کے وقائع نگار مسٹر کیمرن اور ہربرٹ بھی اس معرکہ میں کام آئے۔ 21 جنوری 1885ء کو چار مصری دخانی جہاز خرطوم کی طرف سے آتے دکھائی دیئے۔ قاہرہ کی انگریزی فوج نے انہیں دیکھتے ہی خوشی کے نعرے بلند کیے۔ جہازوں کے ایک افسر نے جنرل گارڈن کا رقعہ فوج میں پہنچایا جس میں لکھا تھا۔ "ہم خرطوم میں بالکل امن و عافیت سے ہیں اور کئی سال تک محفوظ رہ سکتے ہیں۔" (سی جی گارڈن مورخہ 29 دسمبر 1884ء) اس رقعہ سے بھی مثل سابق یہ غرض تھی کہ اگر مہدوی لشکر کے ہاتھ لگ جائے تو اسے سپاہ انگریزی کی قوت کا مغالطہ ہو اور خط محاصرہ سے آگے بڑھ کر یک بیک خرطوم پر حملہ آور ہونے کا حوصلہ نہ کر سکے۔ اور حقیقی پیام جو فوج کمک کے افسر اعلیٰ کو بھیجا گیا تھا یہ تھا۔ میں نے خرطوم کو بچانے میں کوئی دقیقہ فروگذاشت نہیں کیا لیکن اب ماننا پڑتا ہے کہ ہماری حالت بہت نازک ہو گئی ہے اور ہمیں چاروں طرف سے یاس و قنوط نے گھیر رکھا ہے۔ میں یہ بات گورنمنٹ سے ناراضی کی بنا پر نہیں کہتا بلکہ حقیقت حال سے مطلع کیا ہے اور اس میں کوئی شبہ نہیں کہ اگر خرطوم پر دشمن متصرف ہو گیا تو ہم کسالا پر بھی قبضہ نہ رکھ سکیں گے۔" عبدالحمید بے جہاز بدرڈین کے مصری افسر نے سر چارلس ولسن سے بیان کیا کہ محصورین کی حالت بہت نازک ہے اور جنرل گارڈن کی فوج قطعاً مایوس ہو چکی ہے۔ جنرل مذکور نے مجھ سے کہا تھا کہ اگر تم انگریزی فوج کو سوار کر کے دس روز کے اندر اندر واپس نہ آؤ گے تو پھر کمک بھیجنا بے سود ہوگا۔ 23 جنوری کو سارا دن

Marfat.com

روانگی کی تیاریاں ہوتی رہیں اور 24 جنوری کو چند جہاز انگریزی فوج کو سوار کر کے خرطوم کی طرف روانہ ہوئے۔

خرطوم پر مہدی کا قبضہ اور جرنیل گارڈن کا قتل

جب محاصرے نے طول کھینچا اور خرطوم میں انگریزی فوج کی حالت زبونی کے انتہائی درجہ کو پہنچ گئی تو اہل شہر نے جو مہدی کی حمایت کا دم بھرتے تھے مہدی کو پیغام بھیجا کہ اب سپاہ انگریزی میں دم باقی نہیں اس لیے شہر پر بغیر مزید توقف کے حملہ کر دینا مناسب ہے۔ اہل خرطوم جو انگریزی فوج کے ساتھ محاصرہ میں تھے بر سر بازار انگریزوں کو گالیاں دیتے تھے۔ جنرل گارڈن سب کچھ کانوں سے سنتا مگر ارتعاش بغاوت کے خوف سے کسی پر سختی کرنے کی ہمت نہ پڑتی تھی۔ غرض مہدی نے خرطوم پر حملہ کر کے توپوں کے منہ کھول دیئے اور شہر آناً فاناً ایک کرۂ نار بن گیا۔ خرطوم کے ایک عیسائی سوداگر مارو بنی نام کا بیان ہے کہ جنرل گارڈن کو اس بات کا یقین تھا کہ کمک جلد آنے والی ہے اس لیے سپاہیوں سے آخری مرتبہ درخواست کی کہ استقلال کو ہاتھ سے نہ دیں۔ مگر افسوس کہ کمک آخر وقت تک نہ پہنچی جس شب کو مہدی نے خرطوم پر قبضہ کیا ہے اس شام کو میں نے جنرل گارڈن سے ملاقات کرنے کا قصد کیا۔ جس کی مجھے اجازت مل گئی۔ میں نے دیکھا کہ وہ دیوان خانہ میں تنہا ہے۔ جب میں اندر داخل ہوا تو مجھ سے کہنے لگا۔ "اب میں زیادہ کچھ نہیں کہہ سکتا کیونکہ سپاہی میرا ہرگز اعتبار نہ کریں گے۔ میں نے انہیں بارہا یقین دلایا کہ مدد آنے والی ہے مگر افسوس نہ آئی اب وہ یہ سمجھ لیں گے کہ کمک کے تمام افسانے من گھڑت تھے۔ جاؤ اور جس قدر آدمی میسر ہوں انہیں ساتھ لے کر اچھی طرح مقابلہ کرو اور مجھے چرٹ پینے دو۔ جنرل گارڈن کے لب و لہجہ سے معلوم ہوتا تھا کہ وہ سخت بد حواس ہے اس کا دل اس قدر بھر آیا تھا کہ منہ سے اچھی بات نہ نکلتی تھی۔ تفکرات کی وجہ سے اس کے تمام بال یک بیک سفید ہو گئے تھے اور جنرل گارڈن کی بے بسی دیکھ کر میری بھی کمر ہمت ٹوٹ گئی تھی۔ غرض جنرل گارڈن نے اپنی شکستہ دل فوج کو ساتھ لے کر آخر مرتبہ مدافعت کی کوشش کی لیکن شکست کھائی اور دس جنوری 1885ء کی رات کو مہدی کی فوج نے خرطوم پر قبضہ کر لیا۔ 26 جنوری کی صبح کو جبکہ سر چارلس ولسن کے جہاز خرطوم کی طرف بڑھ رہے تھے خرطوم پر مہدوی جھنڈا لہرا رہا تھا۔ مہدوی فوجیں رات ہی کو شہر میں داخل ہو چکی تھیں۔ اس صبح کو جنرل گارڈن نے دیکھا کہ مہدی کے جھنڈے گورنمنٹ ہاؤس (گورنر کی کوٹھی) کے ارد گرد بلند ہو رہے ہیں اور ہزاروں آدمیوں کا ہجوم ہے لیکن کوٹھی کے اندر داخل ہونے کی کسی میں جرات نہ تھی۔ کیونکہ انہیں خوف تھا کہ کہیں کوٹھی میں سرنگ نہ لگ رہی ہو تھوڑی دیر میں چار آدمی جو نہایت قوی ہیکل تھے کوٹھی میں گھس آئے اور بہت سے دوسرے آدمی بھی ان کے پیچھے

Marfat.com

داخل ہوئے۔ جو اشخاص بعد میں داخل ہوئے وہ چھت پر چڑھ گئے اور پہرہ کے تمام سپاہیوں کو قتل کر ڈالا۔ چار آدمی جو پہلے داخل ہوئے تھے انہوں نے جنرل گارڈن کی طرف رخ کیا۔ قریب پہنچ کر ان میں سے ایک نے کہا۔ ملعون الیوم یومک (اے ملعون! آج تیری ہلاکت کا وقت آپہنچا) یہ کہہ کر جنرل گارڈن کے نیزہ مارا۔ گارڈن نے داہنے ہاتھ سے روکنا چاہا اور پیٹھ چھیر لی۔ اس نے دوسرا وار کیا جس سے ایک مہلک زخم آیا اور جنرل مذکور زمین پر گر پڑا۔ پھر اس کے ساتھیوں نے تلواروں سے اس کا کام تمام کر دیا اور اس کا سر کاٹ کر سلاتین پاشا کو جا دکھایا جو مہدی کی قید میں تھا۔ سلاتین پاشا کا بیان ہے کہ 26 جنوری کی صبح کو میں نہایت بے چین تھا اور اس انتظار میں تھا۔ کہ دیکھوں پردۂ غیب سے کیا ظاہر ہوتا ہے؟ اس اثناء میں خوشی کے نعرے بلند ہوئے اور فتح کے شادیانے بجنے لگے میرے محافظوں میں سے ایک سپاہی خبر لانے کو دوڑا گیا جس نے چند منٹ میں واپس آکر بیان کیا کہ گذشتہ شب کو حضرت مہدی علیہ السلام نے خرطوم فتح کر لیا ہے۔ تھوڑی دیر میں تین سیاہ پوش سوڈانی میری طرف آئے۔ یہ سپاہی میرے خیمے کے قریب آٹھہرے اور میری طرف گھور گھور کر دیکھنے لگے۔ ان کے پاس کپڑے میں کوئی چیز لپٹی ہوئی دکھائی دیتی تھی۔ انہوں نے کپڑا کھول دیا اور جنرل گارڈن کا سر مجھ کو دکھایا۔ یہ وحشت ناک منظر دیکھ کر میرا دماغ کھولنے اور کلیجہ منہ کو آنے لگا۔ قریب تھا کہ میرے قلب کی حرکت بند ہو جائے مگر میں انتہائی ضبط و تحمل کے ساتھ چپ چاپ دیکھنے لگا۔ ایک سوڈانی نے گارڈن کا چہرہ میری طرف کر کے کہا کہ یہ تیرے چچا کا سر ہے جو حضرت مہدی آخر الزمان علیہ السلام پر ایمان نہیں لاتا تھا۔ میں نے جواب دیا کہ وہ بہادر جرنیل بہت خوش نصیب تھا جس کی موت کے ساتھ اس کے مصائب کا بھی خاتمہ ہو گیا۔ سوڈانی کہنے لگا واہ خوب اب بھی تم اس ملعون کی تعریف کرتے ہو؟ تم بہت جلدی اپنی شقاوت کا خمیازہ بھگتو گے۔ یہ کہہ کر وہ گارڈن کا سر لئے ہوئے وہاں سے مہدی کے پاس چلے گئے۔ جنرل گارڈن کے قتل سے انگلستان کے سیاسی مطلع پر اداسی اور غم کا ابر چھا گیا۔ اور ہر شخص گورنمنٹ کو اس بات کا ملزم قرار دیتا تھا کہ اس نے امدادی مہم کے بھیجنے میں لیت و لعل سے کام لیا۔ گورنمنٹ نے سر چارلس ولسن سے وجہ تاخیر کے متعلق جواب طلب کیا۔ سر چارلس نے جواب دیا کہ جب جہاز 21 جنوری کو غبات کے مقام پر پہنچے تو میری فوج متمہ میں غنیم کے ساتھ معروف پیکار تھی اور کثرت اموات کی وجہ سے فوج بہت کمزور ہو گئی تھی۔ علاوہ بریں یہ خبر پہنچی تھی کہ مہدی ایک بہت بڑی جمعیت کے ساتھ ام درمان سے آرہا ہے۔ ایسی حالت میں اس بات کا اطمینان کئے بغیر روانہ نہ ہو سکا کہ انگریزی فوج مقابلہ کی صلاحیت رکھتی ہے یا نہیں؟ مزید برآں اگر میں 22 جنوری کو غبات سے روانہ ہو جاتا تو بھی 26 جنوری کی دوپہر سے پہلے ہرگز نہ پہنچ سکتا۔ اور اس سے پیشتر خرطوم پر مہدی کا قبضہ ہونے کے بعد جرنیل گارڈن قتل کیا جا چکا تھا۔

Marfat.com

جرنیل ارل کی ہلاکت

امدادی مہم کا جو حصہ کورٹی سے براہ نیل خرطوم کو روانہ ہوا تھا اس سے کربیکان کے مقام پر ایک معرکہ ہوا جس میں جنرل ارل مارا گیا۔ جس وقت لارڈ ولزلی نے تسخیر خرطوم اور جنرل گارڈن اور جنرل ارل کے مارے جانے کی خبریں سنیں تو بعض انگریزی فوجوں کو واپسی کا حکم بھیج دیا اور بربر پہنچنے کے تمام تر ارادے فسخ کر دیئے اور حکومت انگلستان سے اس کے آئندہ ارادوں کے متعلق خط و کتابت شروع کی۔ آخر فیصلہ ہوا کہ مہدی کی مزید ترقی کو روکنے کے لیے بربر پر قبضہ کیا جائے۔ غرض اس مہم کے لیے تیرہ ہزار فوج جن میں چار ہندوستانی پلٹنیں ایک ہندوستانی رسالہ اور آسٹریلیا کی ایک پلٹن بھی شامل تھی مع کثیر التعداد اونٹوں کے تیار کئے گئے اور جنرل جیرلڈ گریہم کے زیر کمان یہ مہم روانہ ہوئی۔ ان میں سے ہندوستانی فوج جنرل ہڈسن کے ماتحت تھی۔ 12 مارچ 1885ء کو جنرل گریہم نے سواکن پہنچ کر اس انگریزی فوج کی کمان لی جو وہاں پڑی تھی۔ اس فوج میں پانچ سو افسر' سوا دس ہزار سپاہی' پونے سات ہزار گھوڑے' پونے تین ہزار اونٹ' آٹھ سو خچر اور پونے تین ہزار خدمت گار اور ٹھیکہ داروں کے آدمی تھے۔ جنرل گریہم کو ہدایت کی گئی تھی کہ سب سے مقدم اور اہم کام عثمان دغنہ کا خاتمہ کر کے جنگل کو ریل کے لیے صاف اور بے خطر بنانا ہے۔ اس کے بعد نہایت مستعدی سے ریل کی لائن تیار کی جائے۔ 20 مارچ کو جنرل گریہم دس ہزار سپاہ کے ساتھ ہاشین کو روانہ ہوا جو سواکن کے قریب ہے یہاں مہدی کے لشکر سے ایک معرکہ ہوا۔ نتیجہ کے لحاظ سے یہ لڑائی بھی انگریزوں کے حق میں مضر ہوئی۔ اس محاربہ سے پیروان مہدی کی بہادری کا تازہ ثبوت ملتا تھا کیونکہ جس وقت ہندوستانی پلٹن بنگال لینسرز نے حملہ کیا مہدی کے پیدل آدمی بلا لحاظ اس امر کے کہ ان کے مقابل سوار ہیں اس طرح ٹوٹ پڑے جس طرح شیر شکار پر جھپٹتا ہے۔ اسی طرح ایک دوسرے معرکہ میں مہدی کے صرف ڈیڑھ سو آدمیوں نے انگریزوں کے پورے بریڈ پر حملہ کر کے اس کو نہایت کامیابی کے ساتھ پسپا کر دیا۔ اب جنرل گریہم نے سر جان میک نیل کے ماتحت کچھ فوج سواکن اور تمائی کے مابین فوجی کیمپ تیار کرنے کے لیے بھیجی۔ کیمپ کی حفاظت کے لیے چاروں طرف لکڑیوں کا ایک احاطہ تیار کیا گیا۔ مگر ابھی احاطہ کا تھوڑا حصہ ہی تیار ہوا تھا کہ فوجی محافظوں نے یک بیک یہ خبر دی کہ مہدی کا لشکر آرہا ہے۔ یہ سن کر انگریزی لشکر میں سخت ابتری اور بد انتظامی پھیل گئی۔ انگریزی فوج کو سخت نقصان اٹھانا پڑا بلکہ جو آدمی میدان جنگ سے بھاگ کر سواکن پہنچے انہوں نے تو یہ مشہور کر دیا کہ انگریزی فوج بالکل تباہ ہو گئی ہے۔

Marfat.com

سر جان میک نیل کی ہزیمت' سارا سوڈان مہدی کے علم اقبال میں

3اپریل کو جنرل گریہم اعلیٰ درجہ کی آٹھ ہزار انگریزی فوج لے کر تمائی کی طرف بڑھا مگر وہ عثمان دغنہ کا کیمپ جلانے کے سوا کچھ نہ کر سکا اور گو انتہائی کوشش کی گئی اور فوج کی تعداد بڑھانے کی غرض سے بار برداری کی دقتیں بھی رفع کی گئیں اور سر جان میکنیل کو بھی سخت نقصان اٹھانا پڑا مگر نتیجہ سوائے اس کے کچھ نہ نکلا کہ انگریزی سپاہ ایک چھوٹے سے گاؤں کو جلا کر واپس آ گئی۔ کیونکہ قلت آب کی وجہ سے آگے بڑھ کر حملہ کرنا ناممکن تھا۔ غرض سر جان میک نیک کی ہزیمت اور بعد کی ناکامیوں سے انگریز افسروں کے دل چھوٹ گئے اور مہم سواکن اور توسیع ریلوے کی داستان یہیں پر ختم ہو گئی۔ عثمان دغنہ اس بلا کا آدمی تھا کہ اس پر قابو پانا کوئی خالہ جی کا گھر نہ تھا۔ انگریز جتنی ریلوے لائن اور تار کے کھمبے تیار کرتے وہ تباہ کر جاتا۔ بالجملہ اس مہم کے افسر اعلیٰ جنرل گریہم کو سوائے ندامت و شرمساری کے کچھ حاصل نہ ہوا چنانچہ اسی ناکامی کی وجہ سے لارڈ ولزلی نے خود سواکن پہنچ کر مہم کا انتظام اپنے ہاتھ میں لیا۔ لیکن اس اثنا میں حکومت برطانیہ نے مہم سواکن کی ناکامی سے سبق آموز ہو کر مجوزہ سواکن بربر ریلوے کی تیاری کا ارادہ فسخ کر دیا اور حکم دیا کہ ریلوے لائن کا سارا سامان انگلستان بھیج دیا جائے اور فوج بھی سواکن سے واپس آ جائے اس لیے ریلوے کا کام بند کر دیا گیا اور تمام فوج واپس بلا لی گئی۔ جس وقت اس فوج کے سامان کی آخری گاڑی روانہ ہوئی عثمان دغنہ کے آدمیوں نے اس کا تعاقب کیا اور ازراہ تحقیر اس کے طرف چند فائر کر کے انگریزی مہم کو خیرباد کہا۔ اس نیرنگ ساز قدرت کی کرشمہ سازیاں دیکھو کہ وہ مغرور و پرشکوہ سلطنت برطانیہ جس کی فوجی طاقت اور جنگی حکمت عملیوں کا لوہا ساری دنیا مانتی ہے۔ اس قدر صرف اور نقصان کے باوجود مہدی کے مقابلہ میں متواتر ہزیمتیں اٹھا کر کس طرح سوڈان خالی کرنے پر مجبور ہوئی؟ حالانکہ مہدی کے پیروؤں کو نہ تو کافی سامان جنگ اور اسلحہ میسر تھے اور نہ ان کے پاس توپیں تھیں گو بعض محاربات میں انہوں نے بندوقیں بھی استعمال کیں لیکن وہ عموماً تلواروں اور نیزوں ہی سے لڑتے رہے اور انہی سے انگلستان' مصر' ہندوستان اور آسٹریلیا کی بہترین قواعد دان اور تربیت یافتہ فوجوں کے چھکے چھڑا دیئے اور ہزیمت یافتہ وہ فوجیں تھیں جن کے پاس اعلیٰ درجہ کا سامان حرب تھا اور انہیں یورپ کے ماہر ترین جرنیل لڑا رہے تھے۔ حقیقت یہ ہے کہ اگر ایک طرف تمام دنیا کا مادی سامان جمع تھا تو دوسری طرف محض توکل علی اللہ اور جوش ایمانی کے ہتھیار تھے اور اس میں شبہ نہیں کہ اگر قائد ازل رہنمائی کرے اور خلوص نیت کارساز ہو تو مادیت روحانیت پر کبھی غالب نہیں آ سکتی مہدی کی سلطنت چار سو میل تک بحر قلزم کے کنارے پر پھیلی ہوئی تھی اور اندروں ملک میں بھی اس کا علاقہ ایک طرف تو سرحد حبشہ (اہل سینیا) تک پہنچ گیا تھا اور مغرب کی جانب میدان صحرا احد

افاصل تھا پس یوں سمجھنا چاہیے کہ وادی نیل ایک ہزار میل سے زیادہ حکومت مصر سے آزاد ہو گئی اور انگلستان اور مصر کی متحدہ حربی جدوجہد بے نوا فقراء کے مقابلہ میں ناکام ثابت ہوئی۔ جب سوڈان کے صدر مقام خرطوم پر عمل دخل ہو جانے کے بعد سوڈان کی ساری مملکت محمد احمد کے زیر نگین ہو گئی تو اس کی عظمت و سطوت کا ڈنکہ چار دانگ عالم میں بجنے لگا۔ اب محمد احمد وہ بوریہ نشین محمد احمد نہ تھا۔ جو جزیرہ ابا میں شب و روز ذکر الٰہی میں مصروف رہتا تھا اور ہزارہا مخلوق اس کا وعظ سننے آیا کرتی تھی اور فقر و فاقہ میں گزر بسر کرتا تھا بلکہ اب فقر کے ساتھ بادشاہت بھی جمع ہو گئی تھی۔ اب مہدی پر وہ زمانہ نہ تھا کہ حکومت مصر یا گورنمنٹ برطانیہ اسے باغی کا خطاب دے سکتی بلکہ اب وہ برطانیہ کی ملکہ وکٹوریہ کا ہمسر و رقیب خیال کیا جاتا تھا اور دول یورپ اسے نہایت قدر و منزلت کی نگاہوں سے دیکھتی تھیں۔

تعلیمات

محمد احمد تخت سلطنت حاصل کرنے کے بعد بھی شعائر الٰہی کا ویسا ہی پاس و لحاظ کرتا تھا جیسا کہ وہ اپنے آغاز گوشہ نشینی میں کرتا تھا۔ احکام خداوندی کی پابندی میں بڑا سخت گیر تھا۔ شراب خوار کو درے لگواتا' چوروں کے ہاتھ کٹواتا اور زانی پر بھی حد شرع جاری کرتا۔ رمضان المبارک کا اتنا احترام کرتا تھا کہ بے عذر روزہ نہ رکھنے کی سزا اس نے موت مقرر کر رکھی تھی۔ ان تعزیرات کی برکت سے چند ہی روز کے اندر ہر قسم کے فسق و فجور بد معاشی و بدیانتی کا قلع قمع ہو گیا۔ اس کے انصاف کا ایسا ڈنکہ بجا کہ کوئی شخص بیداد' غصب و بدیانتی میں مبادرت نہ کر سکتا تھا۔ مسجدیں مصلیوں سے معمور تھیں ہر طرف قال اللہ و قال الرسول کے چرچے تھے۔ جب محمد احمد کہیں جاتا تو لوگ اس کی زیارت کے لیے دیوانہ وار اٹھ دوڑتے تھے۔ بعض ایسے لوگ تھے جنہوں نے مہدی کو سینکڑوں مرتبہ پہلے دیکھا ہو گا لیکن ان کا اعتقاد و اشتیاق اس درجہ بڑھا ہوا تھا کہ وہ مہدی کا رخ زیبا دیکھنے سے کبھی سیر نہ ہوتے تھے اور عموماً اس محراب مسجد کے قریب پہنچنے کے لیے آپس میں لڑتے جھگڑتے تھے جس میں وہ نماز پڑھتا تھا۔ ہزارہا انسانوں کا شور ظاہر کر دیتا تھا کہ اب مہدی کے مسجد میں آنے کا وقت قریب ہے۔ محمد احمد کے مذہبی احکام و تعلیمات کا بیشتر حصہ نظام حکومت اور فرمان شاہانہ کے زیر عنوان اوپر درج ہو چکا ہے۔ مزید تعلیمات درخشانات ملاحظہ ہوں۔

خلاصہ تعلیمات

محمد احمد کے مسلک کا ایک بڑا حصہ اس کے منشور میں آچکا ہے۔ اس کی تعلیمات کا لب

Marfat.com

لباب ترک دنیااور لذات دنیوی سے اجتناب تھا۔ اس نے ہر قسم کے القاب بر طرف کر دیئے۔ مالدار اور غریب کو مساوی کر دیااور حکم دیا کہ میرے تمام پیرو لباس میں یک رنگی اختیار کریں تا کہ دوسروں سے امتیاز کرنے میں سہولت رہے اس کا مرید خواہ امیر ہو یا غریب ایسا جبہ پہنتا تھا جس میں پیوند لگے ہوتے تھے۔ اس نے چاروں مذاہب حنفی' شافعی' مالکی' حنبلی کو جمع کر دیا۔ فروعی اختلافات کی صورت میں تطبیق کی کوشش کی جاتی تھی اور قدر مشترک کو لے لیا جاتا تھا نماز صبح اور عصر کے بعد ہر روز قرآن کی چند مخصوص آیتیں تلاوت کی جاتی تھیں۔ اس عمل کو "راتب" کہتے تھے۔ وضو میں کسی قدر سہولت و تخفیف کر دی۔ بیاہ شادی کی تقریب میں برات اور ہر قسم کے اجتماع کی ممانعت کی اور حکم دیا کہ شادی کے موقع پر لوگوں کو کھانے کی دعوت نہ دی جائے۔ مہر کی مقدار بھی مقرر کر دی۔ باکرہ کا مہر دس ریال یا اس کا بدل مقرر کیا۔ ثیبہ کا اس سے نصف ٹھہرایا احکم کی خلاف ورزی کرنے والا سزا کا مستحق تھا ولیمہ کا کھانا پکانے کی بھی ممانعت کی۔ اور جو کوئی اس کا مرتکب ہوتا اس کے کوڑے لگائے جاتے تھے اور اس کا مال و متاع ضبط کر لیا جاتا تھا۔ حج کعبہ کی ممانعت کر دی اور یہ ممانعت اس بنا پر تھی ہو کہ مبادا سوڈان کے باہر کے لوگوں سے اس کے پیروؤں کا خلا ملا اس کی تعلیمات اور اس کے مسلک پر اثر انداز ہو۔ جو کوئی اس کے مہدی موعود ہونے کا انکار کرتا یا شک و شبہ کا اظہار کرتا اس کا داہنا ہاتھ اور بایاں پاؤں کاٹ دیا جاتا۔ فرد جرم عائد کرنے کے لیے دو گواہوں کی شہادت کافی تھی اور بعض دفعہ مہدی کا یہ کہہ دینا ہی کافی تھا کہ مجھے یہ بات بذریعہ وحی معلوم ہو چکی ہے۔ محمد احمد نے ان تمام کتب کو نذر آتش کر دیا جو اس کی تعلیمات کے مخالف خیال کی گئیں۔ اس سے معلوم ہو گا کہ جہاں اس کی ذات اور اس کی تعلیمات میں بیسیوں خوبیاں تھیں وہیں مصائب و بدعات بھی موجود تھے۔ خصوصاً حج بیت اللہ سے روکنا بہت بڑی گمراہی تھی اگر یہ امتناع حج کے انکار پر مبنی تھا تو محمد احمد اپنی امت سمیت دائرہ اسلام سے خارج تھا۔

حرمین اور بیت المقدس پر عمل و دخل کرنے کا خواب پریشان

جب خرطوم فتح ہو گیا اور انگریزی فوجیں سوڈان خالی کر کے مصر چلی آئیں تو ان لوگوں کو بھی محمد احمد کے مہدی موعود ہونے کا یقین ہو گیا جو اب تک مذبذب تھے کیونکہ محمد احمد کے مذہبی شغف کے ساتھ یہ حقیقت بھی ان کے پیش نظر تھی کہ اس نے کسی ایسے میدان جنگ میں شرکت نہیں کی جس میں وہ غالب نہ رہا ہو اور کسی ایسے شہر کا محاصرہ نہیں کیا جسے فتح نہ کیا ہو۔ جرجی زیدان

Marfat.com

نے لکھا ہے کہ جب وہ سوڈان کا ملا مزاحمت حکمران ہو گیا تو ڈینگیں مارنے لگا۔ کہ میں جو کچھ کرتا ہوں وحی الٰہی کے حکم سے کرتا ہوں اور کہتا تھا کہ عنقریب مشرق و مغرب میں میری حکومت و سطوت پھیل جائے گی اور روئے زمین کے ملوک و سلاطین میرے سامنے اظہار عجز و نیاز مندی کریں گے۔ اس نے یہ بھی کہہ رکھا تھا کہ میں عنقریب مکہ معظمہ مدینہ منورہ اور بیت المقدس کو فتح کروں گا۔ پھر کوفہ جاؤں گا۔ اس وقت میرا پیمانہ حیات لبریز ہو جائے گا اور کوفہ میرا مدفن بنے گا۔ لیکن اس کا یہ خواب پورا نہ ہو سکا۔ فتح خرطوم کے چند ہی ماہ بعد وہ بخار یا چیچک میں مبتلا ہوا اور 21 جون 1885ء کو ملک عدم کی روانگی کے لیے اس کے پاس اجل کا حکم آپہنچا۔ اس وقت اس کی عمر کلہم 37 سال کی تھی۔ وفات کے وقت اس کے تینوں خلفاء اور تمام اعیان دولت موجود تھے۔ جب محمد احمد کو یقین ہوا کہ اب دنیا سے کوچ ہے تو حاضرین کو پست آواز میں کہنے لگا کہ پیغمبر خدا ﷺ نے امیر المومنین ابو بکر صدیقؓ کو اپنا خلیفہ بنایا تھا اور میں عبداللہ کو اپنا جانشین مقرر کرتا ہوں۔ جس طرح میری اطاعت کی تھی اسی طرح تمام لوگ عبداللہ کی اطاعت کریں۔ تھوڑی دیر کے بعد اس نے جان شیریں جہان آفرین کے سپرد کر دی۔ اس واقعہ سے شہر میں کہرام مچ گیا اور لوگ چیخنے چلانے لگے۔ عبداللہ نے لوگوں کو نالہ و بکا سے منع کیا۔ اور کہا شریعت مطہرہ نے میت پر رونے کی ممانعت فرمائی ہے اور رونے کی درحقیقت کوئی بات بھی نہیں کیونکہ حضرت مہدی علیہ السلام تو اپنی مرضی اور خوشی سے اپنے مولیٰ کی دید کے لیے دار دنیا سے چلے گئے ہیں۔ ہزارہا آدمی تجہیز و تکفین کے لیے جمع ہو گئے۔ محمد احمد کے ایک قرابت دار احمد بن سلیمان نے اسی پلنگ کے نیچے قبر کھدوائی جس پر اس نے اپنی عزیز جان ملک الموت کے سپرد کی تھی۔ مہدی کا مقبرہ ام درمان کی بہترین سنگین عمارت ہے مگر انگریزی گولہ باری سے بہت کچھ شکستہ اور بد نما ہو گیا ہے۔ اس کا سنگ بنیاد خلیفہ عبداللہ کے ہاتھ سے رکھا گیا تھا۔ پتھر خرطوم سے لا کر دریائے نیل کے کنارے جمع کیے گئے تھے اس موقع پر قریباً تیس ہزار آدمی کی بھیڑ بھاڑ تھی خلیفہ اس انبوہ کثیر کے ساتھ نیل کے کنارے گیا جہاں پتھروں کے ڈھیر لگے تھے۔ پہلے خلیفہ ایک پتھر مونڈھے پر اٹھا کر قبر کے پاس لایا اس مثال کی پیروی کرتے ہوئے ہر شخص تبرکاً ایک ایک پتھر اٹھا لانے کے لیے اٹھ دوڑا۔ اس افراتفری میں بہت لوگ زخمی ہوئے لیکن مجروحین نے اس تقریب میں صدمہ برداشت کرنے کو اپنی سعادت سمجھا۔ مہدی نے اپنے خلیفہ کو وصیت کی تھی کہ جس طرح بن پڑے انگریزوں کو مصر سے نکال دینا۔ چنانچہ خلیفہ اپنے مخدوم و مطاع کے حکم کے بموجب دو مرتبہ مصر پر حملہ آور ہوا لیکن دونوں مرتبہ ناکام واپس جانا پڑا۔ مہدی کی وفات کے چودہ سال بعد یعنی 1899ء تک انگریزی مصری افواج سے خلیفہ کی کئی لڑائیاں ہوئیں۔ جن کا نتیجہ خلیفہ کے حق میں نہایت نقصان دہ ثابت ہوا۔ ان محاربات کی وجہ سے اس کی قوت دن بدن روبزوال ہوتی گئی۔ یہاں تک کہ انجام کار لارڈ کچنر نے سوڈان کو دوبارہ فتح کر کے وہاں انگریزی مصری پرچم بلند کر دیا

محمد احمد کی مہدویت کے انکار کی سزا

محمد احمد کی زندگی میں اس کی خانہ ساز مہدویت کے انکار کی سزا ایسی سنگین نہیں تھی جتنی کہ خلیفہ عبداللہ کے عہد سلطنت میں ہو گئی۔ عبداللہ کی عملداری میں مہدویت کا انکار اور قتل عمد دونوں مساوی جرم تھے۔ بلکہ مہدویت کا انکار ایک حیثیت سے قتل عمد سے بھی بڑھا ہوا تھا۔ کیونکہ اگر قاتل مقتول کے ورثاء کو خون بہادے کر راضی کر لیتا تھا تو قاتل کی جان بخشی کر دی جاتی تھی لیکن محمد احمد کی مہدویت کا انکار بالکل ناقابل عفو جرم خیال کیا جاتا تھا۔ بیان کیا جاتا ہے کہ ایک مرتبہ کسی مسلمان ملاح نے دارالخلافہ ام درمان میں کسی درویش کے سامنے کہہ دیا کہ محمد احمد سچا مہدی نہیں تھا کیونکہ سچے مہدی علیہ السلام کے جو علامات و خصائص احادیث نبویہ میں مروی ہیں وہ اس میں نہیں پائے جاتے تھے۔ درویش نے خلیفہ کے پاس جا کر اس کی شکایت کر دی۔ ملزم جھٹ گرفتار کر کے زندان بلا میں ڈال دیا گیا۔ لیکن مشکل یہ آن پڑی کہ واقعہ کا گواہ صرف ایک تھا جس کے بیان پر سزا نہیں دی جا سکتی تھی۔ خلیفہ عبداللہ نے قاضی کو بلا کر واقعہ بیان کیا اور پوچھنے لگا کہ شاہد نہ ہونے کا کیا علاج ہو سکتا ہے؟ قاضی نے کہا۔ میں شہادت کا انتظام کر لیتا ہوں۔ چنانچہ قاضی نے دو آدمی سکھا پڑھا کر قید خانہ میں بھیج دیئے وہ جا کر ملزم سے کہنے لگے کہ تمہارے انکار کے گواہ موجود ہیں اور تم کسی طرح سزا سے نہیں بچ سکتے۔ ہاں اس صورت سے مخلصی پا سکتے ہو کہ ہمارے سامنے صاف لفظوں میں اپنے جرم کا اقرار کر لو۔ اور اپنی حرکت شنیعہ پر اظہار افسوس کرو۔ وہ بیچارہ نہیں جانتا تھا کہ یہ محض اس کے پھانسنے کا جال ہے اس نے ان کے سامنے اقبال جرم کر لیا اور پھر بمنت کہنے لگا کہ جا کر میرے لیے خلیفہ سے معافی مانگو اور جرم بخشی کرا دو۔ جب شہادت مکمل ہو گئی تو خلیفہ کے سامنے مقدمہ پیش ہوا۔ خلیفہ نے ملزم سے کہا کہ اگر تم نے میری توہین کی ہوتی تو میں معاف کر دیتا مگر تم نے حضرت مہدی علیہ السلام کو جھوٹا خیال کیا اس لیے تمہیں کسی طرف معاف نہیں کیا جا سکتا۔ اب طبل بجنے لگا اور اعلان کیا گیا کہ سب لوگ میدان میں آ کر منکر مہدی کا عبرت ناک انجام دیکھ لیں۔ تمام اہل شہر میدان میں امنڈ آئے۔ اس کے بعد بھیڑ کی کھال زمین پر بچھائی گئی۔ عبداللہ اس پر بیٹھ گیا۔ قاضی بھی آ گئے۔ اب ملزم کو لا کر عبداللہ کے سامنے پیش کیا گیا۔ اس کے ہاتھ پیچھے کی طرف بندھے ہوئے تھے لیکن ملزم بالکل مطمئن تھا اور اس سے خوف و ہراس کی کوئی ادنیٰ علامت بھی ظاہر نہیں ہو رہی تھی۔ آخر اسے خلیفہ کے سامنے سے ہٹا کر سو قدم کے فاصلہ پر لے گئے اور احمد والیہ نام جلاد نے اس کی گردن مار دی۔ 133 ۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ خدا شہید مظلوم پر اپنی رحمت کاملہ برسائے۔ آمین

لاش سے انتقام جوئی

بیان کیا جاتا ہے کہ لارڈ کچنر فاتح سوڈان نے تسخیر ام درمان کے بعد مہدی کی قبر اور لاش

Marfat.com

سے اور مہدی کے مجروح پیروؤں سے نہایت وحشیانہ انتقام لیا۔ محمد احمد کا مقبرہ جو ایک نہایت قیمتی سنگین عمارت تھی اور تمام بر اعظم افریقہ میں اعلیٰ درجہ کی عمارتوں میں شمار ہوتی تھی توپوں سے اڑایا گیا۔ اس کے مرتفع گنبد پر گولہ باری کی گئی۔ چار دیواری آتش باری کی نذر کی گئی۔ قبر کھدوا کر مہدی کی نعش سے جنرل گارڈن کے خون کا انتقام لیا گیا اور سر کاٹ کر جنرل گارڈن کے بھتیجے کو دیا گیا جو اس وقت انگریزی فوج میں افسر تھا۔ اور مہدی کی نعش ٹکڑے ٹکڑے کر کے دریائے نیل میں پھینک دی گئی۔ حقیقت یہ ہے کہ اگر لارڈ کچز کی جگہ دنیا کا کوئی اور بہادر اور بہادری کا قدر شناس سپہ سالار ہوتا تو وہ مہدی جیسے متہور و شجاع آدمی کی قبر پر جو خاک مذلت سے اٹھ کر آناً فاناً سارے ملک کا فرمانروا بن گیا تھا زر و جواہر نچھاور کرتا اور اس کے سامنے ادب و تعظیم سے جھک جاتا لیکن برطانیہ کے سب سے ممتاز قائد نے اپنی شجاعت و جوانمردی کا یہ ثبوت پیش کیا کہ جس شخص کی زندگی میں اس پر کوئی بس نہ چلا تھا اس کی وفات کے بعد اس کی لاش سے انتقام لے کر کلیجہ ٹھنڈا کیا۔ یہ بھی بیان کیا جاتا ہے کہ جرم ناآشنا باشندگان ام درمان سے قرآن مقدس اور تمام دوسری کتابیں چھین لی گئیں اور متواتر تین دن تک شہر میں قتل عام اور لوٹ مار کا بازار گرم رہا۔ مہدی کا دفینہ جو دامن کوہ میں تھا اور اس میں قریباً بیس لاکھ روپیہ نقد جمع تھا نکال لیا گیا اور کوئی ظلم ایسا نہ تھا جو غریب سوڈانیوں پر توڑا نہ گیا ہو۔ اس طرح "کنٹمپوری ریویو" کے فوجی نامہ نگار مسٹر ای این بینیٹ کے بیان کے بموجب سینکڑوں ہزاروں زخمی میدان جنگ میں پڑے رہے اور مرہم پٹی کر کے ان کی جان بچانے کی کوشش نہ کی گئی اور نہ صرف یہ بلکہ اکیسویں لینسرز پلٹن کی ایک کمپنی کو حکم دیا گیا کہ تمام مہدوی زخمی جو رستہ میں ملیں موت کے گھاٹ اتار دیں چنانچہ اس حکم کی تعمیل کی گئی اور ان تمام مجروح درویشوں کو جو زمین پر پڑے کراہ رہے تھے برچھوں، تلواروں اور دوسرے ہتھیاروں سے بارزندگی سے سبکدوش کیا گیا۔ 134 ۔ لیکن اگر درندگی و بربریت کے یہ الزام صحیح ہیں تو میرے نزدیک یہ لارڈ کچز کا ذاتی فعل تھا۔ برطانوی حکومت اور انگریزی قوم اس کی کسی طرح جواب دہ نہیں ٹھہر سکتی۔ چنانچہ لارڈ کچز کی مراجعت لندن کے بعد خود انگریزی قوم کے حساس افراد نے لارڈ کچز پر نہایت سختی سے اعتراض کئے تھے اور کچز نے ان کے جواب دے کر اپنی براءۃ کی کوشش کی تھی چنانچہ سر جارج آرتھر کتاب "لائف اوف لارڈ کچز" میں لکھتے ہیں کہ انگلستان میں نام نہاد "ہمدردان بنی نوع" نے لارڈ کچز پر الزام لگائے کہ اس نے سواکن اور ام درمان میں لوگوں پر ظلم توڑے او سخت گیری کی۔ بڑے بڑے الزامات یہ تھے کہ اس نے اختتام جنگ کے بعد زخمی درویشوں کو قتل کرایا۔ مہدی کی قبر کو مسمار کیا اور اس کی ہڈیوں کو نکال لیا۔ لارڈ کچز نے ان الزامات کے جواب میں ایک اعلان شائع کیا جس میں لکھا کہ مجھ پر یہ الزام عائد کئے گئے ہیں۔

(1) میرے زیر فرمان برطانوی، مصری اور سوڈانی فوجوں نے زخمی درویشوں کو قتل کیا اور

ایسے وقت میں غیر مسلح درویشوں کی جان لی جب کہ ان کو نقصان پہنچانے کی کوئی ضرورت نہ تھی۔

(2) ام درمان پر قبضہ ہو جانے کے بعد وہاں تین دن تک لوٹ مار جاری رکھی گئی۔

(3) جب فوجیں تیزی کے ساتھ ام درمان کی طرف بڑھ رہی تھیں تو جنگی جہازوں نے بازاروں کے پناہ گیر مجمعوں پر آتشباری کی۔

(4) مہدی کی لاش اکھیڑ دی گئی۔

لیکن یہ تمام الزامات غلط ہیں۔ اس کے بعد کچز نے لارڈ سالسبری کو لکھ بھیجا کہ جنگ ام درمان کے بعد میں نے سیاسی مصالح کی بنا پر یہی مناسب خیال کیا کہ مہدی کا مقبرہ جو زیارت اور مجنونانہ جذبات کا مرکز ہے تباہ کر دیا جائے۔ خود گولہ باری کی وجہ سے مقبرہ اس خطرناک حالت میں تھا کہ اگر اسے اسی حالت میں چھوڑ دیا جاتا تو اس سے نقصان جان کا اندیشہ تھا۔ ان وجوہ کی بناء پر ام درمان سے فشودا جاتے وقت مقبرہ کو تباہ کر دینے کا حکم دیتا گیا۔ یہ کام میری غیبت میں انجام پذیر ہوا۔ مہدی کی ہڈیاں دریائے نیل میں پھینک دی گئیں۔ البتہ انہوں نے کھوپڑی کو محفوظ رکھ چھوڑا جو میری مراجعت پر میرے سامنے پیش کی گئی۔ اس کے بعد لارڈ کچز نے لکھا کہ تسخیر ام درمان کے بعد مجھے مصری افواج کے مسلمان افسروں نے مشورہ دیا تھا کہ مہدی کی لاش کو منتقل کر دینا مناسب ہے کیونکہ ایسا نہ کیا گیا تو سوڈانی جہلاء سمجھیں گے کہ مہدی کے تقدس نے ہمیں ایسا کرنے سے روک دیا۔ اس کے بعد لارڈ کچز نے لکھا۔ مجھے یقین ہے کہ کوئی مسلمان جو اس ملک (انگلستان) میں رہتا ہے اس اقدام سے غیر مطمئن نہ ہوگا کہ ہم نے مہدی کی ساری طاقت کچلنے کے ساتھ اس کے مذہب کو بھی بیخ و بن سے اکھاڑ دیا۔ 135 ۔ لارڈ کچز کا یہ فعل محمود تھا یا مذموم مگر خدائے قاہر کی قدرت قہرمان نے بہر حال اس کا خوب انتقام لیا۔ مہدی سوڈانی تو چودہ سال تک ایک گنبد عالی کے نیچے دفن رہنے کے بعد سپرد نیل ہوا تھا لیکن کچز کو ایک منٹ کے لیے بھی مادر گور کی آغوش میں استراحت کرنا نصیب نہ ہوا۔ اگر محمد احمد کی ہڈیاں دریائے نیل میں جس کا پانی شیریں و خوشگوار ہے ڈالی گئیں تو کچز کی لاش تلخ پانی کی نذر ہوئی۔ 136 ۔ کچز کی غرقابی کے وقت مہدی سوڈانی کی روح نے کچز سے جو خطاب کیا اس کو علامہ ڈاکٹر محمد اقبال کی زبان سے سنئے۔ "جاوید نامہ" میں لکھتے ہیں۔

گفت اے کچز اگر داری نظر
انتقام خاک درویشے نگر
آسماں خاک ترا گورے نہ داد
مرقدے جز دریم شورے نہ داد

Marfat.com

باب70

مرزاغلام احمد قادیانی

مرزاغلام احمد بن حکیم غلام مرتضیٰ موضع قادیاں تحصیل بٹالہ ضلع گورداسپور (پنجاب) کا رہنے والا تھا۔ مغل خاندان کا چشم وچراغ تھا۔1839ء یا1840ء میں پیدا ہوا۔ میں پیشتر "رئیس قادیاں" کے نام سے ایک مبسوط کتاب مرزا غلام احمد کے سوانح حیات میں لکھ چکا ہوں اس لیے یہاں ایجاز واختصار سے کام لیکر اجمالی تذکرہ پر اکتفا کروں گا۔

اس شخص کے دعوؤں کی کثرت وتنوع کا یہ عالم ہے کہ ان کا استقصاء اگر دوسروں کے لیے نہیں تو کم از کم میرے لیے بالکل محال ہے تاہم سطحی نظر سے قادیانی کے جو دعوے اس کی کتابوں میں دکھائی دیتے ہیں۔ ان کی تعداد چھیاسی تک پہنچتی ہے۔ میں نے دو ایک دعوے جو سب سے زیادہ دلچسپ تھے۔ اس خیال سے قلم انداز کر دیئے کہ مبادا خلیفتہ المسیح میاں محمود احمد صاحب کی خاطر اطہر پر گراں گزریں۔ باقی چوراسی دعوے ہدیہ ناظرین ہیں۔ ارشاد ہوتا ہے۔ "میں محدث ہوں' امام الزمان ہوں مجدد ہوں' مثیل مسیح " ہوں' مریم" ہوں' مسیح " موعود ہوں' ملہم ہوں۔ خاتم الاولیاء ہوں۔ حامل وحی ہوں۔ مہدی ہوں۔ حارث موعود ہوں۔ رجل فارسی ہوں۔ سلمان ہوں۔ چینی الاصل موعود ہوں۔ خاتم الانبیاء ہوں۔ خاتم الخلفاء ہوں۔ حسینؓ سے بہتر ہوں۔ حسنینؓ سے افضل ہوں۔ مسیح " ابن مریم سے بہتر ہوں۔ یسوع کا ایلچی ہوں۔ رسول ہوں' مظہر خدا ہوں۔ خدا ہوں' مانند خدا ہوں' خالق ہوں' نطفہ خدا ہوں۔ خدا کا بیٹا ہوں' خدا کا باپ ہوں۔ خدا مجھ سے ظاہر ہوا اور میں خدا سے ظاہر ہوا ہوں۔ تشریعی نبی ہوں۔ آدم ہوں' شیثؑ ہوں' نوحؑ ہوں' ابراہیم ہوں اسحاقؑ ہوں' اسمٰعیل ہوں' یعقوبؑ ہوں' یوسفؑ ہوں' موسیٰؑ ہوں' داؤدؑ ہوں' عیسیٰؑ ہوں۔ آنحضرت ﷺ کا مظہر اتم ہوں۔ منجی ہوں' ظلی طور پر محمد (ﷺ) اور احمد ہوں۔ موتی ہوں' حجر اسود ہوں۔ تمام انبیاء سے افضل ہوں' ذوالقرنین ہوں' احمد مختار ہوں' بشارت اسمہ احمد (ﷺ) کا مصداق ہوں۔ میکائیلؑ ہوں۔ بیت اللہ ہوں۔ ردر گوپال یعنی آریوں کا بادشاہ ہوں۔ کلنکی اوتار ہوں' شیر ہوں۔ شمس ہوں' قمر ہوں' محی ہوں' ممیت ہوں۔ صاحب اختیارات کن فیکون ہوں۔ کاسر الصلیب ہوں' امن کا شاہزادہ ہوں۔ جری اللہ ہوں۔ برہمن اوتار ہوں' رسل ہوں' اشجع الناس ہوں۔ معجون مرکب ہوں۔ داعی الی اللہ ہوں۔ سراج منیر ہوں۔ متوکل ہوں' آسمان اور زمین میرے ساتھ ہیں۔ وجیہہ حضرت باری ہوں۔ زائد المجد ہوں' محی الدین ہوں' مقیم الشریعہ ہوں۔ منصور ہوں' مراد اللہ ہوں' اللہ کا محمود ہوں (یعنی اللہ میری تعریف کرتا ہے) نور اللہ ہوں۔ رحمتہ للعالمین ہوں۔ نذیر ہوں۔ منتخب کائنات ہوں۔ میں وہ ہوں جس کا تخت سب سے

Marfat.com

لوپر بٹھایا گیا۔ میں وہ ہوں جس سے خدا نے بعیت کی۔'' غرض دنیا جہان میں جو کچھ تھا مرزا تھا۔ لیکن سوال یہ ہے کہ

یوں تو مہدی بھی ہو عیسیٰ بھی ہو مسلماں بھی ہو
تم سبھی کچھ ہو بتاؤ تو مسلمان بھی ہو؟

ادھوری تعلیم اور اس کا انجام

مرزا غلام احمد کے ایام طفولیت میں اس کے والد حکیم غلام مرتضیٰ صاحب قصبہ بٹالہ میں مطب کرتے تھے اور غلام احمد بھی باپ ہی کے پاس بٹالہ میں رہتا تھا۔ اس نے چھ سات سال کی عمر میں قرآن پڑھنا شروع کیا۔ قرآن مجید کے بعد چند فارسی کتابیں پڑھنے کا اتفاق ہوا۔ ابھی تیرہ چودہ سال ہی کی عمر تھی کہ باپ نے شادی کے بندھنوں میں جکڑ دیا۔ یہ پہلی بیوی قادیانی کے حقیقی ماموں کی بیٹی تھی۔ یہ وہی محترمہ حرمت بی بی خان بہادر مرزا سلطان احمد کی والدہ تھیں جنہیں قادیانی نے معلقہ کر رکھا تھا۔ نہ کبھی نان و نفقہ دیا اور نہ طلاق دے کر ہی بیچاری کی گلو خلاصی کی۔ ابھی سولہ سال ہی کی عمر تھی کہ غلام احمد کے گھر میں مرزا سلطان احمد متولد ہوئے۔ سترہ اٹھارہ سال کی عمر میں والد نے غلام احمد کو گل علی شاہ بٹالوی نام ایک مدرس کے سپرد کر دیا جو شیعہ المذہب تھے۔ ان کی شاگردی میں منطق اور فلسفہ کی چند کتابیں پڑھنے کا اتفاق ہوا۔ بس یہی قادیانی کی ساری علمی بساط تھی۔ تفسیر' حدیث فقہ اور دوسرے دینی علوم سے قطعاً محروم رہا۔ یہی وجہ ہے کہ وہ بیچارہ ''نیم ملا خطرہ ایمان'' کے درجہ سے ترقی نہ کر سکا۔ ورنہ اگر صحاح ستہ نہیں تو کم از کم مشکوٰۃ شریف ہی باقاعدہ کسی استاد سے پڑھ لی ہوتی تو اس کے دین میں شاید اتنا فتور نہ پیدا ہو سکتا۔ جس قدر کہ بعد میں مشاہدہ میں آیا۔ منطق و فلسفہ کی چند کتابوں کے تعلم کے بعد والد نے طب کی چند کتابیں پڑھائیں۔ مگر چونکہ علم طب کی بھی تکمیل نہ کی اس فن میں بھی بمشکل ''نیم حکیم خطرہ جان'' ہی کی حیثیت اختیار کر سکا۔ ورنہ اگر اسی فن میں اچھی دستگاہ حاصل کر لی ہوتی تو ایک معقول ذریعہ معاش ہاتھ آجاتا اور آئندہ تقدس کی دکان کھول کر خلق خدا کو گمراہ کرنے کی ضرورت پیش نہ آتی۔ ان ایام میں قادیاں کے مغل خاندان کو حکومت کی طرف سے سات سو روپیہ سالانہ وظیفہ ملتا تھا۔ ایک مرتبہ مرزا غلام احمد اپنے عم زاد بھائی مرزا امام الدین کے ساتھ پنشن لینے کے لیے گورداسپور گیا۔ سات سو روپیہ وصول کرنے کے بعد یہ صلاح ٹھہری کہ ذرا لاہور اور امرتسر کی سیر کر آئیں۔ دونوں بھائی امرتسر اور لاہور آکر سیر و تفریح میں مصروف رہے۔ باوجودیکہ بڑا ارزانی کا زمانہ تھا سات سو روپیہ کی رقم خطیر چند روز میں اڑا دی۔ حالانکہ متعدد گھرانوں کی معیشت کا مدار اسی پنشن پر تھا۔ رقم تلف کرنے کے بعد غلام احمد نے سوچا کہ قادیاں جا کر والدین کو کیا منہ دکھاؤں گا یہاں سے

Marfat.com

بھاگ کر سیالکوٹ کا رخ کیا۔

سیالکوٹ کی ملازمت مختاری کا امتحان

سیالکوٹ میں اس کا ایک ہندو دوست لالہ بھیم سین جو بٹالہ میں ہم سبق رہ چکا تھا موجود تھا۔ مرزا کو لالہ بھیم سین کی سعی و سفارش سے سیالکوٹ کی ضلع کچہری میں دس پندرہ روپیہ ماہانہ کی نوکری مل گئی۔ چند سال منشی گری کی ملازمت میں بسر کئے۔ آخر ایک دفعہ معلوم ہوا کہ اس کا دوست لالہ بھیم سین مختاری کے امتحان کی تیاری کر رہا ہے اس نے بھی مختاری کا امتحان دینے کا قصد کیا۔ چنانچہ اسی دن سے تیاری شروع کر دی۔ لیکن جب امتحان ہوا تو لالہ بھیم سین کامیاب اور مرزا غلام احمد ناکام رہا۔ اس ناکامی کے بعد شاید خود بخود منشی گری کی نوکری چھوڑ کر قادیان کو مراجعت کی۔ چونکہ قانون کا مطالعہ کیا تھا۔ باپ نے اہل پا کر اسے مقدمہ بازی میں لگا دیا۔ آٹھ سال تک مقدموں کی پیروی میں کچہریوں کی خاک چھانتا پھرا۔ بزرگوں کے دیہات خاندان کے قبضہ سے نکل چکے تھے اور مقدمہ بازی کے باوجود واپس نہ ملے تھے۔ اس لیے حزن و ملال' رنج و اضطراب ہر وقت مرزا غلام مرتضٰی کے رفیق زندگی بنے ہوئے تھے۔ ان حالات کے پیش نظر مرزا غلام احمد رات دن اسی خیال میں غلطاں و پیچاں رہتا تھا کہ خاندانی زوال کا مداوا کیا ہو سکتا ہے اور ترقی و عروج کی راہیں کیونکر کھل سکتی ہیں؟ ملازمت سے وہ سیر ہو چکا تھا۔ مختاری کے ایوان میں باریابی نہ ہو سکی تھی۔ فوج یا پولیس کی نوکری سے بھی بوجہ قلت مشاہرہ کوئی دلچسپی نہ تھی۔ تجارتی کاروبار سے بھی قاصر تھا کیونکہ اس کوچہ سے نابلد ہونے کے علاوہ سرمایہ بھی موجود نہ تھا۔ اب لے دے کے تقدس کی دکان آرائی ہی ایک ایسا کاروبار رہ گیا تھا جسے غلام احمد زر طلبی کا وسیلہ بنا سکتا تھا اور یہی ایک ایسا مشغلہ تھا جس کی زرپاشیاں حصول عزو جاہ کی کفیل ہو سکتی تھیں۔ اس دکان آرائی کا بڑا محرک یہ تھا کہ ان دنوں میں قادیاں کے گرد و نواح میں چند بزرگ ہستیوں کی طرف بڑا رجوع خلائق تھا۔ مثلاً قصبہ بٹالہ میں سلسلہ عالیہ قادریہ کے مشائخ پیر سید ظہور الحسن اور پیر سید ظہور الحسین صاحبان افادۂ خلق میں مصروف تھے۔ موضع رتر چھتر میں پیر سید امام علی شاہ صاحب نقشبندی مسند آرا تھے۔ اسی طرح موضع مسانیاں میں بھی ایک بڑی گدی تھی۔ ان حضرات کو مرجع انام دیکھ کر مرزا غلام احمد کے منہ سے بھی رال ٹپک رہی تھی کہ جس طرح بن پڑے مشیخت اور پیری مریدی کا کاروبار جاری کرنا چاہیے۔

لاہور میں مذہبی چھیڑ چھاڑ

غلام احمد ابھی اسی ادھیڑ بن میں تھا کہ اتنے میں خبر آئی کہ اس کے بچپن کے رفیق و ہم

Marfat.com

مکتب مولوی ابو سعید محمد حسین صاحب بٹالوی جو دہلی میں مولانا نظیر حسین صاحب (معروف بہ میاں صاحب) سے حدیث پڑھ کر چند روز پیشتر لاہور اقامت گزین ہوئے تھے۔ بٹالہ آئے ہیں۔ غلام احمد نے بٹالہ آکر ان سے ملاقات کی اور کہا میری خواہش ہے کہ قادیاں چھوڑ کر کسی شہر میں قسمت آزمائی کروں۔ مولوی صاحب نے کہا کہ اگر لاہور کا قیام پسند ہو تو وہاں میں ہر طرح سے تمہاری مدد کر سکتا ہوں۔ قادیانی نے کہا۔ میرا خیال ہے کہ غیر اسلامی ادیان کے رد میں ایک کتاب لکھوں۔ مولوی محمد حسین نے کہا۔ ہاں یہ مبارک خیال ہے لیکن بڑی دقت یہ ہے کہ غیر معروف مصنف کی کتاب مشکل سے فروخت ہوتی ہے۔ مرزا نے کہا کہ حصول شہرت کون سا مشکل کام ہے ؟اصل مشکل یہ ہے کہ تالیف واشاعت کا کام سرمایہ کا محتاج ہے اور اپنے پاس روپیہ نہیں ہے۔ مولوی صاحب نے فرمایا کہ تم لاہور چل کر کام شروع کرو اور اس مقصد کو مشتہر کرو میں بھی کوشش کروں گا۔ حق تعالیٰ مسبب الاسباب ہے لیکن یہ کام قادیاں میں رہ کر نہیں ہو سکتا۔ غرض لاہور آنے کا مصمم ارادہ ہو گیا۔ مرزا غلام احمد نے لاہور پہنچ کر مولوی محمد حسین کی صوابدید کے بموجب اپنے مستقبل کا جو لائحہ عمل تجویز کیا اس کی پہلی کڑی غیر مسلموں سے الجھ کر شہرت و نمود کی دنیا میں قدم رکھنا تھا۔ یہ وہ زمانہ تھا جبکہ پنڈت دیانند سرسوتی نے اپنی ہنگامہ خیزیوں سے ملک کی مذہبی فضا میں سخت تموج و تکدر برپا کر رکھا تھا اور پادری لوگ بھی اسلام کے خلاف ملک کے طول و عرض میں بہت کچھ زہر اگل رہے تھے۔ مولوی محمد حسین صاحب بٹالوی اس وقت "اہل حدیث" کی مسجد چینیاں لاہور میں خطیب تھے۔ مرزا نے لاہور آکر انہی کے پاس مسجد چینیاں میں قیام کیا اور شب و روز تحفۃ الہند، تحفۃ النود، خلعت النود اور عیسائیوں اور مسلمانوں کے مناظروں کی کتابوں کے مطالعہ میں مصروف رہنے لگا۔ جب ان کتابوں کے مضامین اچھی طرح ذہن نشین ہو گئے تو پہلے آریوں سے چھیڑ خانی شروع کی اور پھر عیسائیوں کے مقابلہ میں ہل من مبارز (کوئی مقابلہ کریگا؟) کا نعرہ لگایا۔ ان ایام میں آریوں کا کوئی نہ کوئی پرچارک اور عیسائیوں کا ایک آدھ مشنری لوہاری دروازہ کے باہر باغ میں آجاتا تھا اور آتے ہی قادیانی سے ان کی ٹکریں ہونے لگتی تھیں غرض اسلام کا یہ پہلوان ہر وقت کشتی کے لیے جوڑ کی تلاش میں رہتا تھا اور اسے مجمع کو اپنے گرد جمع کر کے پہلوانی کمال دکھانے کی دھن لگی رہتی تھی۔ قادیانی اپنے مجادلوں اور اشتہار بازیوں میں اپنے تئیں خادم دین اور نمائندہ اسلام ظاہر کرتا تھا اور نہ تو ابھی تک کوئی جھوٹا دعویٰ کیا تھا اور نہ الحاد و زندقہ کے کوچہ میں قدم رکھا تھا۔ اس لیے ہر خیال و عقیدہ کا مسلمان اس کا حامی و ناصر تھا۔ چند ماہ تک مجادلانہ ہنگامے برپا رکھنے کے بعد مرزا غلام احمد قادیاں چلا گیا اور وہیں سے آریوں کے خلاف، اشتہاء بازی کا سلسلہ شروع کر کے مقابلہ و مناظرہ کے نمائشی چیلنج دینے شروع کیے۔ چونکہ بحث مباحثہ مقصود نہیں تھا۔ بلکہ حقیقی غرض نام و نمود و شہرت طلبی تھی اس لیے آریہ لوگوں کے شرائط کے مقابلہ میں بالکل

Marfat.com

چکنے گھڑے کا مصداق بنا ہوا تھا۔ ان کی ہر شرط اور مطالبہ کو بلطائف الحیل ٹال جاتا تھا اور اپنی طرف سے ایسی نا قابل قبول شرطیں پیش کر دیتا تھا کہ مناظرہ کی نوبت ہی نہ آتی تھی۔ اگر میرے بیان کی تصدیق چاہو تو مرزا کے مجموعہ اشتہارات موسومہ "بہ تبلیغ رسالت" کی جلد اول کے ابتدائی اوراق کا مطالعہ کر جاؤ۔

الہام بازی کا آغاز

اب مرزا نے ان جھگڑوں قضیوں کو چھوڑ کر الہام بازی کی دنیا میں قدم رکھا اور اپنے ملہم و مستجاب الدعوات ہونے کا پروپیگنڈا شروع کیا۔ شہرت تو پہلے ہی ہو چکی تھی اہل حاجات کی آمد و رفت شروع ہو گئی۔ مرزا جس بالا خانہ میں بیٹھ کر یا لیٹ کر الہام سوچا کرتا تھا اس کو بیت الفکر (سوچنے کی جگہ) سے موسوم کیا تھا۔ ان دنوں الہام کی آمد بہت تھی اور ان کا یاد رکھنا دشوار تھا۔ اس لیے اپنے الہام ساتھ ہی ساتھ ایک پاکٹ میں نوٹ کر لیتا تھا۔ کچھ دنوں کے بعد ایک بڑے حجم کی کاپی بنالی اور ایک دوازدہ سالہ ہندو لڑکے شام لال کو الہام نویسی کے لیے نوکر رکھ لیا۔ قادیانی الہام لکھوا کر اس پر شام لال کے دستخط کرا لیتا تھا۔ تاکہ وہ بوقت ضرورت الہام نازل ہونے کا گواہ رہے۔ یہ لڑکا نہایت سادہ لوح تھا۔ مسلمانوں کو چھوڑ کر ایک سادہ لوح نابالغ ہندو لڑکے کو شاید اس لیے انتخاب کیا کہ موم کی ناک بن کر رہے اور اس سے ہر قسم کی شہادت دلائی جا سکے۔ ان دنوں میں لالہ شرمپت رائے اور لالہ ملاوامل نام قادیاں کے دو ہندو مرزا کے مرید خاص اور رات دن کے حاشیہ نشین تھے۔ اب معتقدین کا بھی جمگھٹا ہونے لگا۔ خوشامدی' مفت خورے ہاں میں ہاں ملانے والے بھی ہر طرف سے امنڈ آئے۔ لنگر جاری کر دیا گیا۔ تاکہ ہر شخص الہامی کے مطبخ سے کھانا کھا کر جائے اور شہرت و نمود کا باعث ہو چونکہ مستجاب الدعوات ہونے کے اشتہاروں نے اور اس سے پیشتر لاہور کے مناظروں اور اشتہار بازی نے پہلے سے بام شہرت پر پہنچا رکھا تھا۔ نذر و نیاز اور چڑھاووں کا سلسلہ بھی شروع ہو گیا۔ رجوعات و فتوحات کا نخل آرزو بار آور ہوا اور تمناؤں کی کشت زار لہلہاتی نظر آئی۔ اب لوگوں نے بیعت کی درخواستیں کیں۔ قادیاں کا الہامی ہر ایک کو یہی جواب دیتا تھا کہ ابھی ہم کو کسی سے بیعت لینے کا حکم نہیں ہوا۔ اس وقت تک صبر کرو جب کہ اس بارے میں حکم خداوندی آپہنچے۔

براہین احمدیہ کی تدوین و اشاعت

مرزا کا سب سے بڑا علمی کارنامہ جس پر مرزائیوں کو بڑا ناز ہے کتاب "براہین احمدیہ" ہے۔ یہ 562 صفحات کی کتاب ہے جس کو چار حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔ اس ضخامت اور اس

Marfat.com

موضوع کی کتاب چھ سات مہینہ میں بسہولت لکھی جاسکتی ہے لیکن مؤلف علام پہلے تو کئی سال تک اس کا مواد جمع کرنے میں مصروف رہے۔اس کے بعد 1879ء سے کر کئی سال کی مزید مدت اس کی تالیف وتدوین کی نذر کردی۔1880ء میں پہلے دو حصے شائع کئے۔1882ء میں تیسرا حصہ طبع ہوا۔ اور 1884ء میں چوتھا حصہ۔اس طرح کتاب کے چار حصوں پر جو 562 صفحوں پر مشتمل ہے چھ سال سے زیادہ عرصہ لگا۔136۔حالانکہ ان صفحات پر جنہیں حصہ اول سے تعبیر کیا گیا کوئی علمی مضمون نہیں بلکہ صرف دس ہزار روپیہ کا انعام اشتہار۔نہایت جلی حروف میں پھیلا کر لکھوادیا اور اسی کو صفحات اور حصص کی تعداد بڑھانے کے لیے پہلا حصہ قرار دے لیا اور پھر جہاں تک خاکسار راقم الحروف کی تحقیق کو دخل ہے۔مرزا غلام احمد نے اس کتاب میں اپنی کاوش طبع سے ایک حرف بھی نہ لکھا بلکہ جو کچھ زیب رقم فرمایا وہ یا تو علمائے سلف کی کتابوں سے اخذ کیا یا علمائے معاصرین کے سامنے کا منہ گدائی پھرا کر ان کی علمی تحقیقات حاصل کرلیں۔اور قادیان کے "سلطان القلم" نے انہی کو بے حوالہ زینت قرطاس بنالیا۔137۔ابھی یہ کتاب زیر تالیف تھی کہ مرزا نے اس کی طباعت میں امداد دیئے جانے کے لیے بے پناہ پروپیگنڈا شروع کردیا۔مرزا نے اپنے اشتہارات میں وعدہ کیا تھا کہ غیر مسلم اقوام میں سے جو کوئی اس کتاب کا جواب لکھے گا اس کو دس ہزار روپیہ انعام دیا جائے گا۔اسلامی روایات میں جوئے کا یہ پہلا واقع تھا جو یورپ کی تقلید سے مذہب کے نام پر کھیلا گیا۔البتہ اتنی ہوشیاری کی کہ شرطی جوئے کو انعام کے نام سے موسوم کر کے بے خبروں کی آنکھوں پر پردہ ڈال دیا۔دس ہزار روپیہ انعام کا وعدہ پڑھ کر مسلمانوں نے یقین کیا کہ واقعی اسلام کی تائید میں یہ کوئی بہت بڑا توپخانہ ہوگا جو اغیار کے مذہبی قلعوں کو پاش پاش کردے گا نتیجہ یہ ہوا کہ چاروں طرف سے روپیہ کی بارش شروع ہوگئی اور مرزا کا دل اپنی اسکیم کی کامیابی پر کنول کے پھول کی طرح کھل گیا۔حریص تاجروں کا جذبہ حرص وآز قلیل نفع سے تسکین نہیں پاتا لیکن ہمارا مرزا ایسا تاجر تھا جو کثیر نفع پر بھی مطمئن نہ ہوا۔کتاب کی قیمت پہلے پانچ روپے رکھی تھی جب دھڑا دھڑ روپیہ آنا شروع ہوا تو قیمت پانچ کی جگہ دس روپے کردی اور صرف یہی نہیں کہ لوگوں سے پیشگی قیمت وصول کی گئی بلکہ والیان ریاست اور اغنیاء سے فی سبیل اللہ امداد کرنے کی بھی درخواستیں کیں۔چنانچہ نواب شاہجہان بیگم صاحب والیہ بھوپال' نواب صاحب لوہارو' وزیر اعظم پٹیالہ' وزیر اعظم بہاولپور' وزیر ریاست نالہ گڑھ' نواب مکرم الدولہ رکن حیدر آباد دکن اور بہت سے رؤسا نے ہر طرح سے امداد کے وعدے فرمائے۔جب کتاب کے پہلے دو حصے چھپ چکے تو جذبہ زر اندوزی میں اور زیادہ تشنگی پیدا ہوئی اور اب اس کی قیمت مرفہ الحال لوگوں کے لیے دس کی بجائے پچیس روپے سے لے کر سو روپیہ تک کردی۔لوگوں سے زیادہ سے زیادہ قیمت وصول کرنے کے دو ڈھنگ اختیار کئے۔پہلے تو یہ کوشش کی کہ کوئی شخص قیمت کا لفظ ہی زبان پر نہ لائے بلکہ اندھا دھند

Marfat.com

اپنے اندوختہ عمری کا بیشتر حصہ خیرات کے طور پر قادیان بھیج دے۔ اگر کوئی شخص اس طرح قابو میں نہیں آتا تھا تو پچیس روپیہ سے بھی کم قیمت دینا چاہتا تھا یا ہوشیار دکاندار کی طرح اس سے کہا جاتا تھا کہ تم ایک پائی نہ دو بلکہ مفت ہے لے لو۔ کیونکہ ہم غریبوں کو مفت ہی دیتے ہیں۔ ظاہر ہے کہ ایسا کون بے حیا مستطیع ہوگا جو غریب بن کر مفت مانگتا یا پچیس روپیہ سے کم قیمت پر کتاب مانگنے کی جرات کرتا۔ ناچار یہ لوگ بڑی بڑی رقمیں بھیجتے رہے اور اس اثناء میں بعض حضرات نے یہ کہہ کر صاف گوئی کا حق ادا کیا کہ جس کتاب کے لیے اتنا پروپیگنڈا کیا جارہا ہے اس کی اشاعت ہی غیر ضروری ہے۔ مرزا نے اشتہاروں میں ان لوگوں کی خوب خبر لی اور فرمایا کہ یہ لوگ منافقانہ باتیں کر کے ہمارے کام میں خلل انداز ہوتے ہیں اور ناحق نیش زنی کرتے ہیں۔ یہاں یہ جتلا دینا ضرور ہے کہ مرزا نے جس کتاب کی قیمت پہلے پانچ پھر دس اور پھر مستطیع لوگوں کے لیے پچیس سے لے کر سو روپیہ تک مقرر کر کے پیشگی رقمیں وصول کیں اس کے متعلق وعدہ یہ کیا تھا کہ تین سو جزو یعنی چار ہزار آٹھ سو صفحات کی کتاب ہوگی لیکن کتاب کے 562 صفحے شائع ہو چکے تو مرزا نے اعلان کر دیا کہ آئندہ کے لیے خود رب العالمین اس کتاب کا متولی و مہتمم ہو گیا ہے۔ اس تولیت و اہتمام خداوندی کا یہ مطلب تھا کہ اب میں باقی ماندہ 4238 صفحات کی طبع و اشاعت کا ذمہ دار نہیں ہوں۔ چونکہ ہزار ہا روپیہ پیشگی وصول ہو جانے کے بعد خریداروں سے کسی مزید رقم کے ملنے کی توقع نہ تھی اس لیے مرزا نے "براہین احمدیہ" کو نظر انداز کر کے اس کی جگہ دوسری کتابیں مثلاً "سرمہ چشم آریہ" اور "رسالہ سراج منیر" وغیرہ کی طرف توجہ پھیر دی اور ستمبر 1886ء میں اپنی نئی کتاب "سرمہ چشم آریہ" کے ٹائٹل پیج پر اعلان کر دیا کہ "الہامات الہیہ" کی بنا پر کتاب براہین کے تین سو جز کے وعدے پورے نہیں کیے جا سکتے۔ اس کے بعد مرزا نے حقوق العباد سے سبکدوش ہونے کے متعلق جو عملی نمونہ پیش کیا اس کی دلچسپ تفصیل کے لیے کتاب "رئیس قادیاں" کی طرف رجوع فرمائیے۔ کتاب براہین کا لب و لہجہ ایسا خراب ہے کہ ممکن نہیں کہ کوئی ہندو یا عیسائی پڑھے اور مشتعل نہ ہو۔ وہی باتیں جو جارحانہ الفاظ اور مبارزانہ انداز میں لکھی تھیں نرم لہجہ اور دلکش الفاظ میں بھی لکھی جا سکتی تھیں۔ اس کتاب نے اسلام اور اہل اسلام کے خلاف آریوں اور عیسائیوں کے دلوں میں عناد و منافرت کی مستقل تخم ریزی کر دی۔ پنڈت لیکھرام نے "براہین احمدیہ" کا جواب "تکذیب براہین احمدیہ" کے نام سے شائع کیا۔ لیکن یہ جواب کیا تھا دشنام دہی اور بدگوئی کا شرمناک مرقع تھا۔ اور یقین ہے کہ جب سے' نی نوع انسان عالم وجود میں آیا کسی بدنہاد عوئے حق نے خدا کے برگزیدہ انبیاء و رسل اور دوسرے مقربان بارگاہ احدیت کو اتنی گالیاں نہ دی ہوں گی جتنی کہ پنڈت لیکھرام نے اس کتاب میں دیں۔ اس تمام دشنام گوئی کی ذمہ داری مرزا پر عائد ہوتی تھی۔ اسلام کے اس نادان دوست نے ہندوؤں اور ان کے بزرگوں پر لعن طعن کر کے انبیاء کرام کو گالیاں

Marfat.com

دلائیں۔ براہین احمدیہ میں مرزائی الہامات کی بھی بھرمار تھی اور یہی وہ الہامات تھے جو آئندہ دعووں کے لیے عموماً سنگ بنیاد کا حکم رکھتے تھے۔ گو براہین کی طباعت کے بعد بھی بعض علماء حسن ظن کے سنہری جال میں پھنسے رہے لیکن اکثر علماء ایسے تھے جن کی فراست ایمانی نے اس حقیقت کو بھانپ لیا کہ یہ شخص کسی نہ کسی دن ضرور دعوائے نبوت کرے گا۔

دعوائے مجددیت اور حکیم نورالدین سے ملاقات

ان دنوں میں حکیم محمد شریف کلانوری نے جو مرزا کا یار غار تھا۔ امرتسر میں مطب کھول رکھا تھا۔ مرزا جب کبھی قادیاں سے امرتسر آتا تو اسی کے پاس ٹھہرا کرتا۔ براہین کی اشاعت کے بعد حکیم مذکور نے مرزا کو مشورہ دیا کہ تم مجدد ہونے کا دعویٰ کر دو کیونکہ اس زمانے کے لیے کسی بھی مجدد کی ضرورت ہے چنانچہ مرزا نے اپنی مجددیت کا ڈھنڈورہ پیٹنا شروع کیا۔ قادیاں پہنچ کر بیرونی لوگوں کے پتے منگوائے اور ان کے نام خطوط بھیجنے شروع کیے۔ دول یورپ امریکہ و افریقہ کے تمام تاجداران اور ان کے وزراء اعمال حکومت' دنیا کے مدبروں' مصنفوں' نوابوں' راجاؤں اور دنیا کے تمام مذہبی پیشواؤں کے پاس حسب ضرورت انگریزی یا اردو اشتہار بھجوائے۔ ان اشتہاروں میں اپنے دعوئے مجددیت کے بعد مکتوب الیہم کو دعوت اسلام دی گئی تھی لیکن مرزائی تجدید کے جذب واثر کا کمال دیکھو کہ بیس ہزار دعوتی اشتہارات کی ترسیل کے باوجود ایک غیر مسلم بھی حلقہ اسلام میں داخل نہ ہوا۔ ان ایام میں حکیم نورالدین بھیروی ریاست جموں و کشمیر میں ریاستی طبیبوں کے زمرہ میں ملازم تھا۔ یہ حکیم نورالدین ایک لامذہب شخص تھا اور اگر کسی مذہب سے کوئی لگاؤ تھا تو وہ نیچری مذہب تھا۔ (دیکھو سیرۃ المہدی جلد 2 صفحہ 57) ان ایام میں سرسید احمد خاں سے حکیم نورالدین کی کچھ خط و کتابت ہوئی۔ جب مرزا غلام احمد کو اس خط و کتابت کا علم ہوا تو اسے یقین ہوا کہ اس شخص کی رفاقت ہر طرح سے بام مقصد تک پہنچا سکتی ہے چنانچہ جموں جا کر حکیم سے ملاقات کی اور یہ معلوم کر کے مسرت کی کوئی انتہا نہ رہی کہ حکیم بالکل اسی کا ہم مذاق واقع ہوا ہے۔ ان ایام میں حکیم نور الدین شیخ فتح محمد رئیس جموں کا کرایہ دار تھا۔ یہاں دس بارہ روز تک مختلف مسائل پر گفتگو رہی آخر آئندہ کا لائحہ عمل تیار کیا گیا اور مرزا نے قادیاں کو مراجعت کی۔ ان واقعات کی تفصیل کتاب "رئیس قادیاں" میں ملے گی۔ کچھ دنوں کے بعد مرزا لدھیانہ گیا اور اپنی مجددیت کا اعلان کیا۔ چنانچہ بہت سے سادہ لوح آدمی حلقہ میریدیں میں داخل ہوئے۔ مولوی محمد' مولوی عبداللہ اور مولوی اسماعیل صاحبان جو تینوں حقیقی بھائی تھے اور علماء لدھیانہ میں ممتاز حیثیت رکھتے تھے۔ کہیں سے کتاب "براہین احمدیہ" حاصل کر کے اس کا مطالعہ شروع کیا۔ اس میں الحاد و زندقہ کے طومار نظر آئے۔ انہوں نے شہر میں اعلان کر دیا کہ یہ شخص مجدد نہیں بلکہ ملحد و زندیق ہے۔ اس کے بعد علماء

Marfat.com

لدھیانہ نے مرزا کی تکفیر کا فتویٰ دیا اور اشتہارات چھپوا کر تقسیم کرائے۔ تھوڑے دن کے بعد علمائے حرمین کی طرف سے بھی مرزا کے کفر کے فتوے ہندوستان پہنچ گئے۔1884ء میں براہین احمدیہ کا چوتھا حصہ شائع کیا۔ انہی ایام میں مرزا نے دہلی جا کر نصرت بیگم نام ایک نوکتخدا لڑکی سے شادی کی۔ پہلی بیوی تو پہلے ہی سے اپنے میکے میں اجڑی بیٹھی تھی۔ دوسری بیوی کی آمد پر پہلی کے آباد ہونے کی رہی سہی امید بھی منقطع ہو گئی۔ جب مرزا نے دیکھا کہ علمائے حرمین کا فتویٰ تکفیر راہ ترقی میں حائل ہو رہا ہے تو1885ء کے اوائل میں اس مضمون کے آٹھ ہزار انگریزی اور شاید ہزارہا اردو اشتہارات طبع کرا کر تقسیم کرائے کہ جو شخص قادیاں آ کر صبر و استقلال اور حسن نیت کے ساتھ ایک سال تک میری صحبت میں رہے گا اسے معجزے دکھائے جائیں گے۔ اعجاز نمائی کے وعدوں کے اشتہار یورپی پادریوں کو سب سے زیادہ بھیجے گئے تھے اور مرزا کو یقین تھا کہ کثیر التعداد پادری قادیاں آئیں گے۔ اس لیے ان موہوم مہمانوں کے قیام کے لیے اپنے مکان سے ملحق بڑی عجلت سے ایک گول کمرہ تعمیر کرایا لیکن افسوس کہ کسی یورپی پادری کو قادیاں آنے اور اس گول کمرے میں قیام کرنے کی سعادت نصیب نہ ہوئی۔ البتہ پنڈت لیکھرام نے معجزہ دیکھنے کے اشتیاق میں قادیاں کے یک سالہ قیام و انتظام پر آمادگی ظاہر کی۔ مرزا نے اس کے متعلق خط و کتابت شروع کی لیکن پانچ چھ مہینہ کی خط و کتابت کے باوجود کوئی نتیجہ برآمد نہ ہوا۔ انجام کار پنڈت بذات خود قادیاں پہنچ کر مرزا کے گلے کا ہار ہو گیا۔ آخر مرزا سے بہزار مشکل اس "جن" سے پیچھا چھوڑایا۔ پنڈت لیکھرام کی دلچسپ خط و کتابت کے لیے کتاب "رئیس قادیاں" کی طرف رجوع فرمائیے۔ اسی طرح رسالہ "سراج منیر" دوسرے رسالوں کی اشاعت کے سبز باغ دکھا کر مرزا نے مسلمانوں سے جو پیشگی رقمیں وصول کیں اور پھر خواب بے اعتنائی میں سو گیا اس کی دلچسپ تفصیل بھی "رئیس قادیاں" کے پینتسیوں باب میں ملاحظہ فرمائیے۔

ہوشیار پور میں چلہ کشی اور پسر موعود کی پیش گوئی

مرزا غلام احمد نے کسی پیر طریقت کے ہاتھ پر بیعت کر کے سلوک حاصل نہ کیا تھا۔ ہاں ایک مرتبہ چلہ کشی کا ضرور قصد کیا۔ وہ بے چارہ اس حقیقت سے بے خبر تھا کہ کسی شیخ کامل کی رہنمائی کے بغیر اس کوچہ میں قدم رکھنا کس درجہ خطرناک ہے؟ بہر حال اس غرض کے لیے تین مریدوں کو ساتھ لے کر ہوشیار پور کو روانہ ہوا۔ اور شیخ مہر علی کے طویلہ میں قیام کیا۔ چونکہ مجدد وقت کا کوئی کام نام و نمود اور شہرت طلبی کے جذبات سے خالی نہ تھا اس لیے چلہ کشی کی نمائش بھی ضروری تھی۔ مرزا نے دستی اشتہارات چھپوا کر اپنے چلے کا اعلان کر دیا اور حکم دیا کہ چالیس دن تک کوئی شخص ملنے کو نہ آئے۔ چلہ گزر جانے کے بعد بیس دن تک ہوشیار پور میں قیام رہے گا اس وقت

ہر شخص ملاقات کر سکے گا۔ صوفیہ کرام چلوں میں سدرمق سے زیادہ غذا نہیں کھاتے۔ دن کو روزہ رکھتے ہیں اور رات بھر عبادت کرتے ہیں لیکن مجدد وقت اپنے نام نہاد چلے میں بھی بدستور کھاتا پیتا رہا۔ معلوم نہیں اس چلہ کی غرض وغایت کیا تھی؟ بظاہر تو شیاطین کو مسخر اور تابع فرمان، نا مقصود تھا۔ اگر واقعی یہی تھا تو معلوم ہوتا ہے کہ اس کوشش میں مرزا کو ضرور کامیابی ہوئی کیونکہ کوئی نورانی ہستی آکر مرزا سے باتیں کرتی رہتی تھی۔ چنانچہ مرزا نے ایک دفعہ عبداللہ سنوری سے جو مرزا کو بالا خانہ پر کھانا پہنچانے جایا کرتے تھا کہا کہ خدا تعالیٰ بعض اوقات دیر دیر تک مجھ سے باتیں کرتا رہتا ہے۔ اقبال مند بیٹے کے متعلق اسی چلہ میں الہامات ہوئے تھے۔ ان ایام میں نصرت بیگم صاحبہ حاملہ تھیں۔ مرزا نے یہ سمجھ کر کہ پسر موعود کے الہام کرنے والا رب العالمین ہے قادیاں پہنچتے ہی دھڑلے سے پسر موعود کی پیش گوئی کر دی مگر پیشین گوئی جھوٹی نکلی اور مرزا کو بہت خفت اٹھانی پڑی اس سے ہر شخص سمجھ سکتا ہے کہ دیر دیر تک باتیں کرنے والی کون ذات شریف تھی؟ مرزا کو اس کے پسر موعود کا نام عنموائیل بتایا گیا تھا۔ 20 فروری 1886ء کو عنموائیل کی موعودہ آمدہ کا اعلان کیا۔ اس اعلان میں اپنا یہ الہام درج کیا۔ "تجھے بشارت ہو کہ ایک وجیہہ اور پاک لڑکا تجھے دیا جائے گا اس کا نام عنموائیل اور بشیر بھی ہے۔ مبارک ہے وہ جو آسمان سے آتا ہے۔ وہ صاحب شکوہ اور صاحب عظمت و دولت ہوگا۔ وہ اپنے مسیحی نفس اور روح الحق کی برکت سے لوگوں کو بیماریوں سے صاف کرے گا۔ علوم ظاہری و باطنی سے پر کیا جائے گا۔ وہ تین کو چار کرنے والا ہوگا۔ فرزند دلبند گرامی ارجمند مظہر الاول والآخر مظہر الحق والعلاء کان اللہ نزل من السماء وہ اسیروں کی رستگاری کا موجب ہوگا اور زمین کے کناروں تک شہرت پائے گا۔ اور قومیں اس سے برکت پائیں گی۔ ایک پادری نے اس پیشین گوئی کا مذاق اڑایا تو مرزا نے 22 مارچ 1886ء کو ایک اور اشتہار شائع کیا جسمیں لکھا کہ یہ صرف پیشین گوئی ہی نہیں بلکہ عظیم الشان آسمانی نشان ہے جس کو خدائے کریم جل شانہ نے ہمارے نبی کریم رؤف رحیم ﷺ کی صداقت و عظمت ظاہر کرنے کے لیے ظاہر فرمایا ہے اور درحقیقت یہ نشان ایک مردہ کے زندہ کرنے سے صدہا درجہ اعلیٰ واولیٰ واکمل وافضل ہے۔ خدا نے ایسی بابرکت روح کے بھیجنے کا وعدہ فرمایا ہے جس کی ظاہری و باطنی برکتیں تمام زمین پر پھیلیں گی۔ ایسا لڑکا بموجب وعدہ الٰہی نو برس کے عرصہ تک ضرور پیدا ہوگا۔ اس کے بعد ایک اشتہار میں لکھا کہ آج 8 اپریل 1886ء کو اللہ جل شانہ کی طرف سے اس عاجز پر کھل گیا کہ ایک لڑکا بہت ہی قریب ہونے والا ہے۔ ان ایام میں مرزا کے مرید بھی دعائیں مانگ رہے تھے کہ پسر موعود جلد پیدا ہو۔ غرض ہزار ہا انتظار کے بعد وضع حمل کا وقت آیا لیکن پسر موعود کی جگہ لڑکی پیدا ہوئی۔ لوگوں نے مرزا کا خوب مذاق اڑایا اور اعتراضات کی آندھیاں افق قادیاں پر ہر طرف سے امنڈ آئیں۔ لڑکی کی پیدائش پر استہزاء و تخریت کی جو گرم بازاری ہوئی اس نے قادیاں پر بہت کچھ افسردگی طاری کر دی

Marfat.com

اس لیے مرزا ہر وقت دست بدعا تھا کہ کسی طرح بیوی مکرر حاملہ ہو کر لڑکا جنے اور وہ لوگوں کو عنموائیل کی پیدائش کا مژدہ سنا کر سرخرو ہو سکے۔ آخر خدا خدا کر کے گوہر شاہوار صدف رحم میں منعقد ہوا۔ اور نصرت بیگم صاحبہ نے نو مہینہ کے بعد اپنی کوکھ سے عنموائیل برآمد کر کے مرزا کی گود میں ڈال دیا۔ یہ دیکھ کر مرزا کی باچھیں کھل گئیں اور زمین و آسمان مسرت کے گہوارے بن گئے۔ 7 اگست 1887ء کو عنموائیل پیدا ہوا اور مرزا نے اسی دن "خوشخبری" کے عنوان سے ایک اشتہار شائع کیا جس میں لکھا۔ "اے ناظرین! میں آپ کو بشارت دیتا ہوں کہ وہ لڑکا جس کے تولد کے لیے میں نے 8 اپریل 1886ء کے اشتہار میں پیشین گوئی کی تھی وہ آج 12 بجے رات کو پیدا ہو گیا۔ فالحمد للہ علی ذلک۔ اب دیکھنا چاہیے کہ یہ کس قدر بزرگ پیشین گوئی ہے جو ظہور میں آئی۔ عنموائیل قریباً سوا سال تک زندہ رہا۔ اس کے بعد 4 نومبر 1888ء کو لقمہ اجل ہو گیا۔ اس کے مرنے پر طعن و تمسخر کے طوفان ہر طرف سے اٹھے لیکن مرزا کے لیے خاموشی کے سوا کوئی چارہ نہ تھا۔ چونکہ اعتراضات کی آندھیاں برابر چلتی رہتی تھیں اس لیے قریباً سوا تین سال کے بعد یعنی جنوری 1892ء کو ایک اشتہار زیر عنوان "مصنفین کے غور کے لائق" شائع کیا۔ جس میں لکھا کہ میں نے غلطی سے اس لڑکے کو پسر موعود خیال کر لیا تھا اس میں الہام الٰہی کا کوئی قصور نہیں ہے۔" اس معذرت خواہی کے ساڑھے سات سال بعد یعنی 14 جون 1899ء کو جب مرزا کے گھر میں ایک اور لڑکا "مبارک احمد" پیدا ہوا تو مرزا نے اسی کو عنموائیل قرار دینے کی کوشش کی۔ (دیکھو مرزا کی کتاب "تریاق القلوب" طبع اول صفحہ 70) حالانکہ مبارک احمد نو سال کی مدت معہودہ کے سوا چار سال بعد پیدا ہوا تھا۔ مگر مرزا کی بدنصیبی سے یہ لڑکا بھی عالم طفولیت ہی میں داغ مفارقت دے گیا۔ اور اس طرح فرزند موعود کی اقبال مندیوں کے سارے افسانے طاق اہمال پر رکھے گئے۔ آج کل مرزائی لوگ خلیفہ المسیح مرزا محمود احمد کے سر پر عنموائیلیت کا تاج رکھنے کی کوشش کر رہے ہیں مگر ان کی یہ کوشش بے سود ہے کیونکہ خود مرزا نے میاں محمود احمد کو کبھی عنموائیل موعود نہ بتایا۔ مرزا محمود احمد کی پیدائش 1889ء میں ہوئی تھی اس کے بعد مرزا غلام احمد نے از سر نو عنموائیل کی پیدائش کی پیشین گوئی 1891ء میں اس وقت کی جب میاں محمود احمد کی عمر پونے دو سال کی تھی چنانچہ کتاب ازالہ اوہام میں جو 1891ء میں شائع ہوئی مرزا نے لکھا۔ "خدا نے ایک قطعی اور یقینی پیش گوئی میں میرے پر ظاہر کر رکھا ہے کہ میری ہی ذریۃ سے ایک شخص پیدا ہو گا جس کو کئی باتوں میں مسیح سے مشابہت ہو گی۔ وہ اسیروں کو رستگاری بخشے گا اور ان کو جو شبہات کے زنجیروں میں مقید ہیں رہائی دے گا۔ فرزند دلبند گرامی ارجمند مظہر الحق والعلا کان اللہ نزل من السماء (معاذ اللہ) ظاہر ہے کہ اگر میاں محمود احمد عنموائیل موعود ہوتا تو اس پیشین گوئی کا اعادہ ایک لغو حرکت تھی۔ غرض عنموائیل کی پیشین گوئی پر مرزا کی بڑی کرکری ہوئی۔ مولوی محمد بٹالوی اور بعض دوسرے مولوی

Marfat.com

صاحبان نے جو اس وقت تک مرزا کا حق رفاقت ادا کر رہے تھے کمال دلسوزی سے مرزا کو مشورہ دیا کہ آئندہ اس قسم کی بعید از کار پیشین گوئیاں کر کے خواہ مخواہ ذلت و رسوائی کو دعوت نہ دیا کرو۔ لیکن بجائے اس کے کہ مرزا اس خیر خواہانہ مشورہ سے نصیحت آموز ہوتا۔ الناصلاح اندیش ناصحین کو ڈانٹنے اور چشم نمائی کرنے لگا اور ان کی نسبت لکھا کہ غفلت اور حب دنیا کا کیڑا فراست ایمانی کو بالکل چٹ کر گیا ہے۔

مسیح بننے کے لیے مضحکہ خیز سخن سازی

مرزا نے اوائل میں بہت دن تک دعوائے مجددیت ہی پر اکتفا کیا تھا مگر چونکہ ہر راسخ العلم قامع بدعات عالم دین مجدد ہو سکتا ہے اس لیے بظاہر اس منصب کو کچھ غیر وقیع سا سمجھ کر ترقی واقدام کی ہوس دامنگیر ہوئی اور کوئی عظیم القدر ٹھوس دعوے کر کے اپنی عظمت کو ثریا سے ہمدوش کرنے کا قصد کیا۔ آخر طبیعت نے فیصلہ کیا کہ مسیحیت کا تاج زیب سر کرنا چاہیے لیکن کمال ہوشیاری اور معاملہ فہمی سے کام لے کر یک بیک مسیح نہ بنا بلکہ تدریج کو ملحوظ رکھا۔ سب سے پہلے حضرت مسیح علیہ الصلوٰۃ والسلام کی حیات اور آپ کی آمد ثانی سے انکار کیا۔ حالانکہ کتاب "براہین احمدیہ" (صفحہ 498) میں حضرت عیسیٰ بن مریم علیہ السلام کی حیات اور آمد ثانی کا اقرار کر چکا تھا اس کے بعد یہود و نصاریٰ کی طرح یہ کہنا شروع کیا کہ حضرت مسیح علیہ السلام صلیب پر چڑھائے گئے تھے۔ (نزول المسیح مؤلفہ مرزا ص18) اس کے بعد یہ پروپیگنڈا شروع کیا کہ میں مثیل مسیح ہوں۔ جب مرید اس دعویٰ کے متحمل ہو گئے تو کچھ عرصہ کے بعد یہ کہنا اور لکھنا شروع کر دیا کہ احادیث نبوی میں جس مسیح کے آنے کی پیشین گوئی تھی وہ میں ہوں۔ "جب اس سے کہا گیا کہ حدیثوں میں تو حضرت عیسیٰ بن مریم علیہ السلام ہی کے تشریف لانے کی پیشین گوئی ہے اور تم غلام احمد بن غلام مرتضیٰ ہو تو جواب دیا کہ میں ہی عیسیٰ بن مریم بنا دیا گیا ہوں۔ پوچھا گیا کہ ایک شخص دوسری شخصیت میں کیونکر تبدیل ہو سکتا ہے؟ تو کہنے لگا کہ حضرت عیسیٰ کی بعض روحانی صفات طبع عادت اور اخلاق وغیرہ خدا تعالیٰ نے میری فطرت میں بھی رکھی ہیں اور دوسرے کئی امور میں میری زندگی کو مسیح بن مریم کی زندگی سے اشد مشابہت ہے اس بنا پر میں مسیح ہوں۔ (ازالہ اوہام طبع پنجم ص79) لیکن جب کہا گیا کہ جناب عیسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام کے بعض روحانی صفات طبع اور عادت اور اخلاق وغیرہ تو خدا نے بر تر بہت سے اہل اللہ کی فطرت میں بھی ودیعت فرما دیتا ہے اور ان کی زندگی کو حضرت مسیح بن مریم علیہ السلام کی زندگی سے اشد مناسبت ہوتی ہے تو پھر وہ سب حضرات بھی مسیح موعود ہونے چاہئیں۔ اس میں تمہاری کونسی خصوصیت ہے؟ کوئی وجہ نہیں کہ تم تو کسی من گھڑت مناسبت کی بنا پر مسیح بن مریم بن جاؤ اور عارفین الٰہی حقیقی اشتراک صفات کے باوجود "مسیح موعود" نہ سمجھے جا سکیں۔

Marfat.com

بات معقول تھی مرزا سے اس کا کوئی جواب نہ بن پڑا۔ بآخر گیارہ سال کی سخت دماغی کدوکاوش کے بعد کشتی نوح میں جسے 5 اکتوبر 1902ء کو شائع کیا تھا۔ اپنے مسیح بن مریم بن جانے کا یہ ڈھکوسلہ پیش کیا۔ گو خدا نے براہین احمدیہ کے تیسرے حصہ میں میرا نام مریم رکھا۔ پھر دو برس تک صفت مریمیت میں میں نے پرورش پائی اور پردہ میں نشوونما پاتا رہا۔ پھر جب اس پر دو برس گزر گئے تو جیسا کہ "براہین احمدیہ" کے حصہ چہارم صفحہ 496 میں درج ہے۔ مریم کی طرح عیسیٰ کی روح مجھ میں نفخ کی گئی اور استعارہ کے رنگ میں مجھے حاملہ ٹھہرایا گیا اور آخر کئی مہینہ کے بعد جو دس مہینے سے زیادہ نہیں بذریعہ اس الہام کے جو سب سے آخر براہین کے صفحہ 556 میں درج ہے مجھے مریم سے عیسیٰ بنایا گیا۔ پس اس طور سے میں ابن مریم ٹھہرا۔ (کشتی نوح صفحہ 46-47) جب مرزا بیک جنبش قلم ایک خیالی تمثل کے ذریعہ سے مسیح ابن مریم بن چکا تو ہر طرف سے مطالبہ ہونے لگا کہ اگر تم سچے مسیح ہو تو تم بھی حضرت روح اللہ کی طرح کوئی مسیحائی دکھاؤ زیادہ نہیں تو مسیح علیہ الصلوٰۃ والسلام کے انہی معجزات میں سے کوئی معجزہ دکھادو جو قرآن پاک میں دو جگہ مذکور ہیں۔ یہ مطالبہ نہایت معقول تھا لیکن مرزا کے پاس سخن سازی کے سوا رکھا ہی کیا تھا؟ سوچنے لگا کہ اب کیا بات بناؤں؟ آخر اس کے سوا کوئی چارۂ کار نظر نہ آیا کہ سرے سے معجزات مسیح علیہ السلام کے وجود ہی سے انکار کر دے۔ واقعی کسی چیز کی ذمہ داری سے بچنے کا یہ نہایت آسان علاج ہے کہ اس چیز کے وجود ہی سے انکار کر دیا جائے۔ مرزا نے معجزات مسیح علیہ السلام کا صرف انکار ہی نہ کیا بلکہ اپنی بدنصیبی سے الٹا ان کا مذاق اڑانا شروع کر دیا۔ حالانکہ یہ معجزات مسیح علیہ السلام کا مذاق نہیں تھا بلکہ فی الحقیقت کلام الٰہی کا مذاق اور انکار و استحقاق تھا۔ انہی ایام میں مولوی محمد حسین بٹالوی سے مرزا کی سخت کشیدگی ہو گئی۔ وجوہ مخاصمت کتاب "رئیس قادیاں" میں لکھ دیئے گئے ہیں۔

لاہور' لدھیانہ اور دہلی کے مناظرے

مرزائیت کا اسلام سے پہلا تصادم شاید وہ مناظرہ تھا جو لاہور میں ہوا۔ منشی عبدالحق اکاؤنٹنٹ لاہور' منشی الٰہی بخش اکاؤنٹنٹ لاہور اور حافظ محمد یوسف ضلعدار محکمہ نہر تینوں "اہلحدیث جنٹلمین" تھے جو کچھ دنوں سے مرزائی ہو گئے تھے۔ یہ تینوں حضرات مرزائیت کا بپتسمہ لینے سے پہلے نہایت سرگرم قومی کارکن تھے اور لاہور کی اسلامی تحریکوں میں سب سے پیش پیش رہتے تھے۔ اس لیے مولوی محمد حسین مرحوم بٹالوی کو ان کے مرزائی ہو جانے کا بڑا قلق تھا۔ گو چند سال کے بعد تینوں حضرات مرزائیت سے تائب ہو کر از سر نو اسلامی برادری میں داخل ہو گئے لیکن اوائل میں یہ سخت غالی مرزائی تھے۔ مولوی محمد حسین نے شروع میں ان کو بہتیرا سمجھایا لیکن یہ کسی طرح مرزائیت سے منقطع نہ ہوئے بلکہ ان تینوں کی یہ بڑی آرزو تھی کہ موقع ملے تو مولوی محمد حسین کو

Marfat.com

حکیم نور الدین سے جسے مرزائی لوگ امام فخر الدین رازیؒ سے کسی طرح کم نہیں سمجھتے تھے۔ (خدانخواستہ) ذلیل کرائیں۔ چنانچہ اسی کوشش میں ایک مرتبہ حافظ محمد یوسف ضلعدار اور منشی عبدالحق اکاؤنٹنٹ [redacted] لاہور سے جموں گئے اور حکیم نور الدین کو مولوی محمد حسین سے مناظرہ کرنے کی تحریک کی لیکن حکیم نے انہیں بلطائف الحیل ٹال دیا۔ کچھ دنوں کے بعد حکیم نور الدین مہاراجہ جموں کے ساتھ لاہور آیا اور ان تینوں نے سے مولوی محمد حسین سے بھڑا دیا۔ مناظرہ مسئلہ حیات و ممات مسیح علیہ السلام پر ہوا۔ مولوی صاحب نے حکیم نور الدین کو بری طرح رگیدا۔ جب مولوی صاحب نے دوران مباحثہ میں حکیم کے سفر کا راستہ بالکل مسدود کر دیا اور اسے یقین ہو گیا کہ وہ آئندہ سوال پر چاروں شانے چت گرا کر چھاتی پر سوار ہو جائیں گے تو حکیم نور الدین کوئی حیلہ تراش کر بھاگ کھڑا ہوا۔ ان ایام میں مرزا اپنے دہلوی خسر کے پاس لدھیانہ میں اقامت گزین تھا۔ حکیم نور الدین نے مرزا غلام احمد کے پاس لدھیانہ میں جا دم لیا۔ 15 اپریل 1891ء کو مولوی صاحب نے مرزا کو تار دیا کہ تمہارا حواری مناظرہ سے بھاگ گیا یا تو اس کو مقابلہ پر آمادہ کر دیا خود مناظرہ کے لیے آؤ۔ اس کے جواب میں خود مرزا نے مناظرہ پر آمادگی ظاہر کی مگر یہ شرطیں پیش کیں کہ مناظرہ تحریری ہو۔ تم چار ورق کاغذ پر جو چاہو لکھ کر پیش کرو۔ اس کے بعد میں چار ورقوں میں اس کا جواب لکھوں بس ان دو پرچوں پر مناظرہ ختم ہو جائے غرض مرزا نے مولوی صاحب کو مرزائی دلائل کا بطلان ثابت کرنے کے لیے جواب الجواب کی اجازت نہ دی۔ اس لیے مولوی صاحب نے ایسے مناظرہ کو بے سود سمجھ کر انکار کر دیا۔ 3 مئی 1891ء کو مرزا نے علمائے لدھیانہ کو تحریری چیلنج دیا کہ تم لوگ مسئلہ حیات و ممات مسیح علیہ السلام پر مناظرہ کر لو انہوں نے جواب دیا کہ ہم نے 1301ھ میں فتویٰ دیا تھا کہ مرزا غلام احمد مرتد اور دائرہ اسلام سے خارج ہے اور ہمارا قطعی اور حتمی فیصلہ ہے کہ جو لوگ مرزا غلام احمد کے عقائد باطلہ کو حق جانتے ہیں وہ شرعاً کافر ہیں۔ پس تمہیں لازم ہے کہ پہلے ہم سے اس مسئلہ پر مناظرہ کرو کہ تم دائرہ اسلام سے خارج نہیں ہو۔ اگر تم نے اپنا اسلام ثابت کر دکھایا تو پھر حیات و ممات مسیح علیہ السلام پر گفتگو ہو گی۔ جب علماء لدھیانہ کی طرف سے اس مضمون کا اشتہار شائع ہوا۔ تو مرزا کے ہوش اڑ گئے کیونکہ اس کے لیے اپنا مسلمان ثابت کرنا ناممکن تھا۔ اس لیے حکیم نور الدین کو لاہور سے مشورہ کے لیے طلب کیا۔ حکیم نور الدین نے لدھیانہ پہنچ کر وہ اشتہار پڑھا جو علمائے لدھیانہ نے شائع کیا تھا اور مرزا غلام احمد سے کہا کہ جب ثالث کی موجودگی میں آپ کے ایمان و کفر پر مباحثہ ہو گا اور مخالف لوگ علمائے حرمین کا فتویٰ تکفیر پیش کریں گے تو ثالث لامحالہ ہماری جماعت پر کفر و ارتداد کا حکم لگا کر فریق ثانی کے حق میں فیصلہ کر دے گا اس کے بعد ہم سے مسئلہ حیات و ممات مسیح علیہ السلام پر بھی کوئی شخص گفتگو نہ کرے گا۔ کیونکہ کسی بے ایمان شخص کا مسیح ہونا دائرہ امکان سے خارج ہے البتہ ان مولویوں سے گفتگو کرنے

Marfat.com

میں کوئی مضائقہ نہیں جو ہمیں مسلمان سمجھتے ہیں کیونکہ ہم ان سے بلا تکلف مسئلہ حیات و ممات مسیح علیہ السلام پر بحث کر سکتے ہیں اور بہترین صورت یہ ہے کہ آپ حنفی مولویوں کو چھوڑ کر مولوی محمد حسین سے مناظرہ کریں کیونکہ وہ آپ کے اسلام کا اقرار کر چکا ہے۔ مرزا نے علمائے لدھیانہ سے چھیڑ خانی کرتے وقت مناظرہ کا جو چیلنج دیا تھا اس میں یہ بھی لکھا تھا کہ اگر تم لوگ مناظرہ نہ کرنا چاہو تو اپنی طرف سے مولوی محمد حسین کو کھڑا کر لو۔ جب مولوی محمد حسین کو اس کی اطلاع ہوئی تو وہ لدھیانہ پہنچ گئے اور مولوی محمد حسن لدھیانوی کو بھیج کر مناظرہ کی دعوت دی اور موضوع بحث یہ پیش کیا کہ کیا وہ مسیح جس کے قدوم کی احادیث نبویہ میں بشارت دی گئی ہے وہ مرزا غلام احمد قادیانی ہے ؟ اس کے جواب میں مرزا نے کہا کہ میں اپنی مسیحیت پر گفتگو کرنے کو تیار نہیں ہوں بلکہ صرف مسئلہ حیات و ممات مسیح علیہ السلام پر گفتگو کروں گا۔ کیونکہ میرا دعویٰ اسی بنا پر ہے جب بنا ٹوٹ جائے گی تو دعویٰ بھی باطل ٹھہرے گا۔ اس کے جواب میں مولوی محمد حسین نے لکھوا بھیجا کہ آپ کے اشتہار میں دونوں دعوے موجود ہیں۔ حضرت مسیح علیہ السلام کی رحلت کا دعویٰ اور اپنے مسیح ہونے کا دعویٰ۔ ان دونوں دعاوی میں ایسا تلازم نہیں ہے کہ ایک کے ثبوت سے دوسرا دعویٰ ثابت ہو جائے لہذا پہلے تمہارے مسیح موعود ہونے پر گفتگو ہونی چاہیے اس کے بعد مسئلہ حیات مسیح علیہ السلام زیر بحث آئے۔ اور بحکم اصول مناظرہ ہم کو اختیار ہے کہ آپ کے جس دعویٰ پر چاہیں پہلے بحث کریں۔ ہاں اگر آپ اپنے مسیح موعود ہونے کے دعویٰ سے دستبردار ہو جائیں تو پھر مسئلہ حیات مسیح علیہ السلام پر گفتگو ہو سکتی ہے۔ مرزا نے اس کا جو دو جواب لکھ بھیجا اس سے ہر شخص نے یقین کر لیا کہ مرزا مباحثہ سے گریزاں ہے۔ جب مرزا کے پٹیالوی مریدوں کو اپنے مقتداء کی گریز و فرار کا علم ہوا تو انہوں نے لدھیانہ آکر مرزا کو مباحثہ پر مجبور کیا۔ آخر مباحثہ ہوا مولوی محمد حسین نے یہ سوال پیش کیا کہ صحیح بخاری اور صحیح مسلم کی تمام حدیثیں تمہارے نزدیک صحیح ہیں یا نہیں ؟ مرزا نے ٹال مٹول اور حیلے حوالے شروع کئے اور بارہ دن تک غیر متعلق باتوں میں جواب کو ٹالتا رہا کیونکہ اس نے تہیہ کر رکھا تھا کہ اصل سوال کا جواب نہیں دوں گا۔ آخر جب ہر جگہ مشہور ہوا کہ قادیانی اتنے دن سے صرف ایک سوال کا جواب دینے میں لیت و لعل کر رہا ہے تو مرزا اور مرزائیوں کا ہر جگہ مذاق اڑایا جانے لگا اور بدنامی اور رسوائی ان پر ہر طرف سے مسلط ہوئی۔ جب امرتسر اور لاہور کے مرزائیوں کو معلوم ہوا کہ ان کا مسیح بارہ دن سے صرف ایک سوال کا جواب دینے میں لیت و لعل کر رہا ہے تو اس کے ایک حواری حافظ محمد یوسف ضلعدار نے مرزا کو پیغام بھیجا کہ یہ آپ کیا کر رہے ہیں ؟ ان سوالات و جوابات میں تو آپ ذلیل ہو رہے ہیں اور فریق ثانی آپ کی آبرو مٹی میں ملا رہا ہے۔ ان سوالات و جوابات سے مولوی محمد حسین کا یہی مقصد ہے کہ آپ کو ذلیل کرے اس لیے مناسب ہے کہ بحث کو جلد ختم کر دیجئے ورنہ اور زیادہ ذلت ہو گی۔ غرض حافظ محمد یوسف کے انتباہ کا یہ اثر ہوا کہ

Marfat.com

مرزا نے بار ہویں دن کی تحریر کے ساتھ موقوفی بحث کی درخواست پیش کر کے اپنی جان چھڑالی۔ لدھیانہ میں ناکامی و ہزیمت کا جو دھبہ مرزا کے دامن عزت پر لگا۔ مرزا ہر وقت اس کے دھونے کی فکر میں تھا۔ اس لیے خیال آیا کہ دہلی چل کر قسمت آزمائی کریں وہاں مولوی محمد حسین بٹالوی کے استاد مولانا سید نظیر حسین محدث دہلوی کو دعوت مناظرہ دی جائے۔ وہ اپنی بزرگی اور مرزا کی نا اہلی کے پیش نظر اپنا مخاطب بنانا گوارا نہ کرینگے اور مفت کی شہرت و ناموری حاصل ہو جائے گی۔ چنانچہ مرزا ستمبر 1891ء میں دہلی جا براجا اور مولانا نظیر حسین صاحب کو مسئلہ حیات و ممات مسیح علیہ السلام پر بحث کرنے کا چیلنج دیا۔ اس چیلنج کا جو دلچسپ انجام مرزا کی شاندار ہزیمت و پسپائی کی شکل میں ظاہر ہوا وہ کتاب "رئیس قادیاں" میں ملاحظہ کریں۔ قلت گنجائش کی وجہ سے ان دلچسپ مباحث کو یہاں ترک کرنا پڑا مولانا نظیر حسین کے مقابلہ سے بھاگ کر مرزا نے ان کے نامور شاگرد مولوی محمد بشیر سہسوانی سے مسئلہ حیات مسیح علیہ السلام پر تحریری مناظرہ شروع کیا لیکن جب چھٹے شمارے کے تین تین پرچے ہو چکے تو مرزا پہلی ہی بحث کو ناتمام چھوڑ کر مناظرہ سے ستبردار ہو گیا اور کہنے لگا کہ میرے خسر صاحب علیل ہیں۔ اس لیے میرا جلد مراجعت کرنا ضروری ہے۔ ان دلچسپ واقعات کی تفصیل بھی کتاب "رئیس قادیاں" میں ملے گی۔

آسمانی منکوحہ کے حصول میں ناکامی

مرزا غلام احمد کے ایک چچا کا نام غلام محی الدین تھا۔ مرزا امام الدین نظام الدین اور کمال الدین اسی چچا کے بیٹے تھے۔ غلام محی الدین کی دختر عمر النساء مرزا احمد بیگ ہوشیار پوری سے بیاہی ہوئی تھی اور غلام احمد کی حقیقی بہن کی شادی احمد بیگ ہوشیار پوری کے حقیقی بھائی محمد بیگ سے ہوئی تھی۔ ان قرابتوں کے علاوہ احمد بیگ کی حقیقی بہن مرزا غلام احمد کے ایک چچازاد بھائی غلام حسین سے بیاہی ہوئی تھی جو قریباً پچیس سال سے مفقود الخبر تھا۔ مرزا احمد بیگ جو محکمہ پولیس میں ملازم تھا۔ زیادہ تر ہوشیار پور سے باہر ملازمت ہی پر رہتا تھا اس لیے عمر النساء عموماً قادیاں ہی میں رہتی تھی۔ اس کا معمول تھا کہ جب کبھی مرزا احمد بیگ چھٹی لے کر ہوشیار پور آتا تھا تو یہ قادیاں سے ہوشیار پور چلی جاتی اور جب وہ ہوشیار پور سے اپنی نوکری پر چلا جاتا تو یہ اپنی بیٹی محمدی بیگم اور دوسری اولاد کو لے کر قادیاں آجاتی۔ محمدی بیگم ایک نہایت خوش جمال لڑکی تھی چونکہ اس کا نشوونما قادیاں ہی میں ہوا اس لیے یہ ہمشیرہ کی دیکھی بھالی تھی۔ غلام حسین مذکور کی زمین سرکاری کاغذات میں اس کی منکوحہ یعنی احمد بیگ کی ہمشیرہ کے نام درج ہو گئی تھی اور چونکہ وہ اپنے شوہر غلام حسین کی مراجعت کی طرف سے بالکل ناامید ہو چکی تھی اس لیے اس نے ارادہ کیا کہ اپنے مفقود الخبر شوہر کی زمین اپنے بھتیجے (مرزا احمد بیگ کے بیٹے) کے نام ہبہ کر دے چونکہ مرزا غلام احمد بھی مفقود کا عم زاد بھائی تھا۔ اس

Marfat.com

لیے جب ہبہ نامہ لکھا گیا تو احمد بیگ اس ہبہ نامہ پر دستخط کرانے کے لیے مرزا غلام احمد کے پاس لے گیا کیونکہ سرکاری قانون کے بموجب اس کی رضامندی کے بغیر ہبہ نامہ جائز نہیں سمجھا جا سکتا تھا۔ ہر چند کہ حقوق قرابت' شرافت نفس شرف و مجد انسانی اور احسان و ایثار اسلامی کا مقتضاء یہ تھا کہ مرزا غلام احمد بلا معاوضہ دستخط کر دیتا لیکن اس نے احمد بیگ سے اس سلوک و مروت کا صلہ اس کی لڑکی محمدی بیگم بیاہ دینے کی شکل میں طلب کیا۔ احمد بیگ نے اس مطالبہ کو نفرت کے ساتھ ٹھکرا دیا۔ مرزا غلام احمد نے ہزار جتن کئے لیکن وہ کسی طرح رضامند نہ ہوا۔ آخر مرزا نے اسے اپنے من گھڑت الہاموں سے مرعوب کرنا چاہا۔ اس سلسلہ میں ایک الہام شائع کیا۔ اس قادر مطلق نے مجھے فرمایا کہ اس شخص (احمد بیگ) کی دختر کاں (محمدی بیگم) کے لیے سلسلہ جنبانی کر اور ان سے کہہ دے کہ تمام سلوک و مروت تم سے اسی شرط پر کیا جائے گا اور یہ نکاح تمہارے لیے موجب برکت اور ایک رحمت کا نشان ہوگا لیکن اگر نکاح سے انحراف کیا تو اس لڑکی کا انجام نہایت ہی برا ہوگا اور جس کسی دوسرے شخص سے بیاہی جائے گی وہ روز نکاح سے ڈھائی سال تک اور ایسا ہی والد اس دختر کا (احمد بیگ) تین سال تک فوت ہو جائے گا۔ اور ان کے گھر پر تفرقہ اور تنگی اور مصیبت پڑے گی۔ خدا نے مقرر کر رکھا ہے۔ کہ وہ احمد بیگ کی دختر کاں کو ہر ایک روک دور کرنے کے بعد انجام کار اسی عاجز کے نکاح میں لائے گا کوئی نہیں جو خدا کی باتوں کو ٹال سکے۔ لیکن مرزا احمد بیگ اور مرزا سلطان محمد ساکن پٹی ضلع لاہور جس سے محمدی بیگم منسوب تھی اور احمد بیگ کے گھر والے ان الہامی گیڈر بھبکیوں سے کچھ بھی متاثر نہ ہوئے۔ مرزا غلام احمد نے سلطان محمد ساکن پٹی کی معیار حیات یوم شادی سے ڈھائی سال تک بتائی تھی اسے محمدی بیگم کی شادی 7 اپریل 1892ء کو ہوئی۔ اس حساب سے مرزا سلطان محمد کی زندگی کا آخری دن 7 اکتوبر 1894ء تھا لیکن قادیانی اعجاز کا کمال دیکھو کہ آج 19 جون ۱۹۳۶ء تک وہ زندہ سلامت موجود ہے یعنی اپنی مدت حیات کے بعد بیالیس سال سے زبردستی گلشن دنیا کی سیر کر رہا ہے۔ جب محمدی بیگم کو مرزا سلطان محمد کے گھر میں آباد ہوئے قریباً ڈھائی سال کی مدت گذر چکی تو مرزا نے زوجہ سلطان محمد سے شادی کرنے کی از سر نو پیشین گوئی کر کے اس فتنہ خوابیدہ کو بیدار کرنا چاہا۔ چنانچہ 6 دسمبر 1894ء کو ایک اشتہار شائع کیا۔ جس میں اپنا ایک الہام لکھا کہ "حق تعالیٰ نے مجھے مخاطب کر کے فرمایا ہے کہ ان لوگوں نے ہمارے نشانوں کی تکذیب کی اور ان سے ٹھٹھا کیا سو خدا انہیں یہ نشان دکھلائے گا کہ احمد بیگ کی بڑی لڑکی ایک جگہ بیاہی جائے گی اور خدا اس کو پھر تیری طرف واپس لائے گا۔ یعنی آخر وہ تیرے نکاح میں آئے گی اور خدا سب روکیں درمیان سے اٹھا دے گا۔ خدا کی باتیں ٹل نہیں سکتیں۔ اس لڑکی کا اس عاجز کے نکاح میں آنا تقدیر مبرم ہے جو کسی طرح ٹل نہیں سکتی۔ کیونکہ اس کے لیے الہام الٰہی میں یہ فقرہ بھی موجود ہے کہ لا تبدیل لخلق اللہ یعنی میری یہ بات ہرگز نہیں ٹلے گی۔ پس اگر ٹل جائے تو

خدا کا کلام باطل ہوتا ہے میری تقدیر کبھی نہیں بدلے گی۔ میں سب روکوں کو اٹھا دوں گا۔ خدا تعالیٰ کے غیر متبدل وعدے پورے ہو جائیں گے کیا کوئی زمین پر ہے جو ان کو روک سکے؟ اے بد فطرتو! اعتبیں سمجھ لو۔ غصے کر لو۔ لیکن عنقریب دیکھو گے کہ کیا ہوتا ہے؟ مرزا نے اسی سال 27 اکتوبر کے ایک اشتہار میں لکھا۔ میں دعا کرتا ہوں کہ اے خدائے قادر و علیم! اگر احمد بیگ کی دختر کا اس عاجز کے نکاح میں یہ پیش گوئی تیری طرف سے ہے تو اس کو ظاہر فرما کر کور باطن حاسدوں کا منہ بند کر دے اور اگر تیری طرف سے نہیں تو مجھے نامرادی اور ذلت کے ساتھ ہلاک کر۔ اس دعائے غیر مستجاب کے قریباً سوا دو سال بعد یعنی 22 جنوری 1897ء کو مرزا نے کتاب "انجام آتھم" شائع کی اس میں لکھا کہ محمدی بیگم سے میرا نکاح خدائے بزرگ کی تقدیر مبرم ہے اور عنقریب اس کے ظہور کا وقت آجائے گا۔ اور میں اس کو اپنے صدق یا کذب کا معیار ٹھہراتا ہوں۔ میں نے یہ بات اپنی طرف سے نہیں کہی بلکہ خدا نے مجھے اس کی خبر دی ہے۔ 1900ء میں مرزا غلام احمد کو الہام ہوا۔ ویردھا الیک (خدا تعالیٰ محمدی بیگم کو تمہارے پاس واپس لائے گا) مرزا نے 29 ستمبر 1900ء کو رسالہ اربعین میں اس الہام کی شرح کرتے ہوئے لکھا کہ یہ پیشین گوئی اس نکاح کی نسبت ہے جس پر نادان مخالف جہالت اور تعصب سے اعتراض کرتے ہیں۔ اس کے بعد مرزا غلام احمد نے اگست 1901ء میں گورداسپور کی عدالت میں حلفاً بیان کیا کہ احمد بیگ کی دختر جس کی نسبت پیش گوئی ہے مرزا امام الدین کی بھانجی ہے سچ ہے وہ عورت میرے ساتھ نہیں بیاہی گئی مگر میرے ساتھ اس کا بیاہ ضرور ہوگا۔ غرض مرزا غلام احمد اسی طرح محمدی بیگم کی شادی کے بعد دس سال تک برابر پنجے جھاڑ کر اس عفیفہ کے پیچھے پڑا رہا اور اس بیچاری کی فضیحت و رسوائی کا کوئی دقیقہ فرو گذاشت نہ کیا۔ آخر ملا محمد حسین ایڈیٹر "جعفر زٹلی" نے ایک ایسی تدبیر نکالی جس نے مرزا غلام احمد کے دانت کھٹے کر دیئے۔ اس کے بعد مرزا غلام احمد محمدی بیگم سے شادی کرنے کے سارے افسانے بھول گیا اور اس کا نام کبھی بھول کر بھی زبان قلم پر نہ لایا۔ ان دلچسپ واقعات کی تفصیل آپ کو کتاب "رئیس قادیاں" میں ملے گی۔

حکیم نور الدین کا جموں سے اخراج

حکیم نور الدین مہاراجہ جموں و کشمیر کا خاص طبیب تھا۔ وہ ریاست سے کیوں خارج کیا گیا؟ اس کی دلچسپ تفصیل آپ کو کتاب "رئیس قادیاں" میں ملے گی۔ مختصر یہ ہے کہ وہ ریاست کشمیر کے علاقہ کشتواڑ میں (جیسا کہ میرے پاس روایتیں پہنچی ہیں) ایک مرزائی سلطنت قائم کرنا چاہتا تھا اور اس کے لیے اسباب مہیا کئے جا رہے تھے۔ حکیم نور الدین کی کوششوں سے مرزائیت کو ریاست جموں و کشمیر میں جتنا فروغ نصیب ہوا اس سے کہیں زیادہ اس کا پنجاب میں نشوونما ہو رہا تھا

Marfat.com

اور جوں جوں یہ جماعت ترقی کرتی جاتی تھی۔ حکام کا سوء ظن بھی بڑھتا جاتا تھا کیونکہ انہیں یہ خوف تھا کہ مبادا مرزا غلام احمد بھی احمد سوڈانی کی طرح زور پکڑ کر مشکلات کا موجب بن جائے۔ حقیقت یہ ہے کہ گو مرزا نے تقدس کی دکان ابتدا میں محض شکم پری کے لیے کھولی تھی۔ لیکن ترقی کر کے سلطنت پر فائز ہونے کا لائحہ عمل بھی شروع سے اس کے پیش نظر تھا۔ آخر کیوں نہ ہوتا مغل اعظم سلطان عالمگیر اورنگ زیب غازیؒ کے خاندان سے تعلق رکھتا تھا۔ مگر افسوس کہ حکیم نورالدین کے اخراج سے مرزائی سلطنت کے بنے بنائے نقش بگڑ گئے۔ اور متوقع سلطنت کی جگہ حکومت کی دشمنی خرید لی۔ اعتراض کیا جاتا ہے کہ اگر حکیم نورالدین کو ریاست سے خارج نہ کیا جاتا تو بھی وہ اور مرزا غلام احمد قیام سلطنت میں کامیاب نہ ہو سکتے کیونکہ جب مرزا غلام احمد مدت العمر قادیاں کی ان مسجدوں کو بھی آزادانہ کرا سکا۔ جنہوں سکھوں نے اب تک دھرم سالہ بنا رکھا ہے۔ (دیکھو ازالہ اوہام طبع پنجم صفحہ 57) تو پھر سلطنت کا قیام ایک موہوم چیز تھی لیکن یہ اعتراض صحیح نہیں کیونکہ اگر وہ لوگ کسی طرح قیام سلطنت میں کامیاب ہو جاتے تو قادیاں کی مسجدیں خود ہی آزاد ہو جاتیں۔ مجھے بتایا گیا ہے کہ حکیم نورالدین کے اخراج کے بعد حکومت وقت حکیم نورالدین اور مرزا غلام احمد پر بغاوت کا مقدمہ چلانا چاہتی تھی۔ لیکن انہوں نے کچھ قول و قرار کیے۔ جس کی بنا پر کسی تشدد کی ضرورت نہ رہی۔ عجب نہیں کہ یہ بیان صحیح ہو کیونکہ ہم دیکھتے ہیں کہ ان واقعات کے بعد مرزا غلام احمد کے رویہ میں یک بیک تبدیلی پیدا ہو گئی اور قیام سلطنت کی توقعات کو تین سو سال تک موخر کر کے انگریز کی خوشامد اور مدح و توصیف کا نغمہ چھیڑ دیا۔ اور پھر خوشامد میں اعتدال و میانہ روی ملحوظ رہتی تو بھی ایک بات تھی لیکن مرزا نے اپنی افتاد طبیعت سے مجبور ہو کر تملق و خوشامد کا خوفناک طوفان برپا کر دیا۔ یہاں تک کہ خوشامد ہی اس کا اوڑھنا بچھونا بن گئی۔ اس خوشامد شعاری کی چند بانگیاں ملاحظہ ہوں۔ لکھتا ہے۔ "پھر میں پوچھتا ہوں کہ جو کچھ میں نے سرکار انگریزی کی امداد اور حفظ امن اور جہادی خیالات کے روکنے کے لیے برابر سترہ سال تک پورے جوش سے پوری استقامت سے کام لیا۔ کیا اس کام کی اور اس خدمت نمایاں کی اور اس مدت دراز کی دوسرے مسلمانوں میں جو میرے مخالف ہیں کوئی نظیر ہے؟ یہ سلسلہ ایک دو دن کا نہیں بلکہ برابر سترہ سال کا ہے (کتاب البریہ صفحہ 7) سول ملٹری گزٹ لاہور میں میری نسبت ایک غلط اور خلاف واقعہ رائے شائع کی گئی ہے کہ گویا میں گورنمنٹ انگریزی کا بدخواہ اور مخالفانہ ارادے رکھتا ہوں لیکن یہ خیال سراسر باطل اور دور از انصاف ہے۔ میرے والد نے 1857ء کے غدر میں پچاس گھوڑے [illegible]ید کر اور پچاس سوار بہم پہنچا کر گورنمنٹ کی نذر کیے۔ (تبلیغ رسالت جلد 3 ص 192) میری عمر کا اکثر حصہ اس سلطنت انگریزی کی تائید و حمایت میں گذرا ہے۔ میں نے ممانعت جہاد اور انگریزی اطاعت کے بارہ میں اس قدر کتابیں لکھی ہیں اور اشتہار شائع کیے ہیں کہ اگر وہ رسائل اور کتابیں اکٹھی کی جائیں تو

Marfat.com

پچاس الماریاں ان سے بھر سکتی ہیں۔ میں نے ایسی کتابوں کو تمام ممالک عرب اور مصر اور شام اور کابل اور روم تک پہنچادیا ہے۔ میری ہمیشہ کوشش رہی ہے کہ مسلمان اس سلطنت کے سچے خیر خواہ ہو جائیں اور مہدی خونیں اور مسیح خونیں کی بے اصل روایتیں اور جہاد کے جوش دلانے والے مسائل جو احمقوں کے دلوں کو خراب کرتے ہیں ان کے دلوں سے معدوم ہو جائیں (تریاق القلوب) انگریزوں کا اس ملک میں آنا مسلمانوں کے لیے درحقیقت ایک نہایت بزرگ نعمت الٰہی ہے تو پھر جو شخص اللہ تعالیٰ کی نعمت کو بے عزتی کی نظر سے دیکھے وہ بلاشبہ بدذات اور بدکردار ہے۔ (ایام الصلح)

میں جانتا ہوں کہ بعض جاہل مولوی میری ان تحریرات سے ناراض ہیں اور مجھے علاوہ اور وجوہ کے اس وجہ سے بھی کافر قرار دیتے ہیں لیکن مجھے ان کی ناراضگی کی پرواہ نہ ہے۔

دعوائے مہدویت

اس وقت تک مرزا مسیحیت ہی کا مدعی تھا۔ مہدی نہیں بنا تھا۔ احادیث نبویہ کے رو سے حضرت مسیح علیہ السلام اور جناب مہدی علیہ السلام ایک ہی زمانہ میں ظاہر ہوں گے۔ 1892ء میں ایک عالم ربانی نے مرزا سے پوچھا کہ تم مسیح ہو تو حضرت مہدی علیہ السلام کہاں ہیں؟ جو ان کے عہد سعادت میں ظاہر ہونے والے تھے؟ مرزا نے کہا۔ "وہ بھی میں ہی ہوں۔" لیکن اس کے بعد دعوائے مہدویت میں مرزا کی ہمیشہ گومگو حالت رہی۔ کبھی تو مہدویت کا مدعی بن بیٹھتا تھا اور کبھی حکومت کے خوف سے کانوں پر ہاتھ رکھنے لگتا تھا۔ مسئلہ ظہور مہدی علیہ السلام اور اپنی مہدویت کے متعلق مرزا نے جو رنگ بدلے ان کی تشریح "رئیس قادیاں" میں دیکھئے۔ چونکہ مرزا کو تائید ربانی حاصل نہ تھی اور باوجود بڑی بڑی لن ترانیوں اور خود ستائیوں کے قلم اور زبان کی دنیا سے باہر نکل کر اپنے دعووں کی تائید میں کوئی بیرونی شہادت پیش نہیں کر سکتا تھا۔ اس لیے اس کی دکانداری کا سارا مدار سخن سازی پر تھا۔ ایک مرتبہ اسے شوق چرایا کہ اپنے مہدی ہونے کی کوئی بیرونی شہادت پیش کرے۔ اس کوشش میں اس نے 26 مئی 1892ء کو "نشان آسمانی" کے نام سے ایک رسالہ شائع کیا جس میں اپنے مہدی آخر الزمان ہونے کے ثبوت میں شاہ نعمت اللہ کرمانی کا قصیدہ پیش کیا۔ لیکن قصیدہ کا صحیح مصداق بننے کی کوشش میں اس پر تحریف و تبدیل کے کچھ ایسے کند ہتھیار چلائے کہ اس کا حلیہ ہی بگڑ گیا۔ مرزا نے نہ صرف قصیدہ کے اشعار کی ترتیب حسب مراد بدل ڈالی اور بعض الفاظ و تراکیب کو مقدم و موخر کر دیا۔ بلکہ حضرت مہدی علیہ السلام کے اسم گرامی میں بھی تحریف کر دی۔ ہر شخص جانتا ہے کہ حضرت مہدی علیہ السلام کا نام مبارک محمد بن عبداللہ ہوگا۔ شاہ نعمت اللہؒ کے قصیدہ میں بھی احادیث نبویہ کے بموجب حضرت مہدی علیہ السلام کا نام نامی محمد ہی مذکور ہے چنانچہ پروفیسر براؤن نے "تاریخ ادبیات ایران" میں جہاں یہ قصیدہ نقل کیا ہے وہاں یہ شعر یوں

Marfat.com

درج کیا ہے۔

میم حا میم دال می خوانیم
نام او نامدار می بینم

لیکن مرزا نے اپنے آپ کو اس بشارت کا مصداق ثابت کرنے کے لیے شعر کو یوں بدل دیا۔

اح م د دال می خوانم
نام او نامدار می بینم

مرزائیوں کے "سلطان القلم" نے شعر میں تصرف تو کیا لیکن تصرف و تحریف کے لیے بھی سلیقہ درکار ہے۔ مرزا اس ردوبدل کے وقت اتنا بھی احساس نہ کر سکا کہ اس سے شعر کا وزن درست نہ رہے گا۔ اس نے اپنی کم سوادی سے میم اور الف کو ہموزن سمجھ لیا۔ مفصل بحث کے لیے "رئیس قادیاں" کا مطالعہ فرمائیے۔

آتھم سے مناظرہ

پادریوں کی تبلیغی سرگرمیوں کے جواب میں قصبہ جنڈیالہ تحصیل امرتسر کے بعض مسلمان دین مسیحیت کی کمزوریاں دکھا دکھا کر پادریوں کے دانت کھٹے کرتے رہتے تھے۔ پادریوں نے تنگ آکر مسلمانان جنڈیالہ کو مناظرہ کا چیلنج دیا۔ مرزا غلام احمد اپنی صلیب شکنی کا ہمیشہ ڈھنڈورا پیٹا کرتا تھا۔ اس لیے اکثر عوام کے دلوں پر اس کے علمی کمالات کی دھاک بیٹھی ہوئی تھی۔ اس بنا پر مسلمانان جنڈیالہ نے مرزا کو اسلامی مناظر کی حیثیت سے کھڑا کرنے کا فیصلہ کیا۔ کسی شخص نے مرزا کی الحاد پسندیوں پر اعتراض کیا تو کہنے لگے کہ مرزا اپنی ذات سے کافر و ملحد ہی کیوں نہ ہو مگر امید ہے کہ پادریوں کے مقابلہ میں اسلام کی عزت رکھ لے گا۔ مولوی محمد حسین بٹالوی کو معلوم ہوا تو انہوں نے مسلمانان جنڈیالہ کو ان کی خودرائی پر ملامت کی اور بتایا کہ مرزا میں اتنی استعداد نہیں ہے کہ وہ نصاریٰ کے مقابلہ سے عہدہ برآ ہو سکے۔ اس کے بعد کہنے لگے کہ اچھا تم ہی بتاؤ کہ قادیانی نے آج تک کس مخالف اسلام سے مباحثہ کر کے اس پر فتح حاصل کی۔ اس کی علمی قابلیت کا اندازہ اسی سے ہو سکتا ہے کہ اس نے وعدہ کیا تھا کہ کتاب "براہین احمدیہ" میں حقیقت اسلام کے تین سو دلائل پیش کروں گا مگر ایک دلیل کی بھی تکمیل نہ کر سکا۔ ہوشیار پور میں ایک آریہ سے مباحثہ کر کے بحث کو دو پرچوں میں محدود کر دیا اور نہ تو فریق مقابل کو باقی ماندہ دلائل پیش کرنے اور اپنی طرف سے ان کی تردید کرنے کا موقع دیا اور نہ اپنی طرف سے آریوں کے عقلی دلائل پیش کر کے ان کی تردید کی۔ اسی رسالہ میں نتائج کی بحث کو چھیڑا مگر اس کو بھی ادھورا چھوڑ دیا۔ مسلمانان جنڈیالہ نے کہا کہ اگر قادیانی مناظرہ کا اہل نہیں ہے تو پھر دوسرا کون ہے؟ انہوں نے کہا کہ ایک نہیں بلکہ

Marfat.com

لاہور' امرتسر اور دوسرے بلاد پنجاب میں بہت سے علماء ایسے موجود ہیں جو پہلے سے تقریراو تحریرا پادریوں سے مناظرے کر رہے ہیں ان میں سے کسی ایک کو انتخاب کرلو۔ دور کیوں جاؤ میں خود اس خدمت کے لیے حاضر ہوں۔ انشاء اللہ دیکھ لو گے کہ کس طرح پادریوں کا ناطقہ بند ہوتا ہے لیکن قادیانی پروپیگنڈے سے اثر پذیر ہونے کی وجہ سے حقیقت ناشناس مسلمانان جنڈیالہ پر مرزا کا جادو چل چکا تھا۔ انہوں نے مولوی صاحب کی ایک نہ سنی اور مرزا ہی کو مناظر اسلام کی حیثیت سے پادریوں کے مقابلہ میں کھڑا کرنا چاہا۔ موضوع بحث پانچ مسائل قرار پائے۔

(1) حضرت مسیح علیہ السلام اور جناب محمد مصطفیٰ ﷺ میں کون سا نبی اپنی کتاب اور نیز دوسرے دلائل سے معصوم ہے؟

(2) ان دونوں میں سے کس بزرگ ہستی کو زندہ رسول کہہ سکتے ہیں جو الٰہی طاقت اپنے اندر رکھتا ہے؟

(3) ان میں سے کس کو شفیع کہہ سکتے ہیں؟

(4) مسیحیت اور اسلام میں سے زندہ مذہب کونسا ہے؟

(5) انجیل اور قرآن کی تعلیمات میں سے کس کی تعلیم اعلیٰ و برتر ہے؟

مناظرہ تحریری قرار پایا۔ عیسائیوں کی طرف سے ڈپٹی عبداللہ آتھم پنشنر جو پہلے مسلمان تھا اور پھر کئی سال سے مرتد ہو گیا تھا مناظر قرار پایا۔ پندرہ دن تک مناظرہ ہوتا رہا لیکن کوئی مفید نتیجہ برآمد نہ ہوا۔ کیونکہ فریقین اپنی اپنی فتح کا ڈنکا بجانے لگے۔ مولوی تاج الدین احمد صاحب پلیڈر لاہوری نے اس مناظرہ کے متعلق یہ رائے ظاہر کی کہ مرزا غلام احمد نے مسلمانوں کی اس عزت کو سخت چرکا لگایا ہے جو حافظ ولی اللہ مرحوم کے وقت سے پادریوں کے مقابلہ میں مسلمانوں کو حاصل تھی۔ حافظ ولی اللہ نے ان کو بالکل عاجز و لاجواب کر رکھا تھا اور وہ اسلام کی طرف سے سخت مرعوب تھے لیکن مرزا غلام احمد نے اس رعب کو دور کر دیا ہے۔ اس مناظرہ کی ناکامی پر نہ صرف مسلمانان جنڈیالہ کو شرمسار ہونا پڑا بلکہ خود مرزا غلام احمد بھی نہایت خفیف ہوا کیونکہ وہ باوجود لمبے چوڑے دعووں کے ایک معمولی پادری کو بھی نیچا نہ دکھا سکا۔ اس لیے اس نے رفع خفت کے لیے 5 جون 1893ء کو یعنی مناظرہ کے آخری دن بوقت اختتام جلسہ اپنے حریف مقابل مسٹر آتھم کے متعلق یہ پیشین گوئی بھرے جلسے میں باآواز بلند سنائی۔ "آج رات جو مجھ پر کھلا ہے وہ یہ ہے کہ جب ہم نے تضرع اور ابتہال سے جناب الٰہی میں دعا کی کہ تو اس امر میں فیصلہ کر اور ہم عاجز بندے ہیں۔ تیرے فیصلے کے سوا کچھ نہیں کر سکتے تو اس نے مجھے یہ نشان بشارت کے طور پر دیا ہے کہ اس بحث میں دونوں فریقوں میں سے جو فریق عمداً جھوٹ کو اختیار کر رہا ہے اور عاجز انسان کو خدا بنا رہا ہے وہ انہی دنوں مباحثہ کے لحاظ سے یعنی فی دن ایک مہینہ لے کر یعنی پندرہ ماہ تک ہاویہ میں گرایا جائے گا

Marfat.com

اور اس کو ذلت پہنچے گی بشرطیکہ حق کی طرف رجوع کرے۔ اور جو شخص سچ پر ہے اور سچے خدا کو مانتا ہے اس کی اس سے عزت ظاہر ہو گی۔ اور اس وقت جب پیشین گوئی ظہور میں آئے گی بعض اندھے سوجاکھے کئے جائیں گے اور بعض لنگڑے چلنے لگیں گے اور بعض بہرے سننے لگیں گے۔ میں حیران تھا کہ اس بحث میں کیوں مجھے آنے کا اتفاق پڑا۔ معمولی بحثیں تو اور لوگ بھی کرتے ہیں۔ اب یہ حقیقت کھلی کہ اس نشان کے لیے تھا۔ میں اس وقت اقرار کرتا ہوں کہ اگر یہ پیشین گوئی جھوٹی نکلی یعنی وہ فریق جو خدا تعالیٰ کے نزدیک جھوٹ پر ہے وہ پندرہ ماہ کے عرصہ میں آج کی تاریخ سے بسزائے موت ہاویہ میں نہ پڑے۔ تو میں ہر ایک سزا کے اٹھانے کے لیے تیار ہوں۔ مجھ کو ذلیل کیا جاوے۔ روسیاہ کیا جاوے۔ میرے گلے میں رسہ ڈال دیا جاوے۔ مجھ کو پھانسی دیا جاوے۔ ہر ایک بات کے لیے تیار ہوں۔ اور میں اللہ جل شانہ کی قسم کھا کر کہتا ہوں کہ وہ ضرور ایسا ہی کرے گا ضرور کرے گا۔ زمین آسمان ٹل جائیں پر اس کی باتیں نہ ٹلیں گی۔ (جنگ مقدس) خدا خدا کر کے سوا سال کی طویل مدت گزری اور لوگ یہ دیکھنے کے قابل ہو سکے کہ مرزا کی پیشین گوئی سچی نکلتی ہے یا جھوٹی۔ معلوم ہوا ہے کہ جس تاریخ کو پندرہ مہینے کی معیاد ختم ہونے والی تھی اس رات قادیاں میں کوئی مرزائی نہ سویا۔ مرزا اور مرزائی رات بھر سربسجود رہے کہ الٰہی! طلوع آفتاب سے پہلے آتھم کا کام تمام کر دے مگر خدائے غیور خانہ ساز مقدسین کی دعائیں قبول نہیں کرتا بلکہ انہیں عبرت روزگار بننے کے لیے ذلت در سوائی کی چادر اوڑھا دیتا ہے۔ سوا سال کی مقررہ معیاد گزر گئی مگر آتھم مذکور نہ مرا۔ اور پیشین گوئی جھوٹی ثابت ہوئی۔ مرزا کا بری طرح مذاق اڑایا گیا۔ اور مرزائیوں کی بڑی رسوائی ہوئی۔ تفصیل کے لیے کتاب "رئیس قادیاں" کا مطالعہ فرمائیے۔ جب یہ پیشین گوئی پوری نہ ہوئی تو مرزائی حلقوں میں اضطراب و خلفشار کی لہر دوڑ گئی۔ جو مرزائی بڑھ بڑھ کر باتیں بنایا کرتے تھے وہ شرم کے مارے منہ چھپاتے پھرتے تھے۔ سردار محمد علی مالیر کوٹلوی جسے مرزائی شاید اس بنا پر کہ آئندہ چل کر مرزا غلام احمد نے اپنی آٹھ نو سالہ بچی مبارکہ بیگم اس کے حبالہ ازدواج میں دے کر داماد بنایا تھا۔ نواب محمد علی خاں کہا کرتے ہیں سب سے زیادہ پریشان اور حواس باختہ دکھائی دیتا تھا۔ اس نے اس موقعہ پر اضطراب آفرین لیکن نہایت دلچسپ چٹھی مرزا غلام احمد کے نام لکھی۔ وہ کتاب "رئیس قادیاں" میں آپ کی نظر سے گذرے گی۔ مرزا نے اس چٹھی کے جواب میں سردار محمد علی کو جو خط لکھا اس میں مرقوم تھا۔ "آتھم کے زندہ رہنے کے بارے میں میرے دوستوں کے بہت خط آئے لیکن یہ پہلا خط ہے جو تذبذب اور تردد اور شک اور سوء ظن سے بھرا ہوا تھا۔ بعض لوگوں نے اس موقع پر نئے سرے سے بیعت کی ہے بہر حال آپ کا خط پڑھنے سے آپ کے ان الفاظ سے بہت ہی رنج ہوا جن کے استعمال کی ہرگز امید نہ تھی۔ (مکتوبات احمدیہ) آتھم کے مناظرہ کے بعد مرزا نے مولوی عبدالحق غزنوی سے امرتسر میں مباہلہ کیا۔ اس کی کیفیت اور انجام معلوم کرنا ہو تو کتاب

Marfat.com

"رئیس قادیاں" کی طرف رجوع فرمائیے۔ مولوی غلام دستگیر صاحب قصوری کے مناظرہ سے مرزا نے جو شاندار پسپائی اختیار کی اس کی کیفیت بھی آپ کو اسی کتاب میں ملے گی۔

پنڈت لیکھرام کا قتل

تقدس کے دکاندار اپنی پیشین گوئیوں میں قرائن حالیہ سے بہت کام لیتے ہیں۔ اگر قرینہ حسب توقع انجام پذیر ہوا تو اپنی صداقت کا ڈنکا بجانے لگتے ہیں اور اگر خلاف مدعا ظاہر ہوا تو تاویل کاریوں اور سخن سازیوں کا دروازہ تو ان کے لیے ہر وقت کھلا ہے۔ بیمہ کمپنیوں کے ایجنٹوں کو آپ دیکھتے ہوں گے کہ وہ زندگی کا بیمہ کرانے والے کا ڈاکٹری معائنہ کراتے ہیں اور اس کی جسمانی حالت اور عمر کا لحاظ کر کے تخمینہ سے کہہ دیتے ہیں کہ تم اتنی مدت کے اندر نہیں مرو گے۔ اور اگر مر جاؤ تو ہم اتنے ہزار روپیہ تمہارے ورثاء کی نذر کریں گے۔ پھر جتنی رقم اور مدت کا بیمہ ہوتا ہے اس سے اتنے سال تک کچھ معین رقم سالانہ یا ماہانہ وصول کرتے رہتے ہیں اس طرح بیمہ کمپنیاں قرائن داخلیہ و خارجیہ کا لحاظ کر کے عموماً کامیاب ہوتی ہیں اور کروڑوں روپیہ اسی ترکیب سے کماتی ہیں۔ مرزا بھی قرائن حالیہ کو دیکھ کر پیشین گوئیاں کر دیتا تھا۔ اگر وہ قرینہ صحیح اترتا تو اپنی عظمت و کبریائی کا نقارہ بجانے لگتا ورنہ تاویل کاری اور سخن سازی کا مرزائی میدان تو اتنا وسیع تھا کہ شاید عالم خیال کے جولانگاہ کو بھی اتنی وسعت نصیب نہ ہوگی۔ ان ایام میں برگشتہ بخت لیکھرام کے بہیمی جذبات کا یہ عالم تھا کہ وہ بر سر عام پاکوں کے سردار سیدنا احمد مختار ﷺ کی شان اقدس میں دریدہ دہنی کر رہا تھا اور کوئی مسلمان ایسا نہ تھا جو اس البیسانہ حرکت پر ریش نہ ہو۔ جس طرح 1927ء میں پنجاب کے ہر مسلمان کو یقین تھا کہ راجپال جلد یا بدیر ضرور قتل ہوگا۔ اسی طرح 1892ء کے اواخر اور 1893ء کے اوائل میں ہر شخص دیکھ رہا تھا کہ کسی نہ کسی باحمیت اور غیرت مند مومن کی چھری لیکھرام کو ضرور پیام ہلاکت سنائے گی۔ یہ حالت دیکھ کر مرزا غلام احمد نے 20 فروری 1893ء کو پیشین گوئی کر دی کہ لیکھرام آریہ چھ برس کے اندر اندر اپنی بدزبانیوں کی سزا میں یعنی ان بے ادبیوں کی سزا میں جو اس شخص نے رسول خدا ﷺ کے حق میں کی ہیں عذاب شدید میں مبتلا ہو جائے گا۔ (ضمیمہ کمالات) جب یہ پیشین گوئی شائع ہوئی تو لیکھرام نے کہا کہ یہ پیشین گوئی میرے قتل کرانے یا زہر دلانے کا منصوبہ ہے۔ اس کے بعد پنڈت نے مرزا غلام احمد کو لکھا کہ میں قتل وغیرہ کی گیدڑ بھبکیوں سے نہیں ڈرتا۔ اگر سچ مچ تمہارے اندر کوئی جوہر ہے تو اس قسم کا کوئی معجزہ دکھا کر مجھے قائل کرو مثلاً ایک ماہ تک اپنے الہامی خدا سے سنسکرت کی تعلیم حاصل کر کے لکچر اور وعظ کرنا سیکھو اور آریہ سماج کے مشہور پنڈتوں دیوندت اور شام کرشن کے ساتھ شاستراتھ کر کے فتح حاصل کرو یا اس قسم کا کوئی اور معجزہ دکھا دو۔ اگر کوئی معجزہ دکھا سکو تو میں مسلمان ہو جاؤں گا۔ ورنہ میں کسی

Marfat.com

حالت میں تمہاری چالوں میں نہیں آسکتا۔ اس کے جواب میں لیکھرام کو ایک سرخ چٹھی موصول ہوئی۔ جس میں لکھا تھا۔ "خدمت پیشوائے گمراہاں افتخار ہنوداں پنڈت لیکھرام مادام فی النار والسقر و غضب اللہ مثل کلب ناپاک بحدام اسلحہ شمار خواہند کشت۔ پس بہ نہایت مذلت ہنوداں شمارا بہ چہار چوب برداشتہ کہ اول درجہ علامت غضب الٰہی است در آتش دنیا خواہند سوخت۔ پنڈتا! شنیدہ باشد کہ شخصے شیر علی گورنر جنرل صاحب بہادر را بے جرم کشتہ بود۔ پس شما چہ منصب ولیاقت دارید کہ بشما آنچنان پے در پے نخواہند کشت (آریہ مسافر لاہور) الغرض مرزائی پیشین گوئی کے چار سال بعد یعنی 6 مارچ 1897ء کو پنڈت لیکھرام کسی مسلمان کے ہاتھ سے مارا گیا۔ مرزا نے لیکھرام کے قتل کی مدت بڑی لمبی چوڑی رکھی تھی۔ اور قتل ہوتے ہوتے بھی اس نے چار سال لگا دیئے لیکن دھرم پال کی ہلاکت کے متعلق بیسیوں مسلمانوں نے مدت قلیل کی پیشین گوئیاں کر رکھی تھیں جو حرف بحرف پوری ہوئیں۔ مرزائی لوگ قتل لیکھرام کی مرزائی پیشین گوئی پر بہت اترایا کرتے ہیں۔ مگر ظاہر ہے کہ اس پیشین گوئی میں کوئی جدت نہیں تھی۔ قرائن عالیہ کو دیکھ کر تو زید عمرو بکر ہر شخص پیشین گوئی کر سکتا ہے اس سے قطع نظر آریوں نے بوثوق اعلان کیا تھا کہ مرزا غلام احمد ہی نے پنڈت لیکھرام کو قتل کرایا ہے اور وہ بھی اس کی جان کے لاگو ہو گئے۔ چنانچہ وہ برملا کہتے تھے کہ ہم مرزا سے اس کا انتقام لیں گے۔ اخبار آفتاب ہند کے ایک نامہ نگار نے لکھا مرزا قادیانی خبردار۔ مرزا قادیانی بھی امروز فردا کا مہمان ہے۔ بکرے کی ماں کب تک خیر منا سکتی ہے۔ جب اس قسم کے مضامین کی بنا پر مرزا کو اپنی جان کا خطرہ ہوا تو اس نے حکومت پنجاب کے نے ایک درخواست بھیج کر اس سے حفاظت جان کی درخواست کی۔ (دیکھو تبلیغ رسالت یعنی مجموعہ اشتہارات مرزا غلام احمد جلد 3' صفحہ 64) پنڈت لیکھرام کے واقعہ قتل اور نتائج مابعد کی نہایت دلچسپ تفصیلات کے لیے کتاب "رئیس قادیاں" کی طرف رجوع کیجئے۔

حضرت پیر مہر علی شاہ کو دعوت مبارزت

مرزائیت کی تردید میں آج تک جو ہزاروں لاکھوں کتابیں لکھی گئیں ان میں شاید سب سے پہلی کتاب "شمس الہدایہ" تھی جو حضرت پیر مہر علی شاہ صاحب گولڑوی نے جو علم حدیث میں مولانا احمد علی صاحب محدث سہارنپوری مرحوم کے شاگرد ہیں۔ آج سے قریباً چالیس سال پہلے زیب رقم فرمائی۔ اس کتاب میں مسئلہ حیات مسیح علیہ السلام کو اس طرح منقح کیا گیا ہے کہ اس کے بعد کسی دلیل کی حاجت نہیں رہتی۔ جب یہ کتاب شائع ہوئی تو مرزائی حلقوں میں کہرام مچ گیا۔ کچھ عرصہ کے بعد مرزا نے اپنے حواری خاص مولوی محمد احسن امروہی سے اس کا جواب بنام "شمس بازغہ" لکھوا کر شائع کیا۔ حضرت پیر صاحب نے "شمس بازغہ" کی تردید میں کتاب "سیف چشتیائی"

لکھی۔ یہ کتاب آج تک کئی مرتبہ چھپ کر شائع ہو چکی ہے۔ لیکن گذشتہ 38 سال کی طویل مدت میں امت مرزائیہ کو اس کا جواب لکھنے کا حوصلہ نہیں ہوا جب کتاب "سیف چشتیائی" نے مرزائیت کے سارے تنے ادھیڑ دیئے اور مرزائیت کا جنازہ ذلت و رسوائی کے بحر ظلمات میں ڈوبتا نظر آیا تو مرزا غلام احمد نے اس تن مردہ میں از سر نو زندگی کی روح پھونکنی چاہی چنانچہ اس کوشش میں 20 جولائی 1900ء کو ایک مطبوعہ اعلان میں حضرت پیر مہر علی شاہ صاحب اور ہندوستان بھر کے دوسرے چھپاسی علمائے کرام و صوفیائے عظام کو لاہور آکر مناظرہ کرنے کی دعوت دی۔ اور لکھا کہ "مہر علی شاہ صاحب اپنے رسمی مشیخت کے غرور سے اس خیال میں لگے ہوئے ہیں کہ کسی طرح اس سلسلہ آسمانی کو منا دیں۔ اس غرض سے انہوں نے دو کتابیں بھی لکھی ہیں جو اس بات پر کافی دلیل ہیں کہ وہ علم قرآن اور حدیث سے کیسے بے بہرہ اور بے نصیب ہیں۔ وہ اپنی کتاب کے ذخیرہ لغویات میں ایک بھی ایسی بات پیش نہیں کر سکتے جس کے اندر کچھ روشنی ہو۔ معلوم ہوتا ہے کہ یہ لوگ صرف اس دھوکا میں پڑے ہوئے ہیں کہ بعض حدیثوں میں لکھا ہے کہ مسیح موعود آسمان سے نازل ہوگا حالانکہ کسی حدیث سے یہ ثابت نہیں ہوتا کہ کبھی اور کسی زمانہ میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام جسم عنصری کے ساتھ آسمان پر چڑھ گئے تھے اور ناحق نزول کے لفظ کے الٹے معنے کرتے ہیں۔ اگر مہر علی شاہ صاحب اپنی ضد سے باز نہیں آتے تو میں فیصلہ کے لیے ایک سہل طریق پیش کرتا ہوں اور وہ یہ ہے کہ پیر صاحب میرے مقابل سات گھنٹہ تک زانو بہ زانو بیٹھ کر چالیس آیات قرآنی کی عربی میں تفسیر لکھیں جو تقطیع کاں کے بیس ورق سے کم نہ ہو۔ پھر دونوں تفسیریں تین عالموں کو جن کا اہتمام حاضری و انتخاب پیر مہر علی شاہ صاحب کے ذمہ ہوگا سنائی جائیں۔ جس کی تفسیر کو وہ حافظا پسند کریں وہ موید من اللہ سمجھا جائے۔ مجھے منظور ہے کہ پیر مہر علی شاہ صاحب اس شہادت کے لیے مولوی محمد حسین بٹالوی اور مولوی عبدالجبار غزنوی امرتسری اور مولوی عبداللہ پروفیسر لاہوری کو یا تین اور مولوی منتخب کر لیں جو ان کے مرید اور پیرو نہ ہوں۔ اگر پیر صاحب کی تفسیر بہتر ثابت ہوئی تو میں اقرار کرتا ہوں کہ اپنی تمام کتابیں جو اپنے دعووں کے متعلق ہیں جلادوں گا اور اپنے تئیں مخذول اور مردود سمجھ لوں گا اور اگر وہ مقابلہ میں مغلوب ہو گئے یا انہوں نے مباحثہ سے انکار کر دیا تو ان پر واجب ہوگا کہ وہ توبہ کر کے مجھ سے بیعت کریں۔ میں مکرر لکھتا ہوں کہ پیر صاحب مباحثہ میں بالکل ناکام رہیں گے بلکہ مباحثہ کے لیے لاہور ہی نہیں آئیں گے اور میرا غالب رہنا اسی صورت میں متصور ہوگا جبکہ پیر مہر علی شاہ صاحب بجز ایک ذلیل اور قابل شرم اور رکیک عبارت اور لغو تحریر کے کچھ بھی نہ لکھ سکیں اور ایسی تحریر کریں جس پر اہل علم تھوکیں اور نفرت کریں کیونکہ میں نے خدا سے یہی دعا کی ہے کہ وہ ایسا ہی کرے۔ اور میں جانتا ہوں کہ وہ ایسا ہی کرے گا۔ اور اگر پیر مہر علی شاہ صاحب اپنے تئیں مومن مستجاب الدعوات جانتے ہیں تو وہ بھی ایسی ہی دعا کریں اور

Marfat.com

یاد رہے کہ خدا تعالیٰ ان کی دعا ہر گز قبول نہیں کرے گا کیونکہ وہ خدا تعالیٰ کے مامور مرسل کے دشمن ہیں۔ اس لیے آسمان پر ان کی عزت نہیں۔ یاد رہے کہ مقام بحث بجز لاہور کے جو مرکز پنجاب ہے اور کوئی نہ ہوگا۔ اگر میں حاضر نہ ہوا تو اس صورت میں بھی میں کاذب سمجھا جاؤں گا۔ انتظام مکان جلسہ پیر صاحب کے اختیار میں ہوگا۔ اگر ضرورت ہوگی تو بعض پولیس کے افسر بلا لیے جائیں گے اور لعنت ہو اس پر جو تخلف یا انکار کرے۔ مرزا کو پورا اطمینان تھا کہ پیر صاحب جو نہایت معمور الاوقات اور عزلت گزیں بزرگ ہیں اور ذکر الٰہی ان کا دن رات کا مشغلہ ہے۔ مناظرہ کے لیے ہر گز نہیں آئیں گے اور مریدوں کے سامنے یہ شیخی بگھارنے کا موقع مل جائے گا کہ پیر صاحب کو لڑوی جیسا فاضل اجل جس کے لاکھوں مرید ہیں میرے مقابلہ کی جرات نہیں کر سکتا۔ لیکن یہ دیکھ کر مرزا کی حیرت کی کوئی انتہا نہ رہی کہ پیر صاحب نے بچ مچ اس چیلنج کو منظور کر لیا اور 25 جولائی 1900ء کو لکھ بھیجا کہ "مرزا غلام احمد صاحب قادیانی کا اشتہار آج 20 جولائی 1900ء کو نیاز مند کی نظر سے گذرا۔ خاکسار کو دعوت حاضری جلسہ لاہور مع شرائط مجوزہ مرزا صاحب منظور ہے لیکن درخواست یہ ہے کہ میری بھی ایک گذارش کو شرائط مجوزہ کے سلک میں منسلک فرمالیا جائے اور وہ یہ ہے کہ مرزا صاحب اجلاس میں پہلے اپنی مسیحیت و مہدویت کے دلائل پیش کریں اور میں مرزا صاحب کے دلائل کا جواب دوں۔ اگر مرزا صاحب کے تجویز کردہ تینوں حکم اس بات کو تسلیم کر لیں کہ مرزا صاحب اپنے دعویٰ کو پایہ ثبوت تک نہیں پہنچا سکے تو وہ میرے ہاتھ پر توبہ کریں۔ میں اپنی طرف سے تاریخ مناظرہ 25 اگست 1900ء بمقام لاہور مقرر کرتا ہوں۔ ازراہ کرم آپ تاریخ مقررہ پر لاہور پہنچ جائیے۔ لاہور امرتسر اور بعض دوسرے مقامات کے علماء کو ہم خود جمع کر لیں گے۔ دوسرے علماء کے جمع کرنے کا ہم ذمہ نہیں لے سکتے۔ الغرض جب تمام مراحل طے ہو گئے تو حضرت پیر صاحب بروز جمعہ 24 اگست 1900ء کو علماء کی ایک جماعت کے ساتھ جن میں سے اکثر کے نام مرزا کی فہرست میں درج تھے لاہور تشریف لے آئے۔ مناظرہ لاہور کی شاہی مسجد میں قرار پایا۔ ہر شخص کو یقین تھا کہ قادیانی بھی وقت معہودہ پر پہنچ جائے گا مگر اسے حق کے رعب نے مقابلہ پر آنے کی اجازت نہ دی البتہ اس کی جگہ ایک مطبوعہ اشتہار لاہور میں تقسیم کرا دیا کہ پیر صاحب مقابلہ سے بھاگ گئے۔ واقعی یہ بھی مسیح قادیاں کا ایک معجزہ تھا کہ قادیاں سے قدم باہر رکھنے کی تو خود جرات نہ ہوئی اور مقابلہ سے راہ فرار پیر صاحب نے اختیار کی اور صرف یہی نہیں کہ پیر صاحب کی ہزیمت و فرار کے اشتہار ان کی مراجعت کے بعد شائع کئے گئے ہوں بلکہ مولوی ثناء اللہ صاحب امرتسری لکھتے ہیں کہ جب یوم مباحثہ کی صبح کو پیر صاحب اور دوسرے لوگ شاہی مسجد کی طرف جا رہے تھے تو راستہ میں ہر جگہ نہایت چوب قلم اشتہارات لاہور کی دیواروں پر چسپاں پائے گئے۔ جن کا یہ عنوان تھا۔ "پیر مہر علی کا فرار" جو لوگ پیر صاحب کو بچشم خود لاہور میں دیکھ رہے تھے وہ بزبان

Marfat.com

حال کہہ رہے تھے۔

این چہ می بینم بہ بیداری ست یارب یا بخواب ؟

آخر جب پیر صاحب 29 اگست کے روز بعد انتظار بسیار لاہور سے مراجعت ہوئے تو مرزا کا ایک زرد رنگہ اشتہار جو بزبان حال مرزائی ہزیمت اور زرد روئی کی شہادت دے رہا تھا بلا تاریخ نکلا جس میں لکھا تھا کہ پیر صاحب نے ہمارا طریق فیصلہ کو قبول نہ کیا اور چال بازی کی اس کے بعد ایک اور اعلان بھی شائع کیا جس کا عنوان ''آخری حیلہ'' تھا۔ گو اس اشتہار پر تاریخ طبع درج تھی لیکن یہ لاہور میں پیر صاحب کی مراجعت کے کئی دن بعد تقسیم ہوا۔ اس میں لکھا تھا۔ ''اب مجھے معلوم ہوا ہے کہ لاہور کے گلی کوچوں میں پیر صاحب کے مرید اور ہم مشرب شہرت دے رہے ہیں کہ پیر صاحب تو بالمقابل تفسیر لکھنے کے لیے لاہور میں پہنچ گئے تھے مگر مرزا بھاگ گیا حالانکہ یہ تمام باتیں خلاف واقعہ ہیں بلکہ خود پیر صاحب بھاگ گئے ہیں۔ میں بہر حال لاہور پہنچ جاتا مگر میں نے سنا ہے کہ اکثر پشاور کے جاہل سرحدی پٹھان پیر صاحب کے ساتھ ہیں اور ایسا ہی لاہور کے اکثر سفلہ اور کمینہ طبع لوگ گلی کوچوں میں مستوں کی طرح گالیاں دیتے پھرتے ہیں اور نیز مخالف مولوی بڑے جوشوں سے وعظ کر رہے ہیں کہ یہ شخص واجب القتل ہے تو اس صورت میں لاہور جانا بغیر کسی احسن انتظام کے کس طرح مناسب ہے۔ اس فتنہ اور اشتعال کے وقت میں بجز شہر کی وئیسونکی پوری طرح کی ذمہ داری کے لاہور میں قدم رکھنا گویا آگ میں قدم رکھنا ہے۔ (تبلیغ رسالت جلد 10' ص 139-142) اس اعلان کے متعلق منشی الٰہی بخش صاحب اکاؤنٹنٹ لاہور نے جو سالہا سال تک مرزائی رہنے کے بعد مرزائیت سے تائب ہوئے تھے کتاب ''عصائے موسیٰ'' میں لکھا۔ جب مرزا صاحب لاہور آنے سے ایسے ہراساں و ترساں تھے تو اول خود ہی اشتہار دے کر اپنی جان کو خطرے میں کیوں ڈالا ؟ مرزا صاحب نے خود ہی تو تمام دنیا کو مقابلہ کے لیے بلایا اور اشتہار پر اشتہار شائع کیے اور جب آپ کے حکم کی تعمیل میں حضرت پیر صاحب اور دوسرے حضرات جمع ہوئے تو فرمانے لگے کہ ایسے مجمع میں جانا تو گویا آگ میں کود پڑنا ہے۔ ذرا غور کرو کہ اللہ کے مرسل تو سچ مچ دہکتی ہوئی آگ میں ڈال دیئے گئے لیکن حافظ حقیقی نے انہیں ہر طرح سے محفوظ رکھا لیکن آپ محض خیالی اور مجازی آگ میں قدم رکھنے سے بھی ڈر گئے جو خود بدولت ہی کی سلگائی ہوئی تھی۔ سچا مومن تو خیر الحافظین کے حفظ و امن اور اس کی نصرت بخشیوں کا بھروسہ کر کے ہر خطرے کا مقابلہ کرتا ہے۔ لیکن منافق لوگ اس طرف قدم رکھتے ہوئے ڈرتے ہیں۔

بے خطر کود پڑا آتش نمرود میں عشق
کفر ہے محو تماشائے لب بام ابھی

گو مرزا صاحب کو لاہور آنے کی جرات نہ ہوئی لیکن ہر کس و ناکس کو مرزا صاحب کے

Marfat.com

اس قول کی تصدیق ہو گئی کہ اگر میں حاضر نہ ہوا تب بھی کاذب سمجھا جاؤں گا۔ (عصائے موسیٰ صفحہ 421) کے نمبر 4 میں شکوہ کیا کہ پیر صاحب نے اپنے جوابی اشتہار میں تحریری مقابلہ سے پہلے نصوص قرآن وحدیث کے رو سے مباحثہ کئے جانے کی کیوں خواہش کی؟ افسوس مرزا نے یہ شکایت کرتے وقت اتنا انصاف نہ کیا کہ انہوں نے خود ہی تو پیر صاحب کو علم قرآن وحدیث سے بے بہرہ بتایا تھا اور ان کی کتاب "شمس الہدایہ" کو جو مرزائیت شکنی میں بہترین کتاب ہے۔ ذخیرۂ لغویات قرار دیتے ہوئے ان سے رفع ونزول مسیح علیہ السلام کے دلائل پیش کرنے کا مطالبہ کیا تھا حالانکہ پیر صاحب شمس الہدایہ میں اس کے بیسیوں دلائل پیش کر چکے تھے۔ پس اگر پیر صاحب نے تفسیر نویسی کے مقابلہ سے پہلے مرزائی کجروی اور رفع ونزول مسیح علیہ السلام کو قرآن وحدیث سے ثابت کرنے کے لیے تھوڑے سے زبانی مناظرہ کی بھی خواہش کی تو کیا بے جا کیا؟ اور پھر کہ جب مرزا جی نے حضرت پیر صاحب کے مطالبہ کو شرف قبول نہ بخشا تو پیر صاحب نے بھی اس پر کچھ اصرار نہ فرمایا تھا بلکہ مرزا کی دس شرطوں کو ہی قبول فرما کر مقابلہ تفسیر نویسی کے لیے لاہور تشریف لے آئے تھے اور پیر صاحب کے اشتہار مورخہ 21 اگست 1900ء میں مرزا کے تمام شرائط منظور ہو کر 25 اگست 1900ء کو جانبین کا لاہور پہنچ جانا قرار پا چکا تھا جس کے لیے مرزا کے پاس بشرط انصاف و دیانت کسی عذر خواہی اور حیلہ گری کی گنجائش نہ تھی۔ (عصائے موسیٰ) بہر حال مرزا کی اس شاندار پسپائی نے قادیاں کے خلاف شکنجہ ملامت کے بہت سے پیچ کس دیئے اور مرزائیوں کے لیے گھروں سے باہر نکلنا مشکل ہو گیا۔ 28 اگست کے اشتہار میں تو مرزا نے لکھا تھا کہ میں نے سرحدی پٹھانوں کے خوف سے لاہور کا رخ نہیں کیا لیکن کچھ دنوں کے بعد رسالہ اربعین میں یہ لکھ مارا کہ اگر پیر مہر علی شاہ صاحب منقولی مناظرہ اور اپنی بیعت کی شرط پیش نہ کرتے تو اگر لاہور اور قادیاں میں برف کے پہاڑ بھی ہوتے اور جاڑے کے دن ہوتے تو میں تب بھی لاہور پہنچتا اور ان کو دکھلاتا کہ میں آسمانی نشان اس کو کہتے ہیں۔ (اربعین نمبر 4، صفحہ 21) اس کے بعد 15 دسمبر 1900ء کو مرزا یوں شکوہ سنج ہوا کہ باوصف اس کے کہ اس معاملہ کو دو مہینے سے زیادہ عرصہ گزر گیا مگر اب تک پیر مہر علی شاہ کے متعلقین سب وشتم سے باز نہیں آتے اور ہر ہفتہ میں کوئی نہ کوئی ایسا اشتہار پہنچ جاتا ہے جس میں پیر مہر علی شاہ کو آسمان پر چڑھایا ہوتا ہے اور مجھے گالیاں دی ہوتی ہیں۔ اور میری نسبت کہتے ہیں کہ دیکھو اس شخص نے کس قدر ظلم کیا کہ پیر مہر علی شاہ صاحب جیسے مقدس انسان بالمقابل تفسیر لکھنے کے لیے صعوبت سفر اٹھا کر لاہور میں پہنچے مگر یہ شخص اس بات پر اطلاع پا کر کہ در حقیقت وہ بزرگ نابغہ زمان اور سحبان دوران اور علم معارف قرآن میں لاثانی روزگار ہیں۔ اپنے گھر کی کسی کوٹھری میں چھپ گیا ورنہ حضرت پیر صاحب کی طرف سے معارف قرآنی کے بیان کرنے اور زبان عربی کی بلاغت دکھلانے میں بڑا نشان ظاہر ہوتا۔ (ضمیمہ اربعین نمبر 3، 4 ص 14، 15) بہر حال مرزا نے مقابلہ

Marfat.com

سے فرار کرنے کے متعلق اپنی طرف سے دو گونہ صفائیاں پیش کیں جو اوپر درج کی گئی ہیں لیکن عجب نہیں کہ اس کی ایک تیسری وجہ بھی ہو۔ اور شاید وہی حقیقی وجہ ہو جو خود تقدس مآب مرزا غلام احمد نے "ضمیمہ تحفہ گولڑویہ" (طبع سوم کے صفحہ 13) میں لکھی ہے کہ "میدان میں نکلنا کسی مخنث کا کام نہیں۔" مگر یاد رہے کہ میں مرزا کو خدانخواستہ مخنث بر شغال نہیں کہتا۔ بلکہ "شیر" سمجھتا ہوں جو اپنے "شکار" پیر صاحب پر حملہ کرنے کے لیے ڈکارتا ہوا قادیان سے لاہور آ پہنچا تھا۔ چنانچہ خود "قادیاں" لکھتا ہے۔ "اس وقت مہر علی شاہ کہاں ہے جس نے گولڑہ کو بدنام کیا؟ کیا وہ مردہ ہے جو باہر نہیں نکلے گا؟ اور شیر تو ضرور نعرہ مارتا ہے۔" (اعجاز احمدی مؤلفہ مرزا غلام احمد صفحہ 49) بعض لوگ تقدس مآب مرزا غلام احمد کے شیر ہونے سے انکار کرتے ہوئے اسے شیر قالین قرار دیں گے لیکن میں ایسے لوگوں سے متفق نہیں ہوں۔ اگر وہ حقیقی شیر غراں نہی تھا تو کم از کم چیلنج دینے کا تو شیر تھا۔ اس لیے وہ شیر کا شیر رہا۔ شیر قالین نہ ہوا۔ اصل یہ ہے کہ مرزا غلام احمد ذرہ بے قدر اور مور بے مایہ ہونے کے باوجود پہاڑ سے ٹکرانے لگتا تھا اور جب لہولہان اور بد حال ہو کر گر پڑتا تو دل میں عہد کرتا کہ اب کسی بڑے پہلوان سے مبارزت خواہ نہ ہوں گا۔ لیکن جب اپنا وحی رساں "ٹیچی ٹیچی" آکر ایک معبود نما جلوہ دکھاتا تو مقابلہ کی از سر نو تحریک ہوتی اور خم ٹھونک کر دوبارہ آموجود ہوتا۔

شب زے توبہ کنم از بیم ناز شاہداں
باز اواں روئے ساقی باز در کار آورد

حضرت پیر صاحب کے مقابلہ میں مرزا کو جو زخم آئے ان کو دو مہینہ تک سینکتا رہا۔ آخر جب زخم اچھے ہو گئے تو پیر صاحب سے از سر نو مقابلہ کی خواہش کا اظہار کرنے لگا اور لکھا کہ اگر کشتی دو پہلوانوں کی مشتبہ ہو جائے تو دوسری مرتبہ کرائی جاتی ہے۔ پھر کیا وجہ ہے کہ ایک فریق تو دوبارہ کشتی کے لیے (قادیاں کے کونے میں دبکا) کھڑا ہے اور دوسرا جو جیتا ہے وہ مقابلہ پر نہیں آتا (ضمیمہ اربعین نمبر 3'4' ص 14) لیکن اگر وہ بیچارہ کسی حقیقی پہلوان ہی سے پوچھ لیتا تو اسے معلوم ہو جاتا کہ غالب اپنے مغلوب پہلوان سے دوبارہ کشتی نہیں لڑا کرتا۔ اور مغلوب بھی وہ جس کا چیلنج محض نمائشی ہو۔ اگر کبھی کوئی سچ مچ سامنے آموجود ہو تو گھر کے دروازے بند کر کے کسی کونے میں جا چھپے۔

افسوس کہ میں قلت گنجائش کی وجہ سے بیسیوں اہم واقعات قلم انداز کرنے پر مجبور ہوں جو صاحب مسیح قادیاں کی انجوبہ روزگار شخصیت کو اس کے اصلی رنگ میں دیکھنا چاہیں وہ خاکسار راقم الحروف کی کتاب "رئیس قادیاں" کی طرف رجوع فرمائیں۔

مسیح قادیاں کی عربی دانی

مرزا غلام احمد کو عربی ادب و شعر گوئی کا پر نوچنے میں بڑا کمال تھا۔ بلکہ یہ کمال اعجازی

Marfat.com

درجہ تک پہنچا ہوا تھا۔ مرزا کی عربی زبان اس قدر لچر ہے کہ اس کے پڑھنے سے کلیجہ منہ کو آتا ہے۔ علماء اس کی عربی تحریروں میں ہمیشہ غلطیاں نکالتے رہے مگر نصف صدی کا طویل زمانہ گذر جانے کے باوجود یہ سلسلہ ہنوز منقطع نہیں ہوا اور اس پر طرہ یہ کہ مرزائیوں نے اپنے مسیح کو الغا" سلطان القلم" کا لقب دے کر علم وادب کا منہ چڑایا ہے۔ مولوی محمد حسین بٹالوی شاید سب سے پہلے شخص تھے جنہوں نے مرزا کی عربی تحریروں پر تنقیدی نگاہ ڈالی۔ انہوں نے سب سے پہلے مرزا کی کتاب "دافع وساوس" کا مطالعہ کیا اور اس میں چھیاسٹھ غلطیاں نکال کر شائع کیں۔ مرزا نے ان اغلاط کو صحیح ثابت کرنے کے بجائے حسب عادت گالیاں دے کر کلیجہ ٹھنڈا کر لیا۔ جو صاحب اس فہرست اغلاط کے دیکھنے کے شائق ہوں وہ رسالہ اشاعۃ السنہ (جلد 15' ص 316-328) کا مطالعہ فرمائیں۔ مولوی محمد حسین تو ایک بڑے فاضل تھے وہ اس کی عربی تحریروں میں سینکڑوں ہزاروں غلطیاں نکال سکتے تھے مگر بعض غیر علماء بھی اس فرض کی انجام دہی سے قاصر نہ تھے چنانچہ رسالہ "کرامات الصادقین" کے متعلق مرزا نے اعلان کیا کہ جو شخص اس میں سے کوئی غلطی نکالے گا اسے فی غلطی پانچ روپیہ انعام دیا جائے گا۔ بابو احمد الدین کلرک محکمہ انکم ٹیکس سیالکوٹ جنہوں نے محض ایف اے یا بی اے کا اس کی عربی تعلیم حاصل کی تھی اس خدمت پر کمربستہ ہوئے اور رسالہ کے چند ابتدائی صفحات کو سرسری نظر سے دیکھ کر جھٹ گیارہ غلطیاں نکالیں اور بذریعہ چٹھی بھیج کر پچپن روپے انعام کا مطالبہ کیا لیکن مرزا نے نہ صرف وعدۂ انعام کو ایفاء نہ کیا بلکہ ایسی چپ سادھی کہ گویا اس قسم کا کوئی اعلان ہی نہیں کیا تھا۔ (اہل حدیث امرتسر 25 اگست 1916ء) بابو احمد الدین نے وہ غلطیاں اخبار "وزیر ہند" سیالکوٹ مورخہ 8 اگست 1894ء میں چھپوا دیں۔ اس پر مرزا غلام احمد اور اس کے پیروؤں کو بہت خفت اٹھانی پڑی۔ (اشاعۃ السنہ جلد 16' ص 53) اسی طرح مولوی عبدالعزیز صاحب پروفیسر مشن کالج پشاور نے بڑے طمطراق سے رسالہ "کرامات الصادقین" کی غلطیاں نکالیں مگر مرزا نے ان کو بھی کچھ انعام نہ دیا۔ جو حضرات ان اغلاط کے دیکھنے کے خواہشمند ہوں وہ جریدہ "اہل حدیث" کی 21 جولائی 1916ء اور 28 جولائی 1916ء کی اشاعتوں کا مطالعہ فرمائیں۔ مرزا نے 22 فروری 1901ء کو رسالہ "اعجاز المسیح" جس میں سخت ملحدانہ انداز میں سورۂ فاتحہ کی تفسیر لکھی تھی شائع کیا اور اسے قرآن پاک کی طرح معجزہ کی حیثیت سے پیش کیا۔ مرزائیوں نے اس کی اشاعت پر بڑا اودھم مچایا اور کہا کہ قرآن کے بعد اس کی کوئی نظیر پیش نہیں کی جا سکتی۔" علمائے امت نے فرمایا کہ "دعویٰ اعجاز تو چھوٹا منہ بڑی بات ہے اس کی عبارت تک درست نہیں۔" حضرت پیر مہر علی شاہ گولڑوی نے کتاب "سیف چشتیائی" میں نہ صرف "اعجاز المسیح" کی غلطیوں کے انبار لگا کر مرزائیوں کی حماقت ظاہر کی بلکہ یہ بھی دکھا دیا کہ "سلطان القلم" صاحب نے کس کس کتاب سے کیا کیا عبارتیں چرائی ہیں؟ جو صاحب ان اغلاط و مسروقات کو دیکھنا چاہیں وہ

کتاب "سیف چشتیائی" (صفحات 70-80) کی طرف رجوع فرمائیں۔ حضرت پیر صاحب کو اس تنقید کے "انعام" میں بارگاہ قادیاں سے یہ "اعزاز" بخشے گئے۔ "نادان' چور' کذاب' نجاست خور وغیرہ۔" (نزول المسیح مئولفہ مرزا غلام احمد ص 70) جاہل' بے حیا' سرقہ کا الزام دینا تو گوہ کھانا ہے۔ (نزول المسیح ص 63) اے جاہل' بے حیا! اول عربی بلیغ فصیح میں کسی سورہ کی تفسیر شائع کر پھر حق حاصل ہو گا کہ میری کتاب کی غلطیاں نکالے یا مسروقہ قرار دے۔ (نزول المسیح ص 63) غرض مرزا نے "نزول المسیح" کے بیس صفحے (62-81) صرف حضرت پیر صاحب کے خلاف دریدہ دہنی کرنے کے لیے وقف کر دیئے ہیں۔ یاد رہے کہ مولوی محمد حسین صاحب فیضی نے جو موضع بھین ضلع جہلم کے رہنے والے تھے رسالہ "اعجاز المسیح" کے مقابلہ میں اس سے ہزار درجہ بہتر اور فصیح و بلیغ کتاب تصنیف فرمائی تھی۔ مرزائیت کی پامالی میں جو شاندار کارنامے فیضی صاحب سے عرصہ ظہور میں آئے انہیں "رئیس قادیاں" میں ملاحظہ فرمایئے 3029 توبر 1902 ء کو موضع سد ضلع امرتسر میں مرزائیوں سے اہل حق کا ایک مناظرہ ہوا جس میں مولوی ثناء اللہ صاحب امرتسری نے مرزائیت کو ایسی بری طرح پامال کیا کہ مرزائی لوگ اس کی تلخی آج تک محسوس کر رہے ہیں۔ مرزائی مناظرے نے جس کا نام سرور شاہ تھا کتاب "اعجاز المسیح" کو مرزائی معجزہ کی حیثیت سے پیش کیا لیکن مولوی ثناء اللہ نے یہ کر کے اس کا ناطقہ بند کر دیا کہ اس میں بے شمار اغلاط و مسروقات ہیں تا بہ اعجاز چہ رسد۔ جب شکست خوردہ مرزائی مناظر نے قادیاں پہنچ کر اپنی دردناک داستان ہزیمت مرزا کو سنائی تو وہ آپے سے باہر ہو گیا اور بزعم خود مولوی کے دانت کھٹے کرنے کے لیے ایک رسالہ بنام "اعجاز احمدی" جس میں کچھ اردو نثر اور کچھ عربی نظم تھی لکھا اور مولوی ثناء اللہ کو چیلنج دیا کہ اگر اسی ضخامت کا ایک رسالہ پانچ دن میں لکھ دکھاؤ تو تم کو دس ہزار روپیہ انعام دیا جائے گا۔ اس رسالہ سے یہ ظاہر کرنا مقصود تھا کہ جس طرح پیغمبر خدا ﷺ کو قرآن کا معجزہ دیا گیا تھا اسی طرح رسالہ "اعجاز احمدی" میرا معجزہ ہے حالانکہ اگر اس میں کوئی اعجازی شان پائی جاتی تو کوئی وجہ نہ تھی کہ جواب کے لیے وقت کی تحدید کی جاتی اور قرآن کی طرح رسالے عام نہ دیا جاتا کہ قیامت تک جو شخص بھی چاہے اس کی مثل پیش کرے۔ اس چیلنج کے جواب میں مولوی ثناء اللہ نے 21 نومبر 1902ء کو ایک اشتہار میں مرزا سے مطالبہ کیا کہ پہلے تم ایک مجلس منعقد کرو جس میں میں اس قصیدے کی صرفی نحوی عروضی ادبی غلطیاں پیش کروں گا اگر تم ان غلطیوں کا جواب دے سکے تو پھر میں زانو بہ زانو بیٹھ کر تم سے عربی نگاری کا مقابلہ کروں گا۔ یہ کیا مضحکہ خیز حرکت ہے خود تو کسی بڑی مدت میں کوئی مضمون لکھو اور اپنے مخاطب کو کسی محدود وقت کا پابند بناؤ۔ اگر تم مئوید من اللہ ہو تو کوئی وجہ نہیں کہ میرے مقابلہ میں برسر میدان طبع آزمائی نہ کرو۔" مگر مرزا نے اس مطالبہ کا کچھ جواب نہ دیا۔ اور ایسی چپ سادھی کہ گویا سانپ سونگھ گیا۔ بہر حال یہ رسالہ بھی رسالہ "اعجاز المسیح" کی طرح اغلاط سے مملو

Marfat.com

ہے ہاں اگر اس کو اس لحاظ سے معجزہ بے مثل کہیں کہ مہمل نگاری میں دنیا کے اندر اس کی کوئی مثل نہیں تو اس کے اعجاز سے کسی کو انکار نہ ہوگا۔ جو حضرات "اعجاز احمدی" کے اغلاط دیکھنا چاہیں وہ کتاب "الہامات مرزا" (صفحات 98-102) کا مطالعہ فرمائیں۔ باوجودیکہ وہ قرۃ العین بھی مرزا کی طرح باطل کی پیرو تھی مگر جہاں مرزا کا "قصیدہ اعجازیہ" پڑھنے سے دل میں سخت تکدر اور انقباض پیدا ہوتا ہے وہاں قرۃ العین کا قصیدہ پڑھتے وقت ایک روحی لذت محسوس ہوتی ہے۔ "قصیدہ اعجازیہ" میں بھی دوسری مرزائی تالیفات کی طرح گالیوں کی بھرمار ہے۔ مولوی ثناء اللہ صاحب کو بھیڑیا' کتا' کمینہ' جھوٹا' کژدم وغیرہ القاب سے یاد کیا ہے اس نام نہاد قصیدہ کے مقابلہ میں قاضی ظفر الدین صاحب مرحوم سابق پروفیسر اورینٹل کالج لاہور جو ہمارے ضلع گوجرانوالہ کے رہنے والے تھے ایک قصیدہ بنام "قصیدہ رائیہ" شائع کیا جس کے 62' اشعار نمونتہ "کتاب الہامات مرزا" (ص 103-105) میں نقل کئے گئے ہیں۔ "اعجاز احمدی" کے جواب میں مولانا غنیمت حسین صاحب مونگیری نے بھی ایک کتاب "ابطال اعجاز مرزا" دو حصوں میں لکھی۔ پہلے حصہ میں مرزائی نظم کے اغلاط ظاہر کئے اور دوسرے حصہ میں سو اچھے سو اشعار کا نہایت فصیح وبلیغ عربی قصیدہ لکھا۔ یہ رسالہ چھپ چکا ہے اور پنجاب میں بعض حضرات کے پاس موجود ہے۔ مولانا اصغر علی صاحب روحی سابق پروفیسر اسلامیہ کالج لاہور نے بھی "اعجاز احمدی" کے جواب میں ایک قصیدہ شائع کیا۔ اس قصیدہ کا مطلع یہ تھا۔

تسیر الی ربع الحبیب الزوامل فیالک شوقاً هیجته المنازل

اونٹنیاں منزل حبیب کی طرف جارہی ہیں اللہ رے وہ شوق جس کو منازل نے ابھارا ہے

اسی طرح ایک قصیدہ مولوی محمد حسن فیضی مرحوم متوطن موضع بھمن ضلع جہلم نے بصنعت غیر منقوط شائع کیا۔ یعنی اس قصیدہ کے کسی لفظ میں کوئی نقطہ دار حرف نہیں تھا۔ جو صاحب اس قصیدہ کا نمونہ دیکھنا چاہیں وہ رسالہ "تازیانہ عبرت" (ص 47-48) کی طرف رجوع فرمائیں۔ فیضی صاحب کا قصیدہ انجمن نعمانیہ لاہور کے ماہوار رسالہ میں شائع ہوا تھا لیکن مرزا کی مجال نہیں تھی کہ اس کے مقابلہ میں ایک غیر منقوط فصیح وبلیغ شعر لکھ کر ہی دکھا دیتا۔ یہاں یہ بتا دینا دلچسپی سے خالی نہ ہوگا کہ سید رشید رضا ایڈیٹر المنار قاہرہ نے مرزا کی عربیت کا مذاق اڑایا تھا۔ مرزا نے اس کا جس شکل میں انتقام لیا وہ مرزائی تہذیب کا روشن ترین مرقع ہے۔ اس مرزائی عفونت نگاری کی دلچسپ تفصیل کتاب "رئیس قادیاں" میں آپ کی نظر سے گذرے گی۔ ایک مرتبہ مولانا اصغر علی صاحب روحی نے مرزا کی بعض عربی کتابوں میں سے شرمناک قسم کی غلطیاں نکال کر مرزا کو لکھ بھیجی تھیں۔ مرزا نے اخبار الحکم قادیاں میں یہ لکھ کر مولوی صاحب سے پیچھا چھڑایا کہ نہ میں عربی کا عالم ہوں اور نہ شاعر ہوں (اخبار الحکم قادیاں مورخہ 17 اکتوبر 1903ء' صفحہ 5) ایک مرتبہ

Marfat.com

مولانا اصغر علی صاحب روحی نے مرزا کے رسالہ "حمامۃ البشریٰ" کی غلطیاں نکال کر مرزا کے حواری خواجہ کمال الدین کو خفا کر دیا تھا۔ یہ دلچسپ واقعہ بھی کتاب "رئیس قادیاں" میں ملاحظہ فرمائیے۔

مرزائیت کے ماخذ اور اصول مذہب

مرزا غلام احمد نے اپنا جو پنتھ جاری کیا وہ مختلف ادیان و مذاہب سے ماخوذ تھا۔ اس نے اسلام' آریہ دھرم' یہودیت' نصرانیت' باطنیت' مہدویت' بابیت اور بہائیت کے تھوڑے تھوڑے اصول لے کر ان کو اپنالیا۔ اور ایک معجون مرکب تیار کر کے اس کا نام احمدیت رکھ دیا۔ ذیل میں آپ کو معلوم ہوگا کہ مسیح قادیاں نے کون کون سا عقیدہ کہاں کہاں سے اڑایا؟ اس نے جو اصول و عقائد اسلام سے اخذ کئے وہ تو ہر ایک کو معلوم ہیں۔ اس لیے ان کا اندراج غیر ضروری ہے البتہ اس نے غیر اسلامی مذاہب کے سامنے کشکول گدائی پھرا کر جو لقمے حاصل کئے ان پر مختصر اروشنی ڈالی جاتی ہے۔

یہود کی پیروی اور ہمنوائی

قادیان کے خانہ ساز مسیح نے جن مسائل میں اسلام کی صراط مستقیم کو چھوڑ کر یہود کی تقلید کی ان میں سے چند امور نمونۃً درج کئے جاتے ہیں۔ یہود حضرت مریم بتول (علیہا السلام) کو (معاذ اللہ) زانیہ اور حضرت مسیح علیہ السلام کو (خاکم بدہن) ناجائز تعلقات کا نتیجہ قرار دیتے ہیں۔ مرزا نے بھی ان کی تقلید میں حضرت مریم بتول سلام اللہ علیہا کی شان پاک میں وہی گندگی اچھالی۔ چنانچہ "ایام الصلح" میں لکھا کہ "یہود کی طرح افغانوں میں بھی رواج ہے کہ اگر ان کی لڑکیاں نکاح سے پہلے اپنے منسوب سے میل ملاقات رکھیں تو اس میں کچھ مضائقہ نہیں سمجھتے مثلاً مریم صدیقہ کا اپنے منسوب یوسف کے ساتھ اختلاط اور اس کے ساتھ گھر سے باہر چکر لگانا اس رسم کی شہادت دیتا ہے اور بعض پہاڑی خوانین کی لڑکیاں اپنے منسوبوں سے حاملہ بھی ہو جاتی ہیں۔ اس میں کچھ ننگ و عار نہیں سمجھا جاتا۔ (ترجمہ از ایام الصلح مولفہ مرزا غلام صفحہ 65 حاشیہ) اور "کشتی نوح" میں لکھا "مریم کی وہ شان ہے جس نے ایک مدت تک اپنے تئیں نکاح سے روکا۔ پھر بزرگان قوم کے نہایت اصرار سے بوجہ حمل کے نکاح کر لیا۔ گو لوگ اعتراض کرتے ہیں کہ بر خلاف تعلیم توریت عین حمل میں کیوں نکاح کیا گیا۔ اور بتول ہونے کے عہد کو کیوں ناحق توڑا اور تعدد ازواج کی کیوں بنیاد ڈالی گئی یعنی باوجودیکہ یوسف نجار کے گھر میں پہلی بیوی موجود تھی پھر مریم کیوں راضی ہوئی کہ یوسف نجار کے نکاح میں آوے مگر میں کہتا ہوں کہ یہ سب مجبوریاں تھیں۔

Marfat.com

(کشتی نوح صفحہ 16)اور "چشمہ مسیحی" میں لکھا کہ جب چھ سات مہینہ کا حمل نمایاں ہو گیا تب حمل کی حالت میں ہی قوم کے بزرگوں نے مریم کا یوسف نامی ایک نجار سے نکاح کر دیا۔ اور اس کے گھر جاتے ہی ایک دو ماہ کے بعد مریم کے بیٹا پیدا ہوا۔ وہی عیسیٰ یا یسوع کے نام سے موسوم ہوا۔ (چشمہ مسیحی صفحہ 18)ان اقتباسات سے ظاہر ہے کہ خدا کے ایک برگزیدہ رسول کو غیر طاہر قرار دینے میں مرزا نے کس طمطراق کے ساتھ یہود کی ناپاک سنت کی تجدید کی؟ جس طرح یہود حضرت مسیح علیہ الصلوٰۃ والسلام کے معجزات کا انکار کرتے ہیں اسی طرح مرزا نے بھی انکار کیا چنانچہ لکھا کہ عیسائیوں نے آپ کے بہت سے معجزات لکھے ہیں۔ مگر حق بات یہ ہے کہ آپ سے کوئی معجزہ ظاہر نہیں ہوا۔ (حاشیہ ضمیمہ انجام آتھم ص 706) جس طرح یہود حضرت مسیح علیہ السلام کو گالیاں دیتے ہیں اسی طرح قادیانی نے بھی دیں۔ چنانچہ لکھا کہ ہم ایسے ناپاک خیال اور متکبر اور راستبازوں کے دشمن کو ایک بھلا مانس آدمی بھی قرار نہیں دے سکتے چہ جائیکہ اس کو نبی قرار دیں۔ (حاشیہ ضمیمہ انجام آتھم' صفحہ 9) مرزا نے حضرت مسیح علیہ السلام کو جو جو گالیاں دیں۔ ان کو مرزا کی کتابوں ضمیمہ انجام آتھم اور "دافع البلاء" میں دیکھئے۔ خدا کے برگزیدہ رسول حضرت مسیح علیہ السلام کی دشمنی میں مرزا کی شدت انہماک کا یہ عالم تھا کہ اس نے آپ کو خاص وہ گالیاں دینے کے لیے جو تیرہ بخت یہود دیتے ہیں۔ یہود کی کتابیں منگوا کر ترجمہ کرائیں۔ (دیکھو مکتوبات احمدیہ 5' حصہ اول' صفحہ 5) جس طرح یہود توراۃ میں تحریف کرتے رہتے تھے چنانچہ ارشاد ربانی۔ ویحر فون الکلم عن مواضعه (کلام الٰہی میں تحریف تبدیل کرتے تھے) اس پر گواہ ہے۔ اسی طرح مرزا نے قرآن پاک اور احادیث نبویہ میں سینکڑوں تحریفیں کیں۔ مرزا غلام احمد کی تحریفات کے نمونے آئندہ صفحات پر حوالہ قلم ہوں گے۔ حکیم نورالدین کی تحریفات کا نمونہ ملاحظہ ہو۔ 10 دسمبر 1912ء کو سورۂ صف کے درس میں کسی سامع نے حکیم نورالدین سے درخواست کی کہ اس آیت کی تشریح فرما دیجئے۔ (حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے بشارت دی کہ میرے بعد ایک رسول مبعوث ہوں گے جن کا اسم گرامی احمد مجتبیٰ ﷺ ہو گا لیکن جب آپ معجزات باہرہ کے ساتھ تشریف لے آئے تو کفار کہنے لگے کہ یہ تو صریح جادو ہے) حکیم نورالدین نے سائل سے کہا کہ تم بڑے نادان ہو۔ سنو جس احمد کی بشارت اس آیت میں دی گئی ہے وہ مثیل مسیح (مرزا غلام احمد) ہے۔ اس کے بعد کہا میں اپنی ذوقی باتیں بہت کم بیان کرتا ہوں۔ تم تو صرف احمد کے متعلق تشریح چاہتے ہو۔ یہاں تو خدا نے احمد کے بعد نور کی طرف بھی اشارہ کر دیا ہے۔ اس کے آگے دین کا لفظ بھی ہے اور اس نور کو نہ ماننے کے متعلق بھی یہ وعید فرمائی ہے۔ ولو کره الکفرون (القول الفصل' صفحہ 33) حکیم نورالدین کا نور اور دین کا اشارہ اس آیت کی طرف تھا۔ یریدون لیطفوانور الله بافو اهہم والله متم نوره ولو کره الکافرون ٥ هو الذی ارسل رسول بالهدی و دین الحق

Marfat.com

لیظہرہ علی الدین کلہولو کرہ المشرکون۔ان تحریفات سے آپ کو معلوم ہوگا کہ مرزائی بد نصیبوں نے یہود کی مانند کس طرح کلام الٰہی احادیث رسول ﷺ اور آثار سلف کو اپنی نفسانی خواہشوں کا آلہ کار بنا رکھا ہے۔

نصاریٰ کی خوان شرک سے زلہ ربائی

مسلمانوں کا مسلمہ عقیدہ ہے کہ حضرت مسیح علیہ الصلوٰۃ والسلام صلیب پر نہیں چڑھائے گئے تھے چنانچہ قرآن پاک میں ہے۔(نہ یہود نے مسیح کو قتل کیا اور نہ سولی پر چڑھایا بلکہ ان کو اشتباہ ہو گیا) اس کے خلاف نصاریٰ کا عقیدہ ہے کہ یہود نے آنحضرت کو صلیب پر چڑھایا اور لطف یہ ہے کہ باوجود ادعائے صلیب شکنی ۔مرزا بھی اس مسئلہ میں نصاریٰ ہی کا پیرو تھا۔ چنانچہ لکھتا ہے کہ حضرت مسیح بروز جمعہ بوقت عصر صلیب پر چڑھائے گئے۔ جب وہ چند گھنٹہ کیلوں کی تکلیف اٹھا کر بے ہوش ہو گئے اور خیال کیا گیا کہ مر گئے تو ایک دفعہ سخت آندھی اٹھی (نزول المسیح صفحہ 18)جب مرزا نے مسیح علیہ السلام کے مصلوب ہونے کے عقیدہ میں اہل صلیب کی ہمنوائی اختیار کی تو لاہور کے مسیحی رسالہ تجلی نے لکھا کہ مرزا صاحب نے مسلمانوں کو کچھ فائدہ نہ پہنچایا بلکہ وہ مسلمانوں کو اپنے سنہری جال میں پھانس کر ہمیشہ "خانہ دوستاں بر دب و در دشمناں مکوب" کے اصول پر کاربند رہے۔ ہاں عیسائیوں کو ان کی ذات سے بہت فائدہ پہنچا کہ انہوں نے مسیح کے مصلوب ہونے کو قرآن سے ثابت کر دکھایا۔ پس عیسائیوں پر جو نجات کے لیے مسیح کی صلیب کو ضروری خیال کرتے ہیں واجب ہے کہ مرزا جی کی اس صلیبی خدمت پر ان کے مرہون احسان ہوں کیونکہ مرزا صاحب حقیقی معنی میں صلیب کے زبردست حامی تھے اور انہوں نے عیسائیوں کے خلاف جو کچھ لکھا وہ محض دہریوں کے خیالات کو اپنی طرف سے پیش کر دیا تھا جس طرح نصاریٰ حضرت مسیح بن مریم علیہما السلام کے ابن اللہ ہونے کے قائل ہیں اسی طرح مرزا بھی (معاذ اللہ) اپنے تئیں خدائے برتر کی اولاد بتایا کرتا تھا۔ چنانچہ اس کے الہام ملاحظہ ہوں۔ انت منی بمنزلتہ اولادی (تو بمنزلہ میری اولاد کے ہے) الحکم 10 دسمبر 1906ء انت منی بمنزلتہ ولدی (تو میرے بیٹے کی جگہ ہے) حقیقتہ الوحی صفحہ 86 اسمع یا ولدی (اے میرے بیٹے سن) البشریٰ جلد اول صفحہ 49۔ان الہاموں میں مرزا نے ظاہر کیا ہے کہ حق تعالیٰ نے اسے بیٹا کہہ کر مخاطب کیا۔ایک اور الہام انت من مائنا وھم من فشل (تو میرے پانی یعنی نطفہ سے ہے اور دوسرے لوگ مٹی سے بنے ہیں) اربعین نمبر 3 میں مرزا نے اپنے آپ کو معاذ اللہ نطفہ خدا بتایا ہے۔ان کے علاوہ لکھتا ہے کہ مسیح کا اور میرا مقام ایسا ہے جیسے استعارہ کے طور پر ابنیت سے علاقہ ہے (توضیح مرام صفحہ 12) حالانکہ ولد اور ابن وغیرہ وہ الفاظ ہیں جنہیں حق تعالیٰ نے

Marfat.com

قرآن پاک میں شرک قرار دیا ہے اور ان کی پرزور مذمت فرمائی ہے۔ مرزا نے اسلام کی پاک توحید کے مقابلہ میں نصاریٰ کی تقلید میں اپنی ایک پاک تثلیث بھی پیش کی تھی۔ چنانچہ لکھتا ہے کہ ان دو محبتوں کے کمال سے جو خالق اور مخلوق میں پیدا ہو کر نر و مادہ کا حکم رکھتی ہے اور محبت الٰہی کی آگ سے ایک تیسری چیز مہیا ہوتی ہے جس کا نام روح القدس ہے۔ اس کا نام پاک تثلیث ہے اس لیے یہ کہہ سکتے ہیں کہ وہ ان کے لیے بطور ابن اللہ کے ہے (ازالہ اوہام) ڈاکٹر ایچ ڈی گرس وولڈ سابق پرنسپل فورمن کرسچن کالج لاہور نے لکھا تھا کہ مرزا غلام احمد اور پنڈت دیانند سرستی بانی آریہ سماج میں دو امر یکساں قابل توجہ اور دلچسپ معلوم ہوتے ہیں۔ دونوں صاحب ذو معنی باتیں کرتے ہیں چنانچہ مرزائی قادیاں اپنے مطلب کے مقام پر اول درجہ کے لکیر کے فقیر بن جاتے ہیں اور جب لفظی معنی سے مطلب برآری ہوتی دکھائی نہیں دیتی تو پھر کوئی عبارت ایسی نہیں جس کی وہ حسب مطلب کوئی نئی تاویل و تشریح نہ کر لیتے ہوں۔ اسی طرح وہ استعارات اور تشبیہات کو کام میں لا کر بعض اوقات یہاں تک پہنچتے ہیں کہ تثلیث کی تعلیم میں بھی سچائی اور حقیقت کے کسی حد تک معتقد بن بیٹھتے ہیں چنانچہ مرزا صاحب کے نزدیک الٰہی محبت اور انسانی محبت تثلیث کے دو اقانیم ہیں اور وہ جذبات یا جوش جو ان دو کی مخالفت کا نتیجہ ہے ان کے نزدیک اقنوم ثالث ہے۔ اسی طرح پنڈت دیانند نے ویدوں کی جو تفسیر کی ہے اس کے پڑھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ بھی مرزا صاحب کی طرح ذو معنی تفاسیر کے حامی اور غیر محقق آدمی تھے۔ (مرزا غلام احمد' صفحہ 37) خواجہ کمال الدین مرزائی ایک ملحد آدمی تھا وہ عیسائی ہونے والا ہی تھا کہ اس اثناء میں مرزا غلام احمد نے اپنی مسیحیت کی ڈفلی بجانا شروع کی چونکہ خواجہ کمال الدین کو مرزائیت مسیحیت کا نعم البدل نظر آئی اس لیے اس نے عیسائی ہونے کا خیال ترک کر کے مرزائیت قبول کر لی چنانچہ جریدۂ الفضل قادیاں نے 18 نومبر 1916ء کی اشاعت میں لکھا کہ "خواجہ کمال الدین صاحب کہا کرتے تھے کہ اگر حضرت مسیح موعود کا وجود دنیا میں جلوہ افروز نہ ہوا ہوتا تو میں زمانہ دراز سے عیسائی ہو چکا ہوتا۔" ڈاکٹر ایچ ڈی گرس وولڈ کا خیال ہے کہ مرزائیت اسلام اور مسیحیت کے بین بین ہے۔ (مرزا غلام احمد' مولفہ ڈاکٹر گرس وولڈ' صفحہ 46) لیکن ان اوراق کا پڑھنے والا یقین کرے گا کہ مرزائیت کی معجون بے شمار دوسرے اجزاء سے بھی مرکب ہے۔

آریوں سے ہمرنگی

بظاہر معلوم ہوتا ہے کہ مرزا نے آریہ دھرم کا صرف ایک اصول اپنے پنتھ میں داخل

کیا۔ مگر اس لحاظ سے کہ وہی ایک عقیدہ جس کے لیے مرزائیت آریہ دھرم کی ممنون احسان ہے۔ آریہ مت کی جان اور اس کا بنیادی اصول ہے اس لیے اس کو بمنزلہ کثیر کے سمجھنا چاہیے۔ قدیم وہ ہے جو ازلی ہو یعنی اس کی کوئی ابتدا نہ ہو۔ ہمارا عقیدہ ہے کہ خالق کون و مکان عزاسمہ کے سوا کوئی چیز قدیم نہیں۔ آریہ لوگ خالق کردگار کی طرح روح اور مادہ کو بھی قدیم اور ازلی مانتے ہیں۔ ان کے نزدیک سلسلہ کائنات قدیم بالنوع ہے اور خالق کے ساتھ مخلوق کا بھی کوئی نہ کوئی سلسلہ ازل سے برابر چلا آرہا ہے۔ مرزا بھی اسی عقیدہ کا پیرو تھا چنانچہ "چشمہ معرفت" میں لکھتا ہے "چونکہ خدا تعالیٰ کی صفات کبھی معطل نہیں رہتیں اس لیے خدا تعالیٰ کی مخلوق میں قدامت نوعی پائی جاتی ہے۔ یعنی مخلوق کی انواع میں سے کوئی نہ کوئی نوع قدیم سے موجود چلی آئی ہے مگر شخصی قدامت باطل ہے۔ (چشمہ معرفت' صفحہ 268) ظاہر ہے کہ یہ عقیدہ الحاد میں فلاسفہ سے بھی بڑھا ہوا ہے کیونکہ وہ صرف آسمان کو قدیم بالنوع خیال کرتے تھے لیکن مرزا نے آریوں کی طرح اس کی تعمیم کر کے تمام مخلوقات کو قدیم بالنوع بتا دیا۔ ڈاکٹر گرس وولڈ نے مرزائی جماعت اور آریہ سماج میں ایک عجیب مشابہت و مطابقت بیان کی ہے۔ وہ لکھتے ہیں کہ آریہ اور مرزائی دونوں فرقے پنجابی ہیں۔ مرزائی تو صوبہ پنجاب ہی کے باشندے ہیں اور آریہ سماج گو ابتدا بمبئی میں قائم ہوئی تھی تاہم یہ بھی ایک طرح سے پنجابی جماعت ہے کیونکہ اس کا زیادہ زور و شور پنجاب ہی میں پایا جاتا ہے۔ اس لحاظ سے یہ فرقے علی گڑھ والوں (نیچریوں) اور برہمو سماج والوں سے متفاوت ہیں۔ کیونکہ ان کی پیدائش اور نشوونما کا مقام علی الترتیب صوبہ متحدہ آگرہ واودھ اور بنگال ہے۔ جس طرح اسلام سے علی گڑھ والے (نیچری) اور مرزائی نکلے اسی طرح ہندو دھرم سے بھی دو نئے فرقے یعنی آریہ سماج اور برہمو سماج پیدا ہوئے جس طرح نیچری آزاد خیال ہیں اور قادیانی محافظ دین ہونے کے مدعی ہیں۔ اسی طرح ہنود میں سے برہمو سماج کا رویہ آزادانہ ہے اور آریہ سماج دھارمک کتابوں کی حامی و حافظ ہونے کی مدعی ہے (مرزا غلام احمد' صفحہ 44-45) مرزائیت نے جنم لے کر اسلام کو فائدہ پہنچایا آریہ دھرم کو؟ اس کا فیصلہ خود ایک آریہ اخبار کے بیان سے ہو سکتا ہے۔ آریہ ویر نے 14-22 مارچ 1933ء کی اشاعت میں لکھا کہ اسلامی عقائد کو متزلزل کرنے میں احمدیت نے آریہ سماج کو ایسی امداد دی ہے کہ جو کام آریہ سماج صدیوں میں انجام دینے کے قابل ہوتا وہ احمدی جماعت کی جدوجہد نے برسوں میں کر دکھایا ہے۔ بہر حال آریہ سماج کو مرزا صاحب اور ان کے مقلد و مرید مرزائیوں کا مشکور ہونا چاہیے۔ (قادیانی ہذیان' صفحہ 38)

مشبہہ فلاسفہ اور اہل نجوم کے نقش قدم پر

مسیح قادیاں نے اپنی عمر کا ایک حصہ علوم نظری کی تو نذر کیا تھا چنانچہ لکھتا ہے کہ میں نے

محمد شاہ بٹالوی سے نحو اور منطق اور حکمت وغیرہ علوم حاصل کئے۔ (کتاب البریہ' صفحہ 150) لیکن دینی تعلیم کسی سے حاصل نہ کی۔ (اربعین نمبر 2' ص 10-11) اگر منطق اور حکمت کے ساتھ دینی علوم کی بھی تحصیل کی ہوتی تو بڑی امید تھی کہ الحاد و زندقہ کی وادیوں میں سرگرداں ہونے کے بجائے اسے فلاح و ہدایت کا راستہ مل جاتا۔

اے کہ خواندی حکمت یونانیان
حکمت ایمانیاں راہم نجوان

دینی تعلیم سے بے بہرہ رہنے کا یہ اثر ہوا کہ جس غیر اسلامی مذہب کا جو عقیدہ بھی من کو بھایا اسی پر ریجھ گیا اور اس کی پروانہ کی کہ غیر اسلامی عقائد کا شغف اسے دائرہ اسلام سے خارج کر دے گا۔ آپ نے پڑھا کہ اس نے کس طرح یہود' نصاریٰ اور آریوں کے عقیدے اختیار کر لئے لیکن یہ معاملہ ابھی یہیں پر ختم نہیں ہو جاتا بلکہ آگے چل کر آپ کو یہ حقیقت اور بھی زیادہ عریاں نظر آئے گی کہ اس کے دل و دماغ کو کہیں قرار نہ تھا۔ اس کے قوائے ذہنی باطل قوتوں کے سامنے اسی طرح بے بس تھے جس طرح مردہ غسال کے ہاتھ میں بے بس ہوتا ہے۔ ذات باری تعالیٰ کے متعلق اس نے مجسمہ سے بھی کہیں بیہودہ اور مضحکہ خیز عقیدہ اختیار کر لیا تھا چنانچہ لکھتا ہے۔ "قیوم العلمین ایک ایسا وجود اعظم ہے جس کے بے شمار ہاتھ بیشمار پیر اور ہر ایک عضو اس کثرت سے ہے کہ تعداد سے خارج اور لاانتہا عرض و طول رکھتا ہے اور تیندوے کی طرح اس وجود اعظم کی تاریں بھی ہیں جو صفحہ ہستی کے تمام کناروں تک پھیل رہی ہیں اور کشش کا کام دے رہی ہیں۔ یہ وہی اعضاء ہیں جن کا دوسرے لفظوں میں نام عالم ہے (توضیح مرام' صفحہ 35) اور انوار الاسلام (صفحہ 33) توضیح مرام کے صفحہ (30-37) مطالعہ سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ فلاسفہ کی طرح ملائکہ کا بھی منکر تھا۔ اس کا عقیدہ تھا کہ جبرئیل کا تعلق آفتاب سے ہے۔ وہ بذات خود اور حقیقی معنی میں زمین پر نازل نہیں ہوتا بلکہ اس کے نزول سے جو شرع میں وارد ہے اس کی تاثیر کا نزول مراد ہے اور جبرئیل اور دوسرے ملائکہ کی جو شکل و صورت انبیا علیہم السلام وط محض جبریل وغیرہ کی عکسی تصویر تھی۔ ملک الموت بذات خود زمین پر آکر قبض ارواح نہیں کرتا بلکہ اس کی تاثیر سے روحیں قبض ہوتی ہیں۔ ملائکہ ستاروں کے ارواح ہیں وہ سیاروں کے لیے جاں کا حکم رکھتے ہیں اس لیے نہ تو کبھی ان سے جدا ہوتے ہیں اور نہ ذرہ بھر آگے پیچھے حرکت کر سکتے ہیں اس کے خلاف اہل اسلام کا عقیدہ ہے کہ آفتاب ماہتاب ستارے افلاک اور طبائع خالق ارض و سماء کے مطیع فرمان ہیں۔ ان میں بذاتہا کوئی فعل و تاثیر موجود نہیں ہے لیکن طبیعیون اور اہل نجوم کا خیال ہے کہ سبع سیارہ میں سے ہر ایک سیارہ مستقل بالذات ہے۔ تمام موجودات میں انہی کی حرکت موثر ہے۔ وہی نفع و ضرر پہنچاتی ہے۔ وہی انسانی زندگی اور انسانی تہذیب و تمدن پر اثر انداز ہے۔ بعینہ یہی عقیدہ مرزا غلام احمد کا تھا۔ چنانچہ

لکھتا ہے کہ ستاروں میں تاثیرات ہیں اور اس انسان سے زیادہ تر کوئی دنیا میں جاہل نہیں جو ستاروں کی تاثیرات کا منکر ہے۔ یہ لوگ جو سراپا جہالت میں غرق ہیں اس علمی سلسلہ کو شرک میں داخل کرتے ہیں۔ ان چیزوں کے اندر خاص وہ تاثیرات ہیں جو انسانی زندگی اور انسانی تمدن پر اپنا اثر ڈالتی ہیں جیسا کہ حکمائے متقدمین نے لکھا ہے (تحفہ گولڑویہ صفحہ 182 حاشیہ) امام محمد غزالی اس مشرکانہ خیال کی تردید میں لکھتے ہیں کہ فلاسفہ اور ان کے پیروؤں کی مثال اس چیونٹی کی سی ہے جو کاغذ پر چل رہی ہو اور دیکھے کہ کاغذ سیاہ ہو رہا ہے اور نقش بنتے جاتے ہیں۔ وہ نگاہ اٹھا کر سر قلم کو دیکھے اور خوش ہو کر کہے کہ میں نے اس فعل کی حقیقت معلوم کر لی کہ یہ نقوش قلم کر رہا ہے۔ یہ مثال طبیعی کی ہے جو آخری درجہ کے محرک کے سوا کسی کو نہیں پہچانتا پھر ایک اور چیونٹی جس کی بصارت و نگاہ پہلی سے زیادہ تیز ہو اس کے پاس آکر کہے کہ تجھے غلط فہمی ہوئی۔ میں تو اس قلم کو کسی کا مسخر دیکھتی ہوں اور محسوس کرتی ہوں کہ اس قلم کے سوا کوئی اور چیز ہے جو نقاشی کر رہی ہے یہ جتلا کر دوسری چیونٹی نہایت خوش ہو کر کہے کہ میں نے اس کام کا راز پالیا کہ ہاتھ نقاشی کرتے ہیں نہ کہ قلم۔ کیونکہ قلم ہاتھ کا مسخر ہے یہ مثال نجومی کی ہے کہ اس کی نظر طبیعی سے کسی قدر آگے تک پہنچی اور دیکھا کہ یہ طبائع ستاروں کے تابع فرمان ہیں لیکن وہ ان درجوں پر جو اس سے اوپر ہیں نہ پہنچ سکا۔ پھر ایک تیسری چیونٹی جو قریب ہی موجود ہو ان کی گفتگو سن کر پاس آئے اور کہنے لگے کہ تم دونوں غلطی پر ہو۔ ذرا نظر اٹھا کر اوپر کو دیکھو تو تمہیں معلوم ہوگا کہ قلم اور ہاتھ کو حرکت دینے والی کوئی اور ہی ہستی موجود ہے کہ ہاتھ اور قلم جس کے ارادہ سے حرکت کر رہے ہیں یہ مثال اہل اسلام کی ہے جو جملہ امور کا فاعل حقیقی اور متصرف بالذات خالق کردگار کو مانتے ہیں۔ ان کی نظر محسوسات و ممکنات تک محدود نہیں بلکہ وہ سب سے وراء الورا اور بزرگ ترین ہستی کو ایجاد و تکوین کا باعث یقین کرتے ہیں کہ آفتاب' ماہتاب اور ستارے جس کے حکم پر چل رہے ہیں۔ والشمس والقمر والنجوم مسخرت بامرہ (سورج چاند اور ستارے اسی کے حکم کے موافق کام پر لگے ہیں)

Marfat.com

مرزاغلام احمد اوراس کے اعوان پر نیچریت کارنگ

جس طرح مرزاغلام احمد مہدویت اور بابیت کی نالیوں سے سیراب ہوتا رہاتھا اسی طرح اس نے نیچریت کے گھاٹ سے بھی دہریت کی پیاس بجھائی تھی۔ نیچری مذہب کے بانی سر سید احمد خاں علی گڑھی تھے۔ یہ مذہب آج کل ہندوستان میں بالکل ناپید ہے۔اس کے اکثر و پیرو تو مرزائیت میں مدغم ہو گئے اور جو بچے 13-512ھ کی جنگ بلقان کے بعد از سر نو اسلامی برادری میں داخل ہو گئے۔ نیچری مذہب بالکل دہریت سے ہمکنار تھا۔ مغیبات کا انکار اس مذہب کا اولین اصول تھا۔ وہ عقائد جو اہل اسلام کو مشرکین سے ممیز کرتے ہیں اور جن میں یہود و نصاریٰ بھی مسلمانوں سے متفق ہیں۔ مثلاً وحی' ملائکہ' نبوت' جنت و نار' حشر و نشر معجزات وغیرہم نیچریوں کو قطعاً تسلیم نہ تھے۔ سر سید احمد خاں نے تفسیر القرآن کے نام سے ایک کتاب لکھی تھی جس میں اسلامی تعلیمات کو موڑ توڑ کر یہ کوشش کی تھی کہ اسلام کے ہر عقیدہ واصول کو الحاد و دہریت کی قامت پر راست لایا جائے۔ سید احمد خاں نے نبوت اور وحی کو ایک ملکہ قرار دیا۔ چنانچہ لکھا کہ "لوہار بھی اپنے فن کا پیغمبر ہے۔ شاعر بھی اپنے فن کا امام یا پیغمبر ہو سکتا ہے۔ ایک طبیب بھی فن طب کا امام یا پیغمبر ہو سکتا ہے اور جس شخص میں اخلاق انسانی کی تعلیم و تربیت کا ملکہ بمقتضا اس کی فطرت کے خدا سے عنایت ہوتا ہے وہ پیغمبر کہلاتا ہے۔ خدا اور پیغمبر میں بجز اس ملکہ کے جس کو زبان شرع میں جبریل کہتے ہیں اور کوئی ایلچی پیغام پہنچانے والا نہیں ہوتا۔ اس کا دل ہی وہ ایلچی ہوتا ہے جو خدا کے پاس پیغام لے جاتا ہے اور خدا کا پیغام لے کر آتا ہے خود اسی کے دل سے فوارہ کی مانند وحی اٹھتی ہے اور خود اسی پر نازل ہوتی ہے۔ (تفسیر احمدی جلد اول' صفحہ 24) جن فرشتوں کا قرآن میں ذکر ہے ان کا کوئی اصلی وجود نہیں ہو سکتا بلکہ خدا کی بے انتہا قدرتوں کے ظہور کو اور ان قویٰ کو جو خدا نے اپنی تمام مخلوق میں مختلف قسم کے پیدا کئے ہیں ملک یا ملائکہ کہا ہے جن میں سے ایک شیطان یا ابلیس بھی ہے (ایضاً صفحہ 42) نبوت بطور ایک ایسے منصب کے نہیں ہے جیسے کہ کوئی بادشاہ کسی کو کوئی منصب دے دیتا ہے بلکہ نبوت ایک فطری امر ہے اور جس کی فطرت میں خدا نے ملکہ نبوت رکھا ہے وہی نبی ہوتا ہے۔ (ایضاً جلد 3' ص 49) مرزاغلام احمد بھی سر سید احمد خاں سے استفادہ کرتا رہتا تھا اور میرا خیال ہے کہ ان کے باہم خط و کتابت بھی جاری تھی۔ میاں بشیر احمد ایم اے بن مرزاغلام

Marfat.com

احمد قادیانیؐ نے لکھا ہے کہ مراد بیگ جالندھری نے مرزا صاحب سے بیان کیا کہ سر سید احمد خاں نے توراۃ و انجیل کی تفسیر لکھی ہے آپ ان سے خط و کتابت کریں۔ آپ پادریوں سے مباحث کرنا بہت پسند کرتے ہیں اس معاملہ میں آپ کو ان سے بہت مدد ملے گی۔ چنانچہ مرزا صاحب نے سر سید کو عربی میں خط لکھا (سیرۃ المہدی جلد اول' ص 138) مرزا غلام احمد نے مرزائیت کا ڈھونگ رچانے کے بعد بجز ان عقاید کے جن کے بغیر تقدس کی دکانداری کسی طرح چل نہیں سکتی تھی تمام نیچری اصول کو بحال رکھا۔ میاں محمد علی امیر جماعت مرزائیہ لاہور نے مرزائیت کو نیچریت سے ممیز کرنے کی کوشش کی ہے وہ لکھتے ہیں۔ "عیسائی مؤرخین نے احمدیت کو اسلام پر یورپین خیالات کے اثر کا نتیجہ قرار دیا ہے مگر ہندوستان کی تاریخ حاضرہ میں ہم کو دو الگ الگ تحریکات نظر آتی ہیں۔ یعنی ایک وہ تحریک جس کا تعلق سر سید احمد خاں سے ہے اور دوسری وہ تحریک جس کا تعلق حضرت مرزا غلام احمد صاحب قادیانی سے ہے۔ جہاں تک سر سید کے مذہبی خیالات کا سوال ہے اور جن کو تحقیر کے رنگ میں نیچریت کے نام سے موسوم کیا جاتا ہے۔ ان دونوں تحریکوں میں ایک بین فرق نظر آتا ہے۔ سر سید نے بھی اسلام کے مسائل کو معقولی (یعنی عقلی) رنگ میں حل کرنے کی کوشش کی اور حضرت مرزا صاحب نے بھی ان مسائل کا معقولی رنگ ہی پیش کیا ہے۔ مگر سر سید کی مذہبی تحریک نے یورپین خیالات کی غلامی کا رنگ اختیار کر لیا اور حضرت مرزا صاحب کی تحریک یورپ کو اسلام کے ماتحت لانے کے لیے تھی۔ (تحریک احمدیت صفحہ 211) مگر مرزا کی تحریک یورپ کو اسلام کے ماتحت کہاں تک لے آئی؟ اس کی تائید ان پچاس الماریوں سے ہو سکتی ہے جو مرزا نے اپنے یورپی حکام کی خوشامد میں تالیف کیں۔ میر عباس علی لدھیانوی نے جو مرزائیت کے سب سے پہلے حاشیہ بردار تھے۔ مرزائیت اور نیچریت کا نقشہ ان الفاظ میں کھینچا تھا۔ اس وقت جو فیصلہ میری طبیعت نے کیا ہے وہ یہ ہے کہ مرزا صاحب صاف اور قطعی طور پر نیچری ہیں۔ معجزات انبیاء و کرامات اولیاء سے مطلق انکار رکھتے ہیں۔ معجزات اور کرامات کو مسمریزم' قیافہ قواعد طب یا دستکاری پر مبنی جانتے ہیں۔ ان کے نزدیک خرق عادت جس کو سب اہل اسلام خصوصاً اہل تصوف نے مانا ہے۔ کوئی چیز نہیں۔ سید احمد خاں اور مرزا غلام احمد صاحب کی نیچریت میں بجز اس کے اور کوئی فرق نہیں کہ وہ بلباس جاکٹ و پتلون ہیں اور یہ بلباس جبہ و دستار (اشاعۃ السنہ) چونکہ سر سید نے اپنے الحاد و زندقہ

Marfat.com

کی دکان کو خوب آراستہ کر رکھا تھا۔ اس لیے نہ صرف خود مرزا کا بلکہ اس کے پیروؤں کا بھی یہ معمول تھا کہ ان ملحدانہ عقائد کی تشریحات کو جو مرزا نے سر سید سے لیے تھے۔ سر سید کی کتابوں سے نقل کر کے اپنا لیا کرتے تھے اور اس خوف سے کہ لوگ نیچریت سے مطعون نہ کریں ان مضامین کو سر سید کی طرف منسوب کرنے کی جرات نہیں کرتے تھے۔ چنانچہ لاہور کے ماہوار رسالہ "تجلی" نے لکھا تھا کہ اس وقت دو قادیانی رسالے ہمارے سامنے ہیں۔ "تشحیذ الاذہان" ماہ دسمبر 1907ء اور "ریویو آف ریلجنز" ماہ فروری 1908ء جن میں بلا اعتراف اور بلا حوالہ وہ ساری بحث سرقہ کر لی گئی جو معجزات مسیح پر سر سید نے اپنی تفسیر میں کی تھی۔ وہی دلائل ہیں' وہی اقتباسات' وہی آیات' وہی تاویلات' وہی نتائج ہیں۔ ہاں بد تمیزی و بے شعوری جو اس طائفہ کا خاصہ ہے مزید براں ہے۔ سر سید کی آزاد خیالیوں نے مرزا کے لیے اس کا مجوزہ راستہ بہت آسان کر دیا تھا۔ سر سید نے واقعہ صلیب کا جو نقشہ اپنی تفسیر (جلد دوم ص 38) میں پیش کیا۔ مرزا نے اسی پر وحی الٰہی کا رنگ چڑھا کر اس پر بڑی بڑی خیالی عمارتیں تعمیر کرنی شروع کر دیں۔ جب تک مرزا نے یہ تحریریں نہیں پڑھی تھیں۔ براہین کے حصہ چہارم تک برابر حیات مسیح علیہ السلام کا قائل رہا۔ لیکن جب نیچریت کا رنگ چڑھنا شروع ہوا یوں کہو کہ نیچریت کا یہ مسئلہ مفید مطلب نظر آیا تو نہ صرف اپنے سابقہ الہامات کے گلے پر چھری چلانی شروع کر دی۔ بلکہ عقیدۂ حیات مسیح علیہ السلام کو (معاذ اللہ) شرک بتانے لگا۔ جس کے یہ معنی تھے کہ وہ پچاس سال کی عمر تک باوجود صاحب وحی ہونے کے مشرک ہی چلا آتا تھا۔

قادیاں کے برساتی نبی

جب امت مرزائیہ نے دیکھا کہ ان کے پیر و مرشد نے نبوت کا دعویٰ کر کے ختم نبوت کی سد اسکندری میں رخنہ ڈال دیا ہے تو ہر حوصلہ مند مرزائی کو طمع ہوئی کہ موقع ملنے پر اپنی اولوالعزمی کے جوہر دکھائے اور کچھ بن کر "مسیح موعود" صاحب کی طرح نفع عاجل حاصل کر لے۔ چنانچہ قضاو قدر کے ہاتھوں "قادیانی نبوت عظمیٰ" کی بساط کے الٹے جانے کی دیر تھی کہ بہت سے مرزائی یاجوج ماجوج کی طرح دعوئے نبوت کے ساتھ ہر طرف سے امنڈ آئے۔ اور اپنے اپنے تقدس کی ڈفلی بجانی شروع کر دی جس طرح برکھارت میں بارش کا پہلا چھینٹا پڑنے کے ساتھ ہی ہر طرف برساتی کیڑے مکوڑے رینگتے دکھائی دیتے ہیں اسی طرح ان خود ساختہ انبیاء کی تعداد اتنی کثیر تھی کہ ان پر برساتی انبیاء کا اطلاق بالکل صحیح معلوم ہوتا ہے بہر حال ان برساتی نبیوں کے کچھ مختصر سے حالات ہدیہ قارئین کئے جا رہے ہیں۔

Marfat.com

چراغ الدین متوطن جموں

چراغ الدین نام جموں کا ایک نہایت بیباک مرزائی تھا۔ اس کی شوخ چشمی کا کمال دیکھو کہ اپنی دکان آرائی کے لیے اپنے مقتدا کی موت کا بھی انتظار نہ کیا بلکہ نہایت بے صبری کے ساتھ مرزا غلام احمد کی زندگی ہی میں نبوت و رسالت کا دعویٰ کر دیا۔ چونکہ اس دعویٰ سے خود حضرت "مسیح موعود" کے کاروبار پر اثر پڑنے کا احتمال تھا اس لیے یہ جرم کچھ ایسا خفیف نہیں تھا کہ قابل عفو و درگذر سمجھا جاتا۔ مرزا نے اس کو جماعت سے خارج کر دیا۔ میں اس اقدام میں مرزا کو برسر حق سمجھتا ہوں کیونکہ مرید کو اس درجہ شوریدہ سری کسی طرح زیب نہیں دیتی کہ وہ پیر کے مقابلہ میں کاروبار شروع کر دے اور رقیبانہ چشمک کے سامان پیدا کرے۔ حضرت "مسیح موعود" صاحب نے اس باغی مرید کے متعلق اپنی کتاب "دافع البلا" میں جو 23 اپریل 1902ء کو شائع ہوئی لکھا کہ چراغ الدین کا جو مضمون رات کو پڑھا گیا وہ بڑا خطرناک اور زہریلا اور اسلام کے لیے مضر ہے اور سر سے پیر تک لغو اور باطل باتوں سے بھرا ہوا ہے۔ چنانچہ اس میں لکھا ہے کہ میں رسول ہوں اور رسول بھی اولوالعزم اور اپنا کام یہ لکھا ہے کہ عیسائیوں اور مسلمانوں میں صلح کرا دے اور قرآن اور انجیل کا تفرقہ باہمی دور کر دے اور ابن مریم کا ایک حواری بن کر یہ خدمت کرے اور رسول کہلاوے۔ یہ کیسی ناپاک رسالت ہے جس کا چراغ الدین نے دعویٰ کیا ہے جائے غیرت ہے کہ ایک شخص میرا مرید کہلا کر یہ ناپاک کلمات منہ پر لاوے۔ لعنته الله علی الکافرین پھر باوجود ناتمام عقل اور ناتمام فہم اور ناتمام پاکیزگی کے یہ کہنا کہ میں رسول اللہ ہوں یہ کس قدر خدا کے پاک سلسلہ کی ہتک عزت ہے گویا رسالت اور نبوت بازیچہ اطفال ہے۔ میں تو جانتا ہوں کہ نفس امارہ کی غلطی نے اس کو خودستائی پر آمادہ کیا ہے پس آج کی تاریخ سے وہ ہماری جماعت سے منقطع ہے جب تک کہ مفصل طور پر اپنا توبہ نامہ شائع نہ کرے اور اس ناپاک رسالت کے دعویٰ سے ہمیشہ کے لیے مستعفی نہ ہو جائے۔ افسوس کہ اس نے بے وجہ اپنی تعلی سے ہمارے سچے انصار کی ہتک کی۔ ہماری جماعت کو چاہیے کہ ایسے انسان سے قطعاً پرہیز کرے۔

منشی ظہیر الدین اروپی

یہ شخص موضوع اروپ ضلع گوجرانوالہ کا رہنے والا ہے۔ اس کے نزدیک مرزا ایک صاحب شریعت نبی تھا اس کا خیال ہے کہ قادیاں کی مسجد ہی بیت اللہ شریف ہے۔ اور وہی خدا کے نبی کی جائے ولادت ہے۔ اس لیے اس کی طرف منہ کر کے نماز پڑھنی چاہیے۔ لاہوری پارٹی کے

Marfat.com

جریدہ پیغام صلح کا مدیر بھی رہ چکا ہے۔ اس نے قادیانی جماعت کے بعض سربر آوردہ افراد کی ہلاکت کی پیش گوئی کی تھی لیکن پوری نہ ہوئی۔ یوسف ہونے کا مدعی تھا لیکن اس دعویٰ پر ثابت قدم نہ رہا۔ اور لاہوری مرزائیوں کے رسالہ المہدی نمبر (1) میں لکھا کہ گو مجھے الہام ہوا تھا اور خدا نے مجھے یوسف قرار دیا تھا لیکن ساتھ ہی تمنی کا بھی اندیشہ لگا رہتا ہے۔ شیطان ورغلاتا ہے اور جو الہامات مجھے ہوئے ان پر عملدرآمد بھی مشکل ہے اس لیے جس قدر طاقت تھی میں نے کام کر دیا۔ اب طاقت نہیں رہی اس لیے اپنے دعویٰ پر زور نہیں دے سکتا۔ یہ سخت ناکام نبی ہے اور غالباً اب تک زندہ ہے۔ اس نے اپنے ایک مضمون میں جو لاہوری مرزائیوں کے رسالہ "المہدی" میں شائع ہوا لکھا تھا کہ حضرت مسیح موعود کی تحریروں میں بہت تضاد و تخالف ہے۔

محمد بخش قادیانی

اس شخص کو مدت العمر قادیان میں الہام ہوتے رہے مگر مرزائیت قبول نہ کی لیکن جب قوی زیادہ مضمحل ہو گئے اور قوت فکر جواب دے بیٹھی تو مرزائیت کا بپتسمہ لے لیا جس طرح حضرت "مسیح موعود" کا ایک دلچسپ الہام غشم غشم غشم ہے اسی نمونہ کا ایک مضحکہ خیز الہام محمد بخش کا بھی ہے یعنی آئی ایم وٹ وٹ (میں وٹ وٹ ہوں)

مسٹر یار محمد پلیڈر

مسٹر یار محمد وکیل ہوشیار پور کا بیان ہے کہ محمدی بیگم جس کے ساتھ "مسیح موعود" کا آسمان پر نکاح ہوا تھا وہ درحقیقت میں ہوں اور نکاح سے یہ مراد ہے کہ میں ان کی بیعت میں داخل ہوں گا۔ اسی نے مرزا صاحب کا ایک کشف بیان کیا تھا کہ گویا رب العالمین (معاذ اللہ) ایک مرد کی طرح مرزا صاحب سے فعل مخصوص کر رہا ہے۔ یہ مرزا کے حقیقی جانشین اور خلیفہ برحق ہونے کا مدعی تھا۔ اور اعلان کیا تھا کہ مرزا صاحب کی گدی کا اصل استحقاق مجھے حاصل ہے کیونکہ مرزا صاحب نے جو الوصیۃ میں پیشین گوئی کی تھی کہ تمہارے لیے دوسری قدرت کا بھی دیکھنا ضروری ہے اور اس کا آنا تمہارے لیے بہتر ہے کیونکہ وہ دائمی ہے جس کا سلسلہ قیامت تک منقطع نہ ہوگا اور وہ دوسری قدرت نہیں آسکتی جب تک میں نہ جاؤں لیکن جب میں جاؤں گا تو پھر اس دوسری قدرت کو تمہارے لیے بھیج دے گا۔" اس کا صحیح مصداق میں ہوں کیونکہ حضرت مسیح موعود نے یہ بھی کہا تھا کہ قدرت ثانیہ کا مظہر وہ ہوگا جو میری خو بو پر ہوگا۔ سو یہ علامت میری ذات میں بدرجہ اتم پائی جاتی ہے۔ مسٹر یار محمد نے بہت کوشش کی کہ مرزا محمود احمد ان کے لیے مسند خلافت خالی کر دیں مگر وہ کسی طرح راضی نہ ہوئے۔ سنا جاتا ہے کہ یار محمد میاں محمود احمد کے خلاف چالیس پچاس رسالے

Marfat.com

شائع کر چکا ہے۔

عبداللہ تیماپوری

یہ شخص تیماپور واقع قلمرو حیدر آباد دکن کا رہنے والا ہے۔ پہلے روح القدس کے نزول کا مدعی بنا پھر مظہر قدرت ثانیہ کا دعویٰ کیا۔ کہتے ہیں کہ اسے داہنے بازو کی طرف سے الہام ہوتا ہے۔ اس شخص نے "انجیل قدسی" نام ایک کتاب لکھی ہے۔ جس میں مرزا غلام احمد کے ان خطوط کو جو محترمہ محمدی بیگم سے عقد کرنے کے سلسلہ مساعی میں لکھے تھے پسندیدہ خیال نہیں کیا اور لکھا ہے کہ ان خطوط کے پڑھنے سے دل میں نفرت و کراہت پیدا ہوتی ہے۔ اس بے دین نے "انجیل قدسی" کے بعض مندرجات میں سخت جاہلانہ گندہ دہنی کا ثبوت دیا ہے مثلاً ایک جگہ یسفک الدما کے یہ معنی لکھے ہیں کہ حضرت ابوالبشر آدم علیہ السلام نے حکم خداوندی کے خلاف (معاذاللہ) اپنی زوجہ محترمہ حواء سے خلاف وضع فطرت انسانی فعل کا ارتکاب کیا۔ اس شخص نے پیشین گوئی کی تھی کہ مرزا محمود احمد بہت جلد میری بیعت میں داخل ہو جائے گا۔ لیکن پیشینگوئی پوری نہ ہو سکی۔ اس کو سب سے پہلے یہ وحی ہوئی تھی۔ یاایہا النبی تیماپور میں رہیو۔ کتاب محاکمہ آسمانی میں لکھتا ہے کہ مرزا صاحب کو صرف مقام شہودی حاصل تھا۔ اور وہ مقام وجودی سے بالکل عاری تھے لیکن مجھے یہ دونوں مقام حاصل ہیں۔ اس لیے میں ظل محمد بھی ہوں اور ظل احمد بھی۔ درجہ رسالت میں' میں اور مرزا صاحب دونوں بھائی ہیں اور مساوی حیثیت رکھتے ہیں جو فرق کرے وہ کافر ہے۔ مامور من اللہ کو تیس یا چالیس مردوں کی قوت رجولیت حاصل ہوتی ہے اور بلا اجازت فراغت نہیں ہوتی۔ آسی صاحب کاویہ میں لکھتے ہیں کہ اس شخص نے اپنی کتاب قدسی فیصلہ میں اعلان کیا کہ میں نے خدا کے دربار میں حاضر ہو کر درخواست کی تھی۔ آلہی مسلمان مفلس ہو رہے ہیں اس لیے سود خواری کی ممانعت دور فرمائی جائے۔ جواب ملا کہ ساڑھے بارہ روپے سینکڑہ سود کی اجازت دیتا ہوں۔ اسی طرح حکم ملا کہ رمضان کے تین روزے کافی ہیں۔ عورتیں بے حجاب رہ سکتی ہیں۔ چونکہ میں بروز محمد ہوں اس لیے مجھے شریعت محمدی میں نسخ و تبدیل کا اختیار ہے۔ سنا جاتا ہے کہ پشاور اور کمل پور کے بہت سے مرزائی اس کے مرید ہیں۔

سید عابد علی

سید عابد علی نام ایک پرانا مرزائی ملہم قصبہ بدوملی ضلع سیالکوٹ میں رہتا تھا۔ اسے ایک مرتبہ ایسا دلچسپ الہام ہوا تھا جس سے مرزا غلام احمد کا قصر نبوت بالکل پیوند خاک ہو جاتا تھا لیکن توفیق ایزدی رہنمانہ ہوئی اس لیے باطل سے منہ موڑ کر اسلام کے سواد اعظم کی پیروی نہ کر سکا۔

قادیانی صاحب کی خانہ زاد شریعت میں کسی مرزائی کے لیے جائز نہیں کہ مسلمان کو لڑکی دے۔ لیکن سید عابد علی نے اپنے ایک الہام کے بموجب اس حکم پر خط تنسیخ کھینچ دیا اور مرزائی قیود سے آزاد ہو کر اپنی لڑکی ایک مسلمان سے بیاہ دی۔

عبداللطیف گناچوری

یہ بھی ایک مشہور مرزائی ہے۔ مدعی نبوت تھا۔ اس نے اپنے دعویٰ کی تائید میں ایک ضخیم کتاب "چشمہ نبوت" شائع کی۔ اس میں لکھتا ہے کہ مرزا صاحب کا نام زمین پر غلام احمد اور آسمان پر مسیح ابن مریم تھا۔ اس طرح خدا نے زمین پر میرا نام عبداللطیف اور آسمانوں میں محمد بن عبداللہ موعود رکھا ہے جس طرح مرزا صاحب روحانی اولاد بن کر سید ہاشمی بن گئے تھے۔ اسی طرح میں بھی آل رسول میں داخل ہوں۔ نعمت اللہ ولی کی پیشین گوئی کا مصداق میں ہوں۔ احادیث میں جو مہدی کے آنے کا ذکر ہے وہ میں ہوں۔ دانیال نبی نے میرا ہی زمانہ 1335ھ سے 1340ھ تک بتایا ہے ہم کسی مسلمان کو محض اس بنا پر کافر نہیں کہتے کہ اس نے ہم سے بیعت کیوں نہیں کی کیونکہ اس قسم کی باتیں فروعات میں داخل ہیں۔ احمدیوں کا یہ خیال صحیح نہیں ہے کہ مسیح اور مہدی دونوں کی ایک ہی شخصیت ہے کیونکہ مرزا صاحب فرما چکے ہیں کہ مجھ سے پہلے بھی مہدی آچکے ہیں اور بعد میں بھی آئیں گے۔ ان کے زمانے میں کوئی مہدی نہ تھا۔ اس لیے میں مہدی آخر الزمان ہوں۔ مرزا صاحب کو اٹھارہ سال تک اپنی رسالت کا یقین نہ تھا۔ آخر جب زور سے وحی آنے لگی تو یقین ہوا۔ میرے نوے معجزے ہیں۔ میری پیشین گوئیاں مرزا صاحب سے بھی بڑھ کر سچی نکلی ہیں چنانچہ ہندوستان میں وبائیں زلزلے اور سیاسی انقلابات میری پیشین گوئیوں کے مطابق آئے لیکن مرزا صاحب کی پیشین گوئیاں درست نہ نکلیں۔ اس نے اپنے لقب قمر الانبیاء رکھا ہوا تھا۔

ڈاکٹر محمد صدیق بہاری

مولوی محمد عالم صاحب آسی (امرتسر) نے اپنی کتاب الکاویہ کے چودہ پندرہ صفحے اسی شخص کے حالات کی نذر کر دیئے ہیں۔ میں اس کا اقتباس پیش کرتا ہوں۔ یہ شخص صوبہ بہار کے علاقہ گدک نگار ہنے والا مرزائیوں کی لاہوری پارٹی سے متعلق ہے۔ اس نے اپنی کتاب "ظہور بشویسور" میں لکھا ہے کہ مسیح قادیانی وشنو اوتار تھا۔ خلیفہ محمود ابن غلام احمد ویر بسنت ہے اور میں "چن بشویسور" ہوں۔ میرے ظہور کے بعد سات سال کے اندر مرزا محمود مر جائے گا۔ لیکن یہ پیشین گوئی پوری نہیں ہوئی۔ مولوی محمد عالم صاحب لکھتے ہیں کہ شاید اس سے اخلاقی موت مراد ہو۔ ڈاکٹر موصوف نے یہ بھی لکھا ہے کہ صوبہ بہار کے ہنود کی مذہبی کتابوں میں دو موعود

مذکور ہیں۔ اور ہندو لوگ ان کا سخت بے چینی سے انتظار کر رہے ہیں۔ کتب ہنود کے علامات مجھ پر صادق آتے ہیں۔ میں برہمچاری بن کر علاقہ کرنانک کو گیا اور آٹھ سال کی غیبوبت کے بعد ظاہر ہوا۔ پیٹھ پر سانپ کے منہ کا نشان بھی موجود ہے ہاتھ میں سنکھ بیل چکر وغیرہ نشانات بھی مجھ میں پائے جاتے ہیں۔ حضرت سرور دو جہاں ﷺ کے بعد صرف مجھے صدیق کا درجہ ملا ہے اور صدیق کا درجہ مہدی اور مسیح سے بھی فائق ہے۔ 8 اپریل 1886ء کو مرزا صاحب نے جس پسر موعود کی پیشین گوئی کی تھی وہ میں ہی یوسف موعود ہوں اس لیے بھیجا گیا ہوں کہ اہل قادیاں کی اصلاح کروں۔ قادیاں سے آواز اٹھ رہی ہے کہ حضرت خاتم النبین ﷺ کے بعد بھی نبوت جاری ہے۔ اسلام میں سرور دو جہاں ﷺ کی ذات گرامی پر اس سے بڑھ کر اور کوئی حملہ نہیں کہ حضور ﷺ کے بعد کوئی اور نبی کھڑا کیا جائے اور بیس کروڑ مسلمانوں کو مرزا صاحب کی نبوت کا انکار کرنے کی وجہ سے خارج از اسلام تصور کیا جائے۔ میں اسی توہین آمیز عقیدہ کے مٹانے کی غرض سے مبعوث ہوا ہوں۔ محمودیوں اور پیغامیوں (قادیانی مرزائیوں اور لاہوری مرزائیوں) میں جھگڑا تھا اس لیے میں حکم بن کر آیا ہوں۔ میرے نشانات کئی ہزار ہیں صرف اخلاقی نشان چون نہیں۔ یہ نعمت سیدنا محمد ﷺ کی محبت میں فنا ہونے اور قادیاں کا خلاف کرنے سے ملی۔ غیرت الٰہی نے میرے لیے مرزا صاحب کے نشانات سے بڑھ کر نشانات ظاہر کئے میری بعثت کے بغیر قادیاں کی اصلاح ناممکن تھی۔ میں نے تلاش حق میں مرزا محمود کے ہاتھ پر بیعت بھی کی تھی لیکن عقائد پسند نہ آنے پر بیعت فسخ کر دی اور قادیاں سے نکالا گیا۔ اب میں مسلسل بارہ سال سے محمودی عقائد کی تردید کر رہا ہوں۔

احمد سعید سمبھڑیالی

سمبھڑیال ضلع سیالکوٹ کے احمد سعید مرزائی سابق اسسٹنٹ انسپکٹر مدارس نے بھی قدرت ثانیہ ہونے کا دعویٰ کیا اور اپنا لقب "یوسف موعود" رکھا۔ مولوی محمد عالم صاحب آسی لکھتے ہیں کہ اس شخص نے اپنے الہام "پیراہن یوسفی" نام ایک کتاب میں جمع کئے ہیں۔ اس میں لکھا ہے کہ ایک دفعہ میں نہایت غمزدہ رو رہا تھا۔ اس اثناء میں حضرت مریم علیہا السلام تشریف لائیں۔ اور میرے سر پر ہاتھ رکھ کر فرمایا بچہ مت روؤ۔ ایک مرتبہ احمد سعید نے اپنا یہ الہام چوک فرید امرتسر میں بیان کیا تو مسلمانوں نے چاروں طرف سے خشت باری شروع کر دی۔ بے اوسان بھاگا۔ بچوں نے بچہ رونہ 'بچہ رونہ۔ کہہ کر اسے چھیڑنا اور ستانا شروع کیا یہ بدبخت حسب بیان آسی صاحب اپنی ایک تصنیف میں لکھتا ہے کہ مسلمانوں کی موجودہ رشتہ داریاں سب ناجائز ہیں اور (معاذ اللہ) ولد الزنا ہیں۔ آئندہ کے لیے میں حکم دیتا ہوں کہ غیر قوموں سے رشتے ناطے کریں اگر معاذ اللہ تمام

مسلمان ایسے ہیں تو معلوم نہیں کہ یہ نانجار ولد الحلال کیسے ہو گیا؟ اس کے گلے میں ایک گلٹی ہے جسے وہ مہر نبوت سے تعبیر کرتا ہے۔

احمد نور کابلی

قادیاں کا سرمہ فروش احمد نور کابلی مرزا غلام احمد کے حاشیہ نشینوں میں سے تھا۔ مولوی محمد عالم صاحب آسی لکھتے ہیں کہ کی ناک پر پھوڑا تھا۔ جب کسی طرح اچھا نہ ہوا تو عمل جراحی کرایا۔ جب ناک کاٹی گئی تو درجہ نبوت پر فائز ہو گیا۔ اس نے ایک ٹریکٹ زیر عنوان لکل امته اجل شائع کیا ہے جس میں لکھتا ہے۔ اے لوگو! میں اللہ کا رسول ہوں۔ دین اسلام میری ہی متابعت میں دائرو سائر ہے۔ مجھے نہ ماننا دین سے خارج ہونا ہے۔ میں روحانی سورج ہوں' میں رحمتہ للعالمین ہوں' میرا نام محمد رسول اللہ ہے۔ میں سفید مینار سے نازل ہوا۔ جملہ انبیاء کا مظہر ہوں۔ قرآن کو ستاروں سے لایا ہوں۔ خدا نے مجھے الہام کیا تھا۔ اس الہام میں خدا نے مجھے فرمایا تھا کہ تجھے خلیفہ محمود کے عہد خلافت میں قادیاں میں مبعوث کیا جائے گا۔ خدا نے آیت هو الذی بعث فی الامیین رسول میں فرمایا ہے کہ خدا نے افغانوں میں ایک رسول بھیجا ہے۔ میں شرعی رسول ہوں۔ اب خدا نے قرآن مجھ پر نازل کیا ہے۔ مجھے کلمہ طیبہ لا الہ الا اللہ احمد نور رسول اللہ دیا گیا ہے۔ خدا نے میرے ساتھ بکثرت کلام کیا ہے۔ میری وحی کی تعداد دس ہزار تک پہنچتی ہے جو شخص میرا انکار کرے گا وہ لعنت کی موت مرے گا۔ وغیر ذالک من الخرافات.

نبی بخش مرزائی

یہ شخص موضع معراج کے تحصیل پسرور ضلع سیالکوٹ کا ایک پرانا مرزائی تھا۔ اس نے 1911ء میں ایک اعلان شائع کیا۔ جس میں لکھا۔ اے ہر مذہب وملت کے دوستو! آپ پر واضح ہو کہ اس عاجز پر ستائیس سال سے اللہ تعالیٰ کی طرف سے الہام کا سلسلہ جاری ہے اس عرصہ میں اس عاجز کی بے شمار پیشین گوئیاں پوری ہو چکی ہیں۔ مجھے ایک روشن نور اپنی طرف کھینچ کھینچ کر مقام محمود کی طرف لے جا رہا ہے۔ مجھے سلطان العارفین کا درجہ دیا گیا ہے۔ مجھے چار سال سے تبلیغ کا حکم ہو رہا ہے۔ میں نے عرض کیا۔ الٰہی میں امی ہوں۔ حکم ہوا جس طرح محمد رسول اللہ ﷺ تبلیغ کرتے تھے تو بھی تبلیغ کر۔ اس کے بعد یہ عاجز ان الفاظ سے مخاطب کیا گیا۔ یاایها الصدیق یوسف انی معک اسی طرح بار بار حکم ہوتا رہا۔ یہ عاجز فکر مند تھا اور سوچ رہا تھا کہ میں اس قابل نہیں ہوں لیکن مجھے سمجھایا گیا کہ نبوت کا سلسلہ بدستور جاری ہے۔ تم دنیا کے طعنوں سے نہ ڈرو۔ نبوت کا

Marfat.com

تاج تمہارے سر پر رکھ دیا گیا ہے۔ وقت قریب آرہا ہے کہ تجھ سے عملاً تعمیل کرائیں گے۔ نبوت کا تاج تیرے سر پر رکھ دیا گیا ہے۔ دعوائے نبوت کے واسطے تیار ہو جا۔ مدعی نبوت کا فرض ہے میدان میں نکل پڑے۔ میں تیری مدد کے لیے فرشتوں کی فوج تیار رکھوں گا۔ ہر وقت تجھے مدد دیتا رہوں گا۔ موسیٰ مرسل کی طرح میدان میں ہوشیار رہنا۔ بڑے بڑے فرعون تیرے سامنے آئیں گے مگر سب منہ کی کھائیں گے۔ تیرے خاندان کے لوگ اس دعویٰ کو تسلیم نہیں کریں گے۔ مگر کسی کی پروانہ کرنا۔ آنے والی نسلیں افسوس کریں گی کہ لوگ تجھ پر ایمان نہ لائے۔ حالات سن سن کر رویا کریں گے۔ بادشاہ تیرے کپڑوں سے برکت ڈھونڈیں گے۔ تو ابراہیمی نسل ہے تو خاندان نبوت سے ہے۔

عبداللہ پٹواری

چیچاوطنی ضلع منٹگمری میں عبداللہ نام ایک مرزائی پٹواری رہتا تھا۔ قادیاں کے چشمہ الحاد سے دجالی کا فیض پانے کے بعد کفریات و شطحیات بکنے میں اپنے پیر و مرشد کا ہمسر تھا۔ اس نے اپنا لقب رجل یسعی احمد رسول رکھا تھا۔ اپنے اعلان میں لکھتا ہے۔ میں رسول اللہ بھیجا گیا طرف تمہارے رب تمہارے سے۔ ہدے بنو اسلام کے پیروں مرشدوں مولویوں کی خود ساختہ شریعت کے پیچھے نہ جاؤ۔ وہ سب احکام بلاوحی ہیں۔ جن کا ثبوت نہ کتاب سے دیتے ہیں۔ یعنی کلمہ درود و سنت نفل 'نعت 'غزل 'مولود 'نماز تراویح 'نماز عیدین 'نماز جنازہ اور عرس مردہ اولیاء پر کھانا کھلانا وغیرہ۔ لا الہ الا اللہ کے ساتھ محمد رسول اللہ کہنا شرک ہے۔ کتاب "ہدایۃ للعالمین" میں لکھتا ہے کہ الرسول یدعوکم اور اطیعو الرسول میں میری طرف اشارہ ہے اور لکھتا ہے کہ میں نے خواب میں اپنی والدہ مرحومہ کو دیکھا اور کہا کہ خدا نے مجھے مسیح ابن مریم بنا کر بھیجا ہے۔ یہ سن کر والدہ حیران رہ گئیں اور کہنے لگیں کہ بیٹا کل تو تو یہ کہتا تھا کہ مسیح آئے گا اور آج خود مسیح بن بیٹھا ہے۔ جب بیدار ہوا تو یقین ہو گیا کہ کسی بدروح نے مجھ سے مسیح ہونے کا دعویٰ کرایا تھا۔ اسی خبیث روح نے مرزا غلام احمد صاحب قادیانی سے بھی مسیحیت کا دعویٰ کرایا تھا حالانکہ وہ اس سے پیشتر خود لکھ چکے تھے کہ حضرت مسیح آسمان سے نازل ہوں گے۔ مجھے الہام ہوا کہ مرزا صاحب ابن مریم نہیں ہیں اور ان کی آمد کا کوئی حکم نہیں ہے۔ مرزا صاحب جیسے فرضی مریم نے اسی طرح ابن مریم بھی بنے۔ جو ماں ہے وہ بیٹا نہیں ہو سکتی اور جو بیٹا ہے وہ ماں نہیں ہو سکتا۔ مرزا صاحب نے لکھا ہے کہ ابن مریم کے ذکر کو چھوڑو اس سے بہتر غلام احمد ہے۔ اور مرزا محمود احمد لکھتا ہے کہ مرزا صاحب ہی احمد رسول ہیں۔ یہ دونوں باتیں لغو ہیں۔

Marfat.com

فضل احمد چنگابنگیالی

فضل احمد مرزائی موضع چنگابنگیال ضلع راولپنڈی کا ایک مشہور مرزائی ہے۔اس کا دعویٰ ہے کہ میں مرزا صاحب کا ظہور ہوں۔ کہتا ہے کہ مرزا صاحب کی عمر اسی سال کی تھی لیکن جب وہ اپنی عمر کے ساٹھ سال گزار چکے تو باقی ماندہ بست سالہ عمر مجھے تفویض فرما کر وادی آخرت کو چل دیئے۔ اب میں ہی حقیقی مرزا صاحب ہوں۔ اس شخص کا ایک مضحکہ خیز مضمون جو سراسر تعلیوں لن ترانیوں اور ملحدانہ خیالات سے مملو تھا۔1934ء کے اواخر میں جریدۂ "زمیندار" میں شائع ہوا تھا۔

غلام محمد مصلح موعود و قدرت ثانی

یہ وہی شخص ہے جس نے ڈیڑھ دو سال پیشتر لاہوری مرزائیوں کے خلاف اودھم مچا رکھا تھا اور مسٹر محمد علی امیر جماعت لاہور کے اسرار و خفایا کو الم نشرح کر کے لاہوری مرزائیوں کا ناطقہ بند کر دیا تھا۔ معلوم ہوتا ہے کہ یہ شخص قادیانی مرزائیوں کا ایجنٹ ہے جو مسٹر محمد علی کی تخریب کے درپے رہتا ہے۔ اس نے اپنے مصلح موعود اور قدرت ثانی ہونے کے متعلق متعدد کتابیں شائع کی ہیں۔ یہ شخص شروع میں مسلم ہائی سکول لاہور میں میٹرک کا امتحان پاس کر کے لاہوری مرزائیوں کے اخبار "پیغام صلح" کی ملازمت میں منسلک ہو گیا تھا مگر اس کے بعد مرزائی ہوا کا رخ پہچان کر اسے ارتقاء منازل کی سوجھی چنانچہ معاً الہامی تالاب میں غوطے کھانے لگا۔

Marfat.com

Marfat.com

جھوٹے نبی

طلوع اسلام کے بعد سے عہد حاضر تک گمراہی کے اندھیرے
پھیلانے والے جھوٹے نبیوں اور مہدیوں کا عبرت ناک انجام